Quran Collection Quranpdf.blogspot.in
We Are Muslims Momeen.blogspot.in

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کنز الایمان

ترجمۃ القرآن

خزائن العرفان فی تفسیر القرآن

ترجمہ اعلیٰحضرت امام احمد رضا خان بریلوی

از حضرت صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ

WWW.NAFSEISLAM.COM

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی ○ پاکستان

Al-Quran-ul-Kareem

Kanz-ul-Eeman: **The Urdu Translation by "AalaHazrat Imam Ahmad Raza Khan"**

Khazain-ul-Irfan: **The Urdu Tafsir by "Naeem ud Din Muradabadi"**

قرآن الکریم ۔ ترجمہ کنزالایمان امام احمد رضا خان بریلوی ۔ تفسیر خزائن العرفان نعیم الدین مرادآبادی رحمہ اللہ علیہما

۔ ضیاء القرآن پبلیکیشنز ۔

۱ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ ۵

وَهِيَ سَبْعُ اٰيَاتٍ بِسْمِ اللّٰهِ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ فاتحہ مکی ہے اس کی سات آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بہت مہربان رحمت والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲

سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا بہت مہربان رحمت والا

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ

روز جزا کا مالک ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے

نَسْتَعِيْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵ صِرَاطَ

مدد چاہیں ہم کو سیدھا راستہ چلا راستہ

الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

ان کا جن پر تو نے احسان کیا نہ ان کا جن پر غضب ہوا

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷ ع

اور نہ بہکے ہوؤں کا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علی حبیبہ الکریم سورۂ فاتحہ کے اسماء اس سورۃ کے متعدد نام ہیں فاتحہ، فاتحۃ الکتاب، ام القرآن، سورۃ الکنز، کافیہ، وافیہ، شافیہ، شفا، سبع مثانی، نور، رقیہ، سورۃ الحمد، سورۃ الدعا، تعلیم المسئلہ، سورۃ المناجاۃ، سورۃ التفویض، سورۃ السوال، ام الکتاب، فاتحۃ القرآن، سورۃ الصلوٰۃ۔ اس سورۃ میں سات آیتیں، ستائیس کلمے، ایک سو چالیس حرف ہیں۔ کوئی آیت ناسخ یا منسوخ نہیں شان نزول یہ سورۃ مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ یا دونوں میں نازل ہوئی۔ عمرو بن شرحبیل سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا میں ایک ندا سنا کرتا ہوں جس میں اقرا کہا جاتا ہے ورقہ بن نوفل کو خبر دی گئی، عرض کیا جب یہ ندا آئے آپ باطمینان سنیں اس کے بعد حضرت جبریل نے حاضر خدمت ہو کر عرض کیا، فرمایئے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حمد للہ رب العالمین اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نزول میں یہ پہلی سورت ہے مگر دوسری روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے سورۂ اقراء نازل ہوئی، اس سورت میں تعلیماً بندوں کی زبان میں کلام فرمایا گیا ہے احکام مسئلہ نماز میں اس سورت کا پڑھنا واجب ہے، امام و منفرد کے لئے تو حقیقتاً اپنی زبان سے اور مقتدی کے لئے بقرأت حکمیہ یعنی امام کی زبان سے۔ صحیح حدیث میں ہے قراءۃ الامام لہ قراءۃ امام کا پڑھنا ہی مقتدی کا پڑھنا ہے۔ قرآن پاک میں مقتدی کو خاموش رہنے اور امام کی قرأت سننے کا حکم دیا ہے۔ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا مسلم شریف کی حدیث ہے اِذَا قَرَأَ فَاَنْصِتُوْا جب امام قرأت کرے تم خاموش رہو اور بہت احادیث میں یہی مضمون ہے مسئلہ نماز جنازہ میں دعا یاد نہ ہو تو سورۂ فاتحہ بہ نیت دعا پڑھنا جائز ہے بہ نیت قرأت جائز نہیں (عالمگیری) سورۂ فاتحہ کے فضائل، احادیث میں اس سورۃ کی بہت سی فضیلتیں وارد ہیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تورات و انجیل و زبور میں اس کی مثل سورت نہ نازل ہوئی (ترمذی) ایک فرشتہ نے آسمان سے نازل ہو کر حضور پر سلام عرض کیا اور دو ایسے نوروں کی بشارت دی جو حضور سے پہلے کسی نبی کو عطا نہ ہوئے، ایک سورۂ فاتحہ، دوسرے سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں (مسلم شریف) سورۂ فاتحہ ہر مرض کے لئے شفا ہے (دارمی) سورۂ فاتحہ سو مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگے اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے (دارمی) استعاذہ مسئلہ تلاوت سے پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھنا سنت ہے (خازن) لیکن شاگرد استاد سے پڑھتا ہو تو اس کے لئے سنت نہیں (شامی) مسئلہ نماز میں امام و منفرد کے لئے سبحانک سے فارغ ہو کر آہستہ اعوذ الخ پڑھنا سنت ہے (شامی) تسمیہ مسئلہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قرآن پاک کی آیت ہے، مگر سورۂ فاتحہ یا اور کسی سورہ کا جزو نہیں،

مدنیۃ ۲ البقرۃ ۸۷

وھی مائتان وست وثمانون آیۃ واربعون رکوعا

سورۃ بقرہ مدنی ہے اس میں دو سو چھیاسی آیتیں اور چالیس رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ف اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

الٓمّٓ ۝۱ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى

ف وہ بلند رتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں ف اس میں ہدایت ہے

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۲ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ

ڈر والوں کو ف وہ جو بے دیکھے ایمان لائیں ف اور

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۳

نماز قائم رکھیں ف اور ہماری دی ہوئی روزی میں سے ہماری راہ میں اٹھائیں ف

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ

اور وہ کہ ایمان لائیں اس پر جو اے محبوب تمہاری طرف اترا اور جو تم سے

مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝۴

پہلے اترا ف اور آخرت پر یقین رکھیں ف

اسی لئے نماز میں جہر کے ساتھ نہ پڑھی جائے۔ بخاری و مسلم میں مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت صدیق و فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما نماز الحمد للہ رب العالمین سے شروع فرماتے تھے مسئلہ تراویح میں جو ختم کیا جاتا ہے اس میں کہیں ایک مرتبہ بسم اللہ جہر کے ساتھ ضرور پڑھی جائے تاکہ ایک آیت باقی نہ رہ جائے مسئلہ قرآن پاک کی ہر سورت بسم اللہ سے شروع کی جائے سوائے سورۂ برأت کے مسئلہ سورۂ نمل میں آیت سجدہ کے بعد جو بسم اللہ آئی ہے وہ مستقل آیت نہیں بلکہ جزو آیت ہے۔ بلا خلاف اس آیت کے ساتھ ضرور پڑھی جائے گی نماز جہری میں جہراً، سری میں سراً مسئلہ ہر مباح کام بسم اللہ سے شروع کرنا مستحب ہے، ناجائز کام پر بسم اللہ پڑھنا ممنوع ہے سورۂ فاتحہ کے مضامین اس سورت میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا ربوبیت رحمت مالکیت استحقاق عبادت توفیق خیر، بندوں کی ہدایت توجہ الی اللہ اخلاص عبادت، استعانت طلب رشد آداب دعا صالحین کے حال سے سوائے گمراہوں سے اجتناب و نظرت دنیا کی زندگانی کا خاتمہ جزاء اور روز جزاء کا مصرح و مفصل بیان ہے اور جملہ مسائل کا اجمالاً "حمد" مسئلہ ہر کام کی ابتداء میں تسمیہ کی طرح حمد الٰہی بجالانا چاہئے مسئلہ کبھی حمد واجب ہوتی ہے۔ جیسے خطبہ جمعہ میں، کبھی مستحب جیسے خطبہ نکاح و دعا و ہر امر ذیشان میں اور ہر کھانے پینے کے بعد بھی سنت مؤکدہ جیسے چھینک آنے کے بعد (طحطاوی) رب العالمین "میں تمام کائنات کے حادث ممکن محتاج ہونے اور اللہ تعالیٰ کے واجب قدیم ازلی ابدی حی قیوم قادر علیم ہونے کی طرف اشارہ ہے جن کو رب العالمین مستلزم ہے دو لفظوں میں علم الٰہیات کے اہم مباحث طے ہو گئے مالک یوم الدین "ملک کے الفاظ تمام کائنات اور یہ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں کیونکہ سب اس کے مملوک ہیں اور مملوک مستحق عبادت نہیں ہو سکتا اسی سے معلوم ہوا کہ دنیا دار العمل ہے اور اس کے لئے ایک آخرت ہے جہاں کے سلسلہ کو ازلی و قدیم کہنا باطل ہے اختتام دنیا کے بعد ایک جزاء کا دن ہے اس سے تناسخ باطل ہو گیا "ایاک نعبد" ذکر ذات و صفات کے بعد یہ فرمایا اشارہ کرتا ہے کہ اعتقاد عمل پر مقدم ہے اور عبادت کی مقبولیت عقیدے کی صحت پر موقوف ہے۔ مسئلہ "نعبد" کے صیغہ جمع سے ادائے جماعت بھی مستفاد ہوتی ہے، اور یہ بھی کہ عوام کی عبادتیں محبوبوں اور مقبولوں کی عبادتوں کے ساتھ درجہ قبول پاتی ہیں مسئلہ اس میں رد شرک بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کسی کے لئے نہیں ہو سکتی "ایاک نستعین" میں یہ تعلیم فرمائی کہ مستعانت خواہ بواسطہ ہو یا بے واسطہ ہر طرح اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے حقیقی مستعان وہی ہے باقی آلات و خدام و احباب وغیرہ سب عون الٰہی کے مظہر

بقیہ صفحہ نمبر ۱۰۹۲

أُولَٰٓئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٥﴾

وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی مراد کو پہنچنے والے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ

بیشک وہ جن کی قسمت میں کفر ہے ف۱ انہیں برابر ہے، چاہے تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ، وہ

لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٦﴾ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَ

ایمان لانے کے نہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر مہر کر دی اور

عَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٧﴾ وَمِنَ

ان کی آنکھوں پر پردہ ہے۔ ف۱۱ اور ان کے لئے بڑا عذاب۔ اور کچھ

النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُم

لوگ کہتے ہیں ف۱۲ کہ ہم اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے اور وہ ایمان

بِمُؤْمِنِينَ ﴿٨﴾ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَمَا يَخْدَعُونَ

والے نہیں۔ فریب دیا چاہتے ہیں اللہ اور ایمان والوں کو ف۱۳ اور حقیقت میں فریب نہیں

إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿٩﴾ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ

دیتے مگر اپنی جانوں کو اور انہیں شعور نہیں۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے ف۱۴ تو اللہ نے ان کی

اللَّهُ مَرَضًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۢ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ﴿١٠﴾ وَ

بیماری اور بڑھائی اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے، بدلا ان کے جھوٹ کا ف۱۵ اور جو

(۱۰) اولیاء کے بعد اعداء کا ذکر فرمانا حکمت ہدایت ہے کہ اس مقابلہ سے ہر ایک کو اپنے کردار کی حقیقت اور اس کے نتائج پر نظر ہو جائے شان نزول یہ آیت ابو جہل ابو لہب وغیرہ کفار کے حق میں نازل ہوئی جو علم الٰہی میں ایمان سے محروم ہیں اسی لئے ان کے حق میں اللہ تعالیٰ کی مخالفت سے ڈرانا نہ ڈرانا دونوں برابر ہیں انہیں نفع نہ ہوگا مگر حضور کی سعی بیکار نہیں کیونکہ منصب رسالت عامہ کا فرض رہنمائی و اقامت حجت و تبلیغ حق وجہ الکمال ہے مسئلہ اگر قوم پذیرا نہ ہو تب بھی ہادی کو ہدایت کا ثواب ملے گا اس آیت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تسکین خاطر ہے کہ کفار کے ایمان نہ لانے سے آپ مغموم نہ ہوں آپ کی سعی تبلیغ کامل ہے اس کا جرمانہ کا محروم تو یہ بدنصیب ہیں جنہوں نے آپ کی اطاعت نہ کی۔ کفر کے معنی اللہ تعالیٰ کے وجود یا اس کی وحدانیت یا کسی نبی کی نبوت یا ضروریات دین سے کسی امر کا انکار یا کوئی ایسا فعل جو صراحۃً انکار کی دلیل ہو کفر ہے۔ (۱۱) خلاصہ مطلب یہ ہے کہ کفار ضلالت و گمراہی میں ایسے ڈوبے ہوئے ہیں کہ حق کے دیکھنے سننے سمجھنے سے اس طرح محروم ہو گئے جیسے کسی کے دل اور کانوں پر مہر لگی ہو اور آنکھوں پر پردہ پڑا ہو مسئلہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ بندوں کے افعال بھی تحت قدرت الٰہی ہیں۔ (۱۲) اس سے معلوم ہوا کہ ہدایت کی راہیں ان کے لئے اول ہی سے بند نہیں کہ جائے عذر ہوتی، بلکہ ان کے کفر و عناد اور سرکشی و بے دینی اور مخالفت حق و عداوت انبیاء علیہم السلام کا یہ انجام ہے جیسے کوئی شخص طبیب کی مخالفت کرے اور زہر قاتل کھالے اور اس کے لئے دوا سے انتفاع کی صورت نہ رہے تو خود ہی مستحق ملامت ہے۔ (۱۳) شان نزول یہاں سے تیرہ آیتیں منافقین کی شان میں نازل ہوئیں جو باطن میں کافر تھے اور اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا مَا هُمْ بِمُؤْمِنِينَ وہ ایمان والے نہیں یعنی کلمہ پڑھنا اسلام کا مدعی ہونا نماز روزہ ادا کرنا مومن ہونے کے لئے کافی نہیں جب تک دل میں تصدیق نہ ہو۔ مسئلہ اس سے معلوم ہوا کہ جتنے فرقے ایمان کا دعویٰ کرتے ہیں اور کفر کا انتفاء رکھتے ہیں سب کا یہی حکم ہے کہ کافر خارج از اسلام ہیں شرع میں ایسوں کو منافق کہتے ہیں ان کا ضرر کھلے کافروں سے زیادہ ہے جیسا النساء میں فرمانے میں لطیف رمز یہ ہے کہ یہ گروہ بہتر صفات و افضل کمالات سے ایسا عاری ہے کہ اس کا ذکر کسی وصف خوبی کے ساتھ نہیں کیا جاتا، یوں کہا جاتا ہے کہ وہ بھی آدمی ہیں مسئلہ اس سے معلوم ہوا کہ کسی کو بشر کہنے میں اس کے فضائل و کمالات کے انکار کا پہلو نکلتا ہے اس لئے قرآن پاک میں جابجا انبیاء کرام کے بشر کہنے والوں کو کافر فرمایا گیا اور درحقیقت انبیاء کی شان میں ایسا لفظ ادب سے دور اور کفار کا

إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ

ان سے کہا جائے زمین میں فساد نہ کرو ۔ ف۱۶ تو کہتے ہیں ہم تو سنوارنے

مُصْلِحُونَ ﴿۱۱﴾ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ﴿۱۲﴾

والے ہیں ۔ سنتا ہے وہی فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں ،

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ قَالُوا أَنُؤْمِنُ كَمَا

اور جب ان سے کہا جائے ایمان لاؤ جیسے اور لوگ ایمان لائے ہیں تو کہیں کیا ہم احمقوں کی طرح

آمَنَ السُّفَهَاءُ ۗ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ ﴿۱۳﴾

ایمان لے آئیں ف۱۸ سنتا ہے وہی احمق ہیں مگر جانتے نہیں ف۱۹

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ شَيَاطِينِهِمْ

اور جب ایمان والوں سے ملیں تو کہیں ہم ایمان لائے اور جب اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوں ف۲۰

قَالُوا إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ ﴿۱۴﴾ اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ

تو کہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں ، ہم تو یونہی ہنسی کرتے ہیں ف۲۱ اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے ف۲۲ جیسا اس کی

بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿۱۵﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے

اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَت تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا

ہدایت کے بدلے گمراہی خرید لی ف۲۳ تو ان کا سودا کچھ نفع نہ لایا اور وہ سودے کی راہ

بقیہ صفحہ ۴ = دستور ہے، بعض مفسرین نے فرمایا مِنَ النَّاسِ منافقین کو تعجب دلانے کے لئے فرمایا گیا کہ ایسے فریبی مکار اور ایسے احمق بھی آدمیوں میں ہیں (۱۴) اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے کہ اس کو کوئی دھوکا دے سکے وہ اسرار و خفیات کا جاننے والا ہے مراد یہ ہے کہ منافق اپنے گمان میں خدا کو فریب دینا چاہتے ہیں یا یہ کہ خدا کو فریب دینا کیسا ہے کہ رسول علیہ السلام کو دھوکا دینا چاہیں کیونکہ وہ اس کے خلیفہ ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو اسرار کا علم عطا فرمایا ہے، وہ ان منافقین کے چھپے کفر پر مطلع ہیں اور مسلمین ان کے اطلاع دینے سے باخبر تو ان سب دونوں کا فریب نہ خدا پر چلے نہ رسول پر نہ مومنین پر بلکہ در حقیقت وہ اپنی جانوں کو فریب دے رہے ہیں مسئلہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ تقیہ بڑا عیب ہے جس مذہب کی بنا تقیہ پر ہو وہ باطل ہے تقیہ والے کا حال قابل اعتماد نہیں ہوتا۔ توبہ ناقابل اطمینان ہوتی ہے اس لئے علماء نے فرمایا لَا تُقْبَلُ تَوْبَةُ الزِّنْدِيْقِ (۱۵) بد عقیدگی کو قلبی مرض فرمایا گیا اس سے معلوم ہوا کہ بد عقیدگی روحانی زندگی کے لئے تباہ کن ہے۔ مسئلہ اس آیت سے ثابت ہوا کہ جھوٹ حرام ہے اس پر عذاب الیم مرتب ہوتا ہے (۱۶) مسئلہ کفار سے میل جول ان کی خاطر دین میں بدعت اور اہل باطل کے ساتھ تملق و چاپلوسی اور ان کی خوشی کے لئے صلح کل بن جانا اور اظہار حق سے باز رہنا شان منافق اور حرام ہے۔ اسی کو منافقین کا فساد فرمایا گیا آج کل بہت لوگوں نے یہ شیوہ کر لیا ہے کہ جس جلسہ میں گئے ویسے ہی ہو گئے، اسلام میں اس کی ممانعت ہے ظاہر و باطن کا یکساں نہ ہونا بڑا عیب ہے (۱۷) یہاں اَلنَّاسُ سے یا صحابہ کرام مراد ہیں یا مومنین کیونکہ خدا شناسی فرمانبرداری و عاقبت اندیشی کی بدولت وہی انسان کہلانے کے مستحق ہیں مسئلہ اٰمِنُوْا كَمَا اٰمَنَ سے ثابت ہوا کہ صالحین کا اتباع محمود و مطلوب ہے مسئلہ یہ بھی ثابت ہوا کہ مذہب اہل سنت حق ہے کیونکہ اس میں صالحین کا اتباع ہے مسئلہ باقی تمام فرقے صالحین سے منحرف ہیں لہٰذا گمراہ ہیں مسئلہ بعض علماء نے اس آیت کو زندیق کی توبہ مقبول ہونے کی دلیل قرار دیا ہے (بیضاوی) زندیق وہ ہے جو نبوت کا منکر ہو شعائر اسلام کا اظہار کرے اور باطن میں ایسے عقیدے رکھے جو بالاتفاق کفر ہوں یہ بھی منافقوں میں داخل ہے (۱۸) اس سے معلوم ہوا کہ صالحین کو برا کہنا اہل باطل کا قدیم طریقہ ہے۔ آج کل کے باطل فرقے بھی پچھلے بزرگوں کو برا کہتے ہیں روافض خلفائے راشدین اور بہت صحابہ کو خوارج حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے رفقاء کو غیر مقلد ائمہ مجتہدین بالخصوص امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو وہابیہ بکثرت اولیاء و مقبولان بارگاہ کو مردانی انبیاء سابقین تک کو قرآنی (چکڑالی) صحابہ و محدثین کو نیچری تمام اکابر دین کو برا کہتے

مُهْتَدِيْنَ ﴿١٦﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ

جانتے ہی نہ تھے ف۱۷ ان کی کہاوت اس کی طرح ہے جس نے آگ روشن کی ۔ تو جب

اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ

اس سے آس پاس سب جگمگا اٹھا اللہ ان کا نور لے گیا اور انہیں اندھیریوں میں چھوڑ دیا

لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿١٨﴾ اَوْ كَصَيِّبٍ

کہ کچھ نہیں سوجھتا ف۱۸ بہرے گونگے اندھے تو وہ پھر آنے والے نہیں ۔ یا جیسے آسمان سے

مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ

اترتا پانی کہ اس میں اندھیریاں ہیں اور گرج اور چمک ف۱۹ اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ

رہے ہیں کڑک کے سبب موت کے ڈر سے ف۲۰ اور اللہ کافروں کو

بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ

گھیرے ہوئے ہے ف۲۱ بجلی یوں معلوم ہوتی ہے کہ ان کی نگاہیں اچک لے جائے گی ف۲۲ جب کچھ چمک ہوئی

مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ

اس میں چلنے لگے ف۲۳ اور جب اندھیرا ہوا کھڑے رہ گئے اور اللہ چاہتا تو ان کے کان اور

بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ يٰٓاَيُّهَا

آنکھیں لے جاتا ف۲۴ بیشک اللہ سب کچھ کر سکتا ہے ف۲۵ اے لوگو! ف۲۶

ع ١٣ ٢

بقیہ صفحہ ۵ = اور زبان طعن دراز کرتے ہیں اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ سب گمراہی میں ہیں اس میں وعید ظالموں کے لئے تسلی ہے کہ وہ گمراہوں کی بدزبانیوں سے بدل رنجیدہ نہ ہوں سمجھ لیں کہ یہ اہل باطل کا قدیم دستور ہے (مدارک) (۱۹) منافقین کی یہ بدزبانی مسلمانوں کے سامنے نہ تھی، ان سے تو وہ یہی کہتے تھے کہ ہم باخلاص مومن ہیں جیسا کہ اگلی آیت میں ہے اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا یہ تمسخر بازیاں اپنی خاص مجلسوں میں کرتے تھے اللہ تعالیٰ نے ان کا پردہ فاش کر دیا (خازن) اسی طرح آج کل کے گمراہ فرقے مسلمانوں سے اپنے خیالات فاسدہ کو چھپاتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ ان کی کتابوں اور تحریروں سے ان کے راز فاش کر دیتا ہے۔ اس آیت سے مسلمانوں کو خبردار کیا جاتا ہے کہ بے دینوں کی فریب کاریوں سے ہوشیار رہیں، دھوکا نہ کھائیں۔ (۲۰) یہاں شیاطین سے کفار کے وہ سردار مراد ہیں جو اغوا میں مصروف رہتے ہیں۔ (خازن و بیضاوی) یہ منافق جب ان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں اور مسلمانوں سے ملنا محض براہ فریب و استہزاء اس لئے ہے کہ ان کے راز معلوم ہوں اور ان میں فساد انگیزی کے مواقع ملیں (خازن) (۲۱) یعنی اظہار ایمان تمسخر کے طور پر کیا یہ اسلام کا انکار ہوا مسئلہ انبیاء علیہم السلام اور دین کے ساتھ استہزاء و تمسخر کفر ہے شان نزول یہ آیت عبداللہ بن ابی وغیرہ منافقین کے حق میں نازل ہوئی ایک روز انہوں نے صحابہ کرام کی ایک جماعت کو آتے دیکھا تو ابن ابی نے اپنے یاروں سے کہا دیکھو تو میں کیسا بناتا ہوں جب وہ حضرات قریب پہنچے تو ابن ابی نے پہلے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دست مبارک اپنے ہاتھ میں لے کر آپ کی تعریف کی پھر اسی طرح حضرت عمر اور حضرت علی کی تعریف کی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اے ابن ابی خدا سے ڈر نفاق سے باز آ کیونکہ منافقین بدترین خلق ہیں اس پر وہ کہنے لگا کہ یہ باتیں ڈر نفاق سے نہیں کی گئیں بخدا ہم آپ کی طرح مومن صادق ہیں، جب یہ حضرات تشریف لے گئے تو آپ اپنے یاروں میں اپنی چالبازی پر فخر کرنے لگا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ منافقین مومنین سے ملتے وقت اظہار ایمان و اخلاص کرتے ہیں اور ان سے علیحدہ ہو کر اپنی خاص مجلسوں میں ان کی ہنسی اڑاتے اور استہزاء کرتے ہیں (لاخرجہ الثعلبی والواحدی وضعفہ، ابن حجر والسیوطی فی لباب النقول) مسئلہ اس سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام و پیشوایان دین کا تمسخر اڑانا کفر ہے (۲۲) اللہ تعالیٰ استہزاء اور تمام نقائص و عیوب سے منزہ و پاک ہے یہاں جزاء استہزاء کو استہزاء فرمایا گیا تاکہ خوب دلنشیں ہو جائے کہ یہ سزا اس ناکردنی فعل کی ہے ایسے موقع پر جزا کو اسی فعل سے تعبیر کرنا آئین فصاحت ہے

النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

اپنے رب کو پوجو جس نے تمہیں اور تم سے اگلوں کو پیدا کیا، یہ امید کرتے ہوئے، کہ تمہیں

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٢١﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ

پرہیزگاری ملے ف۳۴ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا اور آسمان کو عمارت

بِنَآءً ۖ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا

بنایا اور آسمان سے پانی اتارا ف۳۵ تو اس سے کچھ پھل نکالے تمہارے کھانے کو۔

لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ

تو اللہ کے لئے جان بوجھ کر برابر والے نہ ٹھہراؤ ف۳۶ اور اگر تمہیں کچھ

فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ص

شک ہو اس میں جو ہم نے اپنے خاص بندے ف۳۷ پر اتارا تو اس جیسی ایک سورت تو لے آؤ ف۳۸

وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٣﴾

اور اللہ کے سوا اپنے سب حمایتیوں کو بلا لو، اگر تم سچے ہو۔

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا

پھر اگر نہ لا سکو اور ہم فرمائے دیتے ہیں کہ ہرگز نہ لا سکو گے تو ڈرو اس آگ سے، جس کا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٤﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ

آدمی اور پتھر ہیں ف۳۹ تیار رکھی ہے کافروں کے لئے ف۴۰ اور خوش خبری دے انہیں جو

بقیہ صفحہ ۶ = جیسے جزاء سیئہ سیئہ میں کمال حسن بیان یہ ہے کہ اس جملہ کو جملہ سابقہ پر معطوف نہ فرمایا کیونکہ وہاں استہزاء حقیقی معنی میں تھا (۲۳) ہدایت کے بدلے گمراہی خریدنا یعنی بجائے ایمان کے کفر اختیار کرنا نہایت خسارہ اور ٹوٹے کی بات ہے۔ شان نزول یہ آیت ان لوگوں کے حق میں نازل ہوئی جو ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے یا یہود کے حق میں جو پہلے سے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان رکھتے تھے مگر جب حضور کی تشریف آوری ہوئی تو منکر ہو گئے یا تمام کفار کے حق میں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں فطرت سلیمہ عطا فرمائی، حق کے دلائل واضح کئے ہدایت کی راہیں کھولیں، لیکن انہوں نے عقل و انصاف سے کام نہ لیا اور گمراہی اختیار کی۔ مسئلہ اس آیت سے بیع تعاطی کا جواز ثابت ہوا یعنی خرید و فروخت کے الفاظ کے بغیر محض رضامندی سے ایک چیز کے بدلے دوسری چیز لینا جائز ہے (۲۴) کیونکہ اگر تجارت کا طریقہ جانتے تو اصل پونجی (ہدایت) نہ کھو بیٹھتے۔ (۲۵) یہ ان کی مثال ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے کچھ ہدایت دی یا اس پر قدرت بخشی، پھر انہوں نے اس کو ضائع کر دیا اور ابدی دولت کو حاصل نہ کیا ان کا مال حسرت و افسوس اور عبرت و خوف ہے اس میں وہ منافق بھی داخل ہیں جنہوں نے اظہار ایمان کیا اور دل میں کفر رکھا کہ اقرار کی روشنی کو ضائع کر دیا اور وہ بھی جو مومن ہونے کے بعد مرتد ہو گئے اور وہ بھی جنہیں فطرت سلیمہ عطا ہوئی اور دلائل کی روشنی نے حق کو واضح کیا مگر انہوں نے اس سے فائدہ نہ اٹھایا اور گمراہی اختیار کی اور جب حق سے ماننے کہنے راہ حق دیکھنے سے محروم ہوئے تو کان زبان آنکھ سب بیکار ہیں (۲۶) ہدایت کے بدلے گمراہی خریدنے والوں کی یہ دوسری تمثیل ہے کہ جیسے بارش زمین کی حیات کا سبب ہوتی ہے اور اس کے ساتھ خوفناک تاریکیاں اور مہیب گرج اور چمک ہوتی ہے، اسی طرح قرآن و اسلام قلوب کی حیات کا سبب ہیں اور کفر و شرک و نفاق ظلمت کے مشابہ جیسے تاریکی رہرو کو منزل تک پہنچنے سے مانع ہوتی ہے۔ ایسے ہی کفر و نفاق راہ یابی سے مانع ہیں اور وعیدات گرج کے اور حجج بینہ چمک کے مشابہ ہیں شان نزول منافقوں میں سے دو آدمی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے مشرکین کی طرف بھاگے۔ راہ میں یہی بارش آئی جس کا آیت میں ذکر ہے اس میں شدت کی گرج کڑک اور چمک تھی، جب گرج ہوتی تو کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیتے کہ کہیں یہ کانوں کو پھاڑ کر مار نہ ڈالے، جب چمک ہوتی چلنے لگتے جب اندھیری ہوتی، اندھے رہ جاتے، آپس میں کہنے لگے، خدا خیر سے صبح کرے تو حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے ہاتھ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست اقدس میں دیں، چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور اسلام پر عمدہ قدم رہے۔ ان کے حال کو

بقیہ صفحہ نمبر ۱۰۹۳

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

ایمان لائے اور اچھے کام کئے ، کہ ان کے لئے باغ ہیں ، جن کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ

رواں ف۴۱ جب انہیں ان باغوں سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا ، صورت دیکھ کر کہیں گے ، یہ تو وہی

رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ

رزق ہے جو ہمیں پہلے ملا تھا ف۴۲ اور وہ صورت میں ملتا جلتا انہیں دیا گیا اور ان کے لئے ان باغوں میں ستھری

مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ

بیبیاں ہیں ف۴۳ اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے ف۴۴ بیشک اللہ اس سے حیا نہیں فرماتا کہ مثال

يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بیان کرے کیسی ہی چیز کا ذکر فرمائے مچھر ہو یا اس سے بڑھ کر ف۴۵ تو وہ جو ایمان لائے ، وہ تو

فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

جانتے ہیں کہ یہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے ف۴۶ رہے کافر ، وہ کہتے ہیں

فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّ

ایسی کہاوت میں اللہ کا کیا مقصود ہے ۔ اللہ بہتیروں کو اس سے گمراہ کرتا ہے ف۴۷

يَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ الَّذِيْنَ

اور بہتیروں کو ہدایت فرماتا ہے اور اس سے انہیں گمراہ کرتا ہے جو بے حکم ہیں ف۴۸ وہ جو

(۴۱) سنت الٰہی ہے کہ کتاب میں ترہیب کے ساتھ ترغیب ذکر فرماتا ہے اسی لئے کفار اور ان کے اعمال و عذاب کے ذکر کے بعد مومنین اور ان کے اعمال کا ذکر فرمایا اور انہیں جنت کی بشارت دی صالحات یعنی نیکیاں وہ عمل ہیں جو شرعاً اچھے ہوں ان میں فرائض و نوافل سب داخل ہیں (جلالین) مسئلہ عمل صالح کا ایمان پر عطف دلیل ہے اس کی کہ عمل جزو ایمان نہیں مسئلہ یہ بشارت مومنین صالحین کے لئے بلا قید ہے اور گنہگاروں کو جو بشارت دی گئی ہے وہ مقید بمشیت الٰہی ہے کہ چاہے تو راہ کرم معاف فرمائے چاہے گناہوں کی سزا دے کر جنت عطا کرے (مدارک) (۴۲) جنت کے پھل باہم مشابہ ہوں گے اور دنیا کے ان کے جد اجدا اس لئے جنتی کہیں گے کہ یہ پھل تو ہمیں پہلے مل چکا ہے مگر کھانے سے نئی لذت پائیں گے تو ان کا لطف بہت زیادہ ہو جائے گا۔ (۴۳) جنتی بیبیاں خواہ حوریں ہوں یا اور سب زنانے عوارض اور تمام ناپاکیوں اور گندگیوں سے مبرا ہوں گی نہ جسم پر میل ہو گا نہ بول و براز اس کے ساتھ ہی وہ بدخلقی سے بھی پاک ہوں گی (مدارک و خازن) (۴۴) یعنی اہل جنت نہ کبھی فنا ہوں گے نہ جنت سے نکالے جائیں گے۔ مسئلہ اس سے معلوم ہوا کہ جنت و اہل جنت کے لئے فنا نہیں (۴۵) شان نزول جب اللہ تعالیٰ نے آیہ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ اور آیہ اَوْ كَصَيِّبٍ میں منافقوں کی دو مثالیں بیان فرمائیں تو منافقوں نے یہ اعتراض کیا کہ اللہ تعالیٰ اس سے بالاتر ہے کہ ایسی مثالیں بیان فرمائے اس کے رد میں یہ آیت نازل ہوئی (۴۶) چونکہ مثالوں کا بیان مقتضائے حکمت اور مضمون کو دل نشین کرنے والا ہوتا ہے اور فصحائے عرب کا دستور ہے اس لئے اس پر اعتراض لغو و بیجا ہے اور بیان امثلہ حق ہے (۴۷) یُضِلُّ بِهٖ کفار کے اس مقولہ کا جواب ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اس مثل سے کیا مقصود ہے اور اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اور اَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا جو دو جملے اوپر ارشاد ہوئے ان کی تفسیر ہے کہ اس مثل سے بہتوں کو گمراہ کرتا ہے جن کی عقلوں پر جہل نے غلبہ کیا ہے اور جن کی عادت مکابرہ و عناد ہے اور جو امر حق اور کلی حکمت کے انکار و مخالفت کے خوگر ہیں اور باوجودیکہ یہ مثل نہایت حق پر مشتمل ہے پھر بھی انکار کرتے ہیں اور اس سے اللہ تعالیٰ بہتوں کو ہدایت فرماتا ہے جو غور و تحقیق کے عادی ہیں اور انصاف کے خلاف بات نہیں کہتے وہ جانتے ہیں کہ حکمت یہی ہے کہ عظیم المرتبہ چیز کی تمثیل کسی قدر والی چیز سے اور حقیر چیز کی ادنیٰ شے سے دی جائے جیسا کہ اوپر کی آیت میں حق کی نور سے اور باطل کی ظلمت سے تمثیل دی گئی (۴۸) شرع میں فاسق اس نافرمان کو کہتے ہیں جو کبیرہ کا مرتکب ہو۔ فسق کے تین درجہ ہیں ایک تعالی وہ یہ کہ آدمی اعتقاداً کسی کبیرہ کا

يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ

اللہ کے عہد کو توڑ دیتے ہیں ف۴۹ پکا ہونے کے بعد ، اور کاٹتے ہیں اس چیز کو

اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ

جس کے جوڑنے کا خدا نے حکم دیا ہے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ف۵۰ وہی نقصان

الْخٰسِرُوْنَ ۝۲۷ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ

میں ہیں بھلا تم کیوں کر خدا کے منکر ہوگے ، حالانکہ تم مردہ تھے اس نے تمہیں جلایا

ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۲۸ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ

پھر تمہیں مارے گا پھر تمہیں جلائے گا پھر اسی کی طرف پلٹ کر جاؤ گے ف۵۱ وہی ہے جس نے تمہارے لئے

لَكُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۚ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَاۗءِ فَسَوّٰىهُنَّ

بنایا جو کچھ زمین میں ہے ۔ ف۵۱ پھر آسمان کی طرف استوا (قصد) فرمایا تو ٹھیک سات

سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۲۹ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ

آسمان بنائے وہ سب کچھ جانتا ہے ف۵۲ اور یاد کرو جب تمہارے رب

ع ۳ ۱ ۳

لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اِنِّىْ جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ۭ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا

نے فرشتوں سے فرمایا ، میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں ف۵۳ بولے کیا ایسے کو نائب

مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاۗءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ

کرے گا جو اس میں فساد پھیلائے گا اور خونریزیاں کرے گا ف۵۴ اور ہم تجھے سراہتے ہوئے تیری تسبیح کرتے

بقیہ صفحہ ۸ = مرتکب ہو اور اس کو برا ہی جانتا رہا دوسرا اشتباک کہ کبیرہ کا عادی ہو گیا اور اس سے بچنے کی پرواہ نہ رہی۔ تیسرا تجرد کہ حرام کو اچھا جان کر ارتکاب کرے اس درجہ والا ایمان سے محروم ہو جاتا ہے۔ پہلے دو درجوں میں جب تک اکبر کبائر (شرک و کفر) کا ارتکاب نہ کرے اس پر مومن کا اطلاق ہوتا ہے یہاں فاسقین سے وہی نافرمان مراد ہیں جو ایمان سے خارج ہو گئے قرآن کریم میں کفار پر بھی فاسق کا اطلاق ہوا ہے اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ بعض مفسرین نے یہاں فاسق سے کافر مراد لئے بعض نے منافق بعض نے یہود (۴۹) اس سے وہ عہد مراد ہے جو اللہ تعالیٰ نے کتب سابقہ میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانے کی نسبت فرمایا ایک قول یہ ہے کہ عہد تین ہیں۔ پہلا عہد وہ جو اللہ تعالیٰ نے تمام اولاد آدم سے لیا کہ اس کی ربوبیت کا اقرار کریں اس کا بیان اس آیت میں ہے وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ الآیۃ۔ دوسرا عہد انبیاء کے ساتھ مخصوص ہے کہ رسالت کی تبلیغ فرمائیں اور دین کی اقامت کریں اس کا بیان آیہ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ میں ہے۔ تیسرا عہد علماء کے ساتھ خاص ہے کہ حق کو نہ چھپائیں اس کا بیان وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ میں ہے (۵۰) رشتہ و قرابت کے تعلقات مسلمانوں کی دوستی و محبت تمام انبیاء کا ماننا کتاب الٰہی کی تصدیق حق پر جمع ہونا یہ وہ چیزیں ہیں جن کے ملانے کا حکم فرمایا گیا ان میں قطع کرنا بعض کو بعض سے ناحق جدا کرنا تفرقوں کی بنا ڈالنا ممنوع فرمایا گیا (۵۰) دلائل توحید و نبوت اور جزائے کفر و ایمان کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنی عام و خاص نعمتوں کا اور آثار قدرت و عجائب حکمت کا ذکر فرمایا اور قباحت کفر و لئیم کرنے کے لئے کفار کو خطاب فرمایا کہ تم کس طرح خدا کے منکر ہوتے ہو باوجودیکہ تمہارا اپنا حال اس پر ایمان لانے کا مقتضی ہے کہ تم مردہ تھے مردہ سے جسم بے جان مراد ہے ہمارے عرف میں بھی بولتے ہیں زمین مردہ ہو گئی عرف میں بھی موت اس معنی میں آئی خود قرآن پاک میں ارشاد ہوا يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا تو مطلب یہ ہے کہ تم جان جسم تھے عنصر کی صورت میں پھر غذا کی شکل میں پھر اخلاط کی شان میں پھر نطفہ کی حالت میں اس نے تم کو جان دی زندہ فرمایا پھر عمر کی میعاد پوری ہونے پر تمہیں موت دے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا اس سے یا قبر کی زندگی مراد ہے جو سوال کے لئے ہوگی یا حشر کی پھر تم حساب و جزا کے لئے اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے اپنے اس حال کو جان کر تمہارا کفر کرنا نہایت عجیب ہے ایک قول مفسرین کا یہ بھی ہے کہ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ کا خطاب مومنین سے ہے اور مطلب یہ ہے کہ تم کس طرح کافر ہو سکتے ہو درآنحالیکہ تم جہل کی موت سے مردہ تھے اللہ تعالیٰ نے تمہیں علم و ایمان کی زندگی

وَنُقَدِّسُ لَكَ ۖ قَالَ إِنِّي أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٣٠﴾ وَعَلَّمَ آدَمَ

اور تیری پاکی بولتے ہیں۔ فرمایا مجھے معلوم ہے جو تم نہیں جانتے ف۵۸ اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو

الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلَائِكَةِ ۖ فَقَالَ أَنْبِئُونِي

تمام (اشیاء کے) نام سکھائے ف۵۹ پھر سب (اشیاء) کو ملائکہ پر پیش کرکے فرمایا سچے ہو تو

بِأَسْمَاءِ هَٰؤُلَاءِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣١﴾ قَالُوا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ

ان کے نام تو بتاؤ ف۶۰ بولے پاکی ہے تجھے نہیں کچھ علم

لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ﴿٣٢﴾ قَالَ يَا آدَمُ

ہمیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا بے شک تو ہی علم و حکمت والا ہے ف۶۱ فرمایا اے آدم

أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ ۖ فَلَمَّا أَنْبَأَهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ ۖ قَالَ أَلَمْ

بتا دے انہیں سب (اشیاء کے) نام جب اس نے (یعنی آدم نے) انہیں سب کے نام بتا دیئے ف۶۲ فرمایا میں نہ

أَقُلْ لَكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَأَعْلَمُ مَا

کہتا تھا کہ میں جانتا ہوں آسمانوں اور زمین کی سب چھپی چیزیں اور میں جانتا ہوں

تُبْدُونَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ ﴿٣٣﴾ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا

جو کچھ تم ظاہر کرتے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو ف۶۳ اور (یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو

لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ ۖ أَبَىٰ وَاسْتَكْبَرَ ۖ وَكَانَ مِنَ

سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے کہ منکر ہوا اور غرور کیا اور کافر

عطا فرمائی اس کے بعد تمہارے لئے وہی موت ہے جو عمر گزرنے کے بعد سب کو آیا کرتی ہے اس کے بعد وہ تمہیں دائمی حیات عطا فرمائے گا پھر تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور وہ تمہیں ایسا ثواب دے گا جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا نہ کسی دل پر اس کا خطرہ گزرا (۵۱) یعنی کائنات میں جو جانور دریا پہاڑ جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ تعالیٰ نے تمہارے دینی و دنیوی نفع کے لئے بنائے دینی نفع اس طرح کہ زمین کے عجائبات دیکھ کر تمہیں اللہ تعالیٰ کی حکمت و قدرت کی معرفت ہو اور دنیوی منافع یہ کہ کھاؤ پیو آرام کرو اپنے کاموں میں لاؤ تو ان نعمتوں کے باوجود تم کس طرح کفر کرو گے مسئلہ کرنی و ابو بکر رازی وغیرہ نے خلق لکم کو دلیل انتفاع اشیاء کے مباح الاصل ہونے کی دلیل قرار دی ہے (۵۲) یعنی یہ طاقت و ایجاد اللہ تعالیٰ کے عالم جمیع اشیاء ہونے کی دلیل ہے کیونکہ ایسی پر حکمت مخلوق کا پیدا کرنا بغیر علم محیط کے ممکن و متصور نہیں مرنے کے بعد زندہ ہونا کافر محال جانتے تھے ان آیتوں میں ان کے بطلان پر قوی برہان قائم فرما دی کہ جب اللہ تعالیٰ قادر ہے حکیم ہے اور ابدان کے مادے نیز حیات کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں تو موت کے بعد حیات کیسے محال ہو سکتی ہے پیدائش آسمان و زمین کے بعد اللہ تعالیٰ نے آسمان میں فرشتوں کو اور زمین میں جنات کو سکونت دی جنات نے فساد انگیزی کی تو ملائکہ کی ایک جماعت بھیجی جس نے انہیں پہاڑوں اور جزیروں میں نکال بھگایا (۵۳) خلیفہ احکام و اوامر کے اجراء و دیگر تصرفات میں اصل کا نائب ہوتا ہے یہاں خلیفہ سے حضرت آدم علیہ السلام مراد ہیں اگرچہ اور تمام انبیاء بھی اللہ تعالیٰ کے خلیفہ ہیں حضرت داؤد علیہ السلام کے حق میں فرمایا یٰداؤد انا جعلنٰک خلیفۃ فی الارض فرشتوں کو خلافت آدم کی خبر اس لئے دی گئی کہ وہ ان کے خلیفہ بنائے جانے کی حکمت دریافت کرکے معلوم کر لیں اور ان پر خلیفہ کی عظمت و شان ظاہر ہو کہ ان کی پیدائش سے قبل ہی خلیفہ کا لقب عطا ہوا اور آسمان والوں کو ان کی پیدائش کی بشارت دی گئی مسئلہ اس میں بندوں کو تعلیم ہے کہ وہ کام سے پہلے مشورہ کیا کریں اور اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے کہ اس کو مشورہ کی حاجت ہو (۵۴) ملائکہ کا مقصد اعتراض یا حضرت آدم پر طعن نہیں بلکہ حکمت خلافت دریافت کرنا ہے اور انسانوں کی طرف فساد انگیزی کی نسبت کرنا اس کا علم یا تو انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیا گیا ہو یا لوح محفوظ سے حاصل ہوا ہو یا خود انہوں نے جنات پر قیاس کیا ہو (۵۵) یعنی میری حکمتیں تم پر ظاہر نہیں بات یہ ہے کہ انسانوں میں انبیاء بھی ہوں گے اولیاء بھی علماء بھی اور وہ علمی و عملی دونوں فضیلتوں کے جامع ہوں گے (۵۶) اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام پر تمام اشیاء و جملہ مسمیات پیش فرما کر آپ کو ان کے اسماء و

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٤﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا

ہو گیا ف۶۱ اور ہم نے فرمایا اے آدم تو اور تیری بیوی جنت میں رہو اور کھاؤ

مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا

اس میں سے بے روک ٹوک جہاں تمہارا جی چاہے مگر اس پیڑ کے پاس نہ جانا ف۶۲ کہ حد سے

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا

بڑھنے والوں میں ہو جاؤ گے ف۶۳ تو شیطان نے ان سے لغزش دلوائی جنت سے انہیں نکال دیا اور جہاں رہتے تھے وہاں سے انہیں الگ

كَانَا فِيْهِ ۪ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي

کر دیا ف۶۴ اور ہم نے فرمایا نیچے اترو ف۶۵ آپس میں ایک تمہارا دوسرے کا دشمن اور تمہیں ایک

الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٣٦﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ

وقت تک زمین میں ٹھہرنا اور برتنا ہے ف۶۶ پھر سیکھ لیے آدم نے اپنے رب سے

كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿٣٧﴾ قُلْنَا اهْبِطُوْا

اچھے کلمے تو اللہ نے اس کی توبہ قبول کی ف۶۷ بے شک وہی ہے بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہم نے فرمایا تم سب

مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ

اترو سے اتر جاؤ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت آئے تو جو میری ہدایت کا پیرو ہوا

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ

اسے نہ کوئی اندیشہ نہ کچھ غم ف۶۸ اور وہ جو کفر کریں گے اور

صفات و افعال و خواص و اصول علوم و صنعتوں سب کا علم عطا فرمایا (۵۷) یعنی تم اس بات میں سچے ہو کہ میں کوئی مخلوق تم سے زیادہ عالم پیدا کروں گا اور علامات سے تم ہی مستحق ہو تو ان چیزوں کے نام بتاؤ کیونکہ خلیفہ کا کام تصرف و تدبیر و عدل و انصاف ہے اور یہ بغیر اس کے ممکن نہیں کہ خلیفہ کو ان تمام چیزوں کا علم ہو جن پر اس کو متصرف فرمایا گیا اور جس کا اس کو فیصلہ کرنا ہے۔ مسئلہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے ملائکہ پر افضل ہونے کا سبب علم عطا فرمایا اس سے ثابت ہوا کہ علم اعلیٰ مخلوقات ہے تمام دوسری عبادات سے افضل ہے۔ مسئلہ اس آیت سے یہ بھی ثابت ہوا کہ انبیاء علیہم السلام ملائکہ سے افضل ہیں۔ (۵۸) اس میں ملائکہ کی طرف سے اپنے عجز و قصور کا اعتراف اور اس امر کا اظہار ہے کہ ان کا سوال استفسار تھا نہ کہ اعتراض اور انہیں انسان کی خصوصیت اور اس کی پیدائش کی حکمت معلوم ہو گئی جس پر وہ پہلے نہ جانتے تھے (۵۹) یعنی حضرت آدم علیہ السلام نے ہر چیز کا نام اور اس کی پیدائش کی حکمت بتا دی (۶۰) ملائکہ نے جو بات عاجزی کی تھی وہ یہ تھی کہ انسان فساد انگیزی و خون ریزی کرے گا اور جو بات چھپائی تھی وہ یہ تھی کہ مستحق خلافت وہ خود ہیں اور اللہ تعالیٰ ان سے افضل و اعلم کوئی مخلوق پیدا فرمائے گا۔ مسئلہ اس آیت سے انسان کی شرافت اور علم کی فضیلت ثابت ہوتی ہے اور یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ کی طرف تعلیم کی نسبت کرنا صحیح ہے اگرچہ اس کو معلم نہ کہا جائے گا کیونکہ معلم پیشہ ور تعلیم دینے والے کو کہتے ہیں۔ مسئلہ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جملہ لغات اور کل زبانیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ مسئلہ یہ بھی ثابت ہوا کہ ملائکہ کے علوم و کمالات میں زیادتی ہوتی ہے (۶۱) اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو تمام موجودات کا نمونہ اور عالم روحانی و جسمانی کا مجموعہ بنایا اور ملائکہ کے لئے خصوصی کمالات کا وسیلہ بنایا تو انہیں حکم فرمایا کہ حضرت آدم کو سجدہ کریں کیونکہ اس میں شکر گزاری اور حضرت آدم علیہ السلام کی فضیلت کے اعتراف اور اپنے مقولہ کی معذرت کی شان پائی جاتی ہے۔ بعض مفسرین کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کرنے سے پہلے ملائکہ کو سجدہ کا حکم دیا تھا اس کی سند یہ آیت ہے وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا (اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں سے فرمایا سجدہ کرو آدم کو سجدہ کیا) سجدہ کا حکم تمام ملائکہ کو دیا گیا تھا یہی اصح ہے (تاریخ) مسئلہ سجدہ کی طرح کا ہوتا ہے ایک سجدہ عبادت جو بقصد سجدہ کیا جاتا ہے دوسرا سجدہ تحیت جس سے مسجود کی تعظیم منظور ہوتی ہے نہ کہ عبادت۔ مسئلہ سجدہ عبادت اللہ تعالیٰ کے لئے خاص ہے کسی دوسرے نبی یا ملائکہ کی شریعت میں بھی جائز نہ تھا یہاں جو مفسرین سجدہ عبادت مراد لیتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ سجدہ خاص اللہ تعالیٰ کے

كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَآ ۚ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٣٩﴾

میری نشانیوں کو جھٹلائیں گے وہ دوزخ والے ہیں ان کو ہمیشہ اس میں رہنا

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ

اے یعقوب کی اولاد یاد کرو میرا وہ احسان جو میں نے تم پر کیا اور

اَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿٤٠﴾ وَاٰمِنُوْا

میرا عہد پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا اور خاص میرا ہی ڈر رکھو اور ایمان لاؤ

بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ ۠

اس پر جو میں نے اتارا اس کی تصدیق کرتا ہوا جو تمہارے ساتھ ہے اور سب سے پہلے اس کے منکر نہ ہو

وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۚ وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿٤١﴾ وَلَا

اور میری آیتوں کے بدلے تھوڑے دام نہ لو اور مجھ سے ڈرو اور

تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٢﴾

حق سے باطل کو نہ ملاؤ اور چھپاؤ حق کو نہ چھپاؤ

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾

اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور رکوع کرتے والوں کے ساتھ رکوع کرو

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ

کیا لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور اپنی جانوں کو بھولتے ہو حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو

(۳۹) یہ توشیح صالحین کے بے شمار ہے ... کے وقت ... میں قسم ... میں داخل ہوں گے (۱۵)
... عبداللہ ... کا لفظ ہے ... حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے ... اگلی معرفت ... اللہ تعالیٰ نے ... فرمایا
... اولاد کو ... دعوت دی پھر ... اس ... کے بعد خصوصیت کے ساتھ ... کو دعوت
دی ... بیٹوں میں ... یعقوب تک ... جاری ہے ... دعوت ... جاتی ہے ... دعوت
... جہالت ... کی بدعملی ... حضور ... آباء کو ... دعوت دالائی
... ایمان ... کے ... جو ... کو یاد ... یاد کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ... اطاعت ... کے شکر ... کا
... اس کا ... ہے ... تم ... اطاعت ... میرے ... پورا کرو میں ... جزاء و ثواب دے ... تمہارا ... پورا کروں گا اس
... کا بیان ... اللہ ... مسئلہ اس آیت میں شکر نعمت ... کے واجب ہونے کا بیان ہے ... یہ بھی کہ
... کو پہنچے کہ اللہ ... یعنی قرآن پاک ... تورات ... جو تمہارے ساتھ ہیں ایمان ... اور اہل ... میں پہلے کافر
... کہ ... اس کا ... ان آیات ... تورات ... آیات ... جس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم کی ... صفت ... ہے کہ ... حضور کی ... دنیا ... کے متاع ... قلیل اور نعمت آخرت کے مقابل ... حقیقت
ہے شان نزول ... کعب بن اشرف اور ... کے حق میں ... اپنی قوم کے عالموں اور ... سے ... حصوں پر لیتے
اور ان پر ... مقرر کرتے تھے اور ... اور ... میں اپنے حق ... لیتے تھے ... ہوا کہ تورات میں ... حضور سید عالم صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم ... صفت ہے اگر اس ... ظاہر کریں تو قوم حضور پر ایمان ... آئے گی ... کی ... پر ... ہے ... تمام ... رہیں گے اس لئے
انہوں نے اپنی کتابوں میں تغیر کیا اور حضور کی ... کو ... الاحسان ... تورات ... حضور کے کیا ... کو ... چھپا لیتے
اور ... پر ... نازل ہوں (جمل وغیرہ)

الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَ

اور تو کیا تمہیں عقل نہیں ہے ۴۴ اور صبر اور نماز سے مدد چاہو اور

اِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿۴۵﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ

بے شک یہ ضرور بھاری ہے مگر ان پر نہیں جو ان سے ڈرتے ہیں ۴۵ جنہیں یقین ہے کہ انہیں اپنے

مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۴۶﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا

رب سے ملنا ہے اور اسی کی طرف پھرنا ہے ۴۶ اے اولاد یعقوب یاد کرو

نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾

وہ احسان جو میں نے تم پر کیا اور یہ کہ میں نے سارے زمانہ پر تمہیں بڑائی دی ۴۷

وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ

اور ڈرو اس دن سے جس دن کوئی جان دوسرے کا بدلہ نہ بھر سکے گی ۴۸ اور نہ کافر کے لیے کوئی

مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۸﴾

سفارش مانی جائے اور نہ کچھ لے کر (اس کی) جان چھوڑی جائے اور نہ ان کی مدد ہو ۴۸

وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ

اور یاد کرو جب ہم نے تم کو فرعون والوں سے نجات بخشی ۴۹ کہ وہ تم پر برا عذاب کرتے تھے ۴۹

يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ

تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے ۵۰ اور اس میں تمہارے رب کی

۱ ۔ اس آیت میں نماز اور زکوٰۃ کی فرضیت کا بیان ہے اور اس طرف بھی اشارہ ہے کہ نماز میں سے عمل کی رعایت اور ارکان کی حفاظت کے ساتھ
اور دوسرے جماعت کی ترغیب بھی ہے حدیث شریف میں ہے جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا تنہا پڑھنے سے ستائیس درجہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے (۱۲)
ثانی اس علاوہ یہود سے ان سے متعلق رشتہ داروں سے دین اسلام کی سمت دریافت فرمانے والے ہوں گے اور اس دین پر قائم رہو حضور سید عالم صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کا دین حق اور اسلام سچا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی ایک قول یہ ہے کہ یہودیوں کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے مشرکین عرب کو
حضور کے مبعوث ہونے کی خبر دی تھی اور حضور کے اتباع سے ہدایت کی تھی پھر جب حضور معبوث ہوئے تو یہ حسد کرنے والے حسد سے خود کافر ہو
گئے اس میں تو بھی گئی (خازن و مدارک) (۱۳) یعنی اپنی جانوں میں حرام اور حلال اللہ تعالیٰ کا حکم ہے صبر معصیتوں کا اخلاق
متعلقہ ہے ایمان عدل و عزم حق پر قائم رہنے پر قائم نہیں رہتا صبر کی تین قسمیں ہیں (۱) شدت و مصیبت پر نفس کو روکنا (۲) طاعت و عبادت کی
مشقتوں میں مستقل رہنا (۳) معصیت کی طرف مائل ہونے سے طبیعت کو باز رکھنا بعض مفسرین نے یہاں صبر سے روزہ مراد لیا ہے روزہ بھی صبر کا ایک قسم
ہے اس آیت میں مصیبت کے وقت نماز کے ساتھ استعانت کی تعلیم بھی دی گئی کہ وہ عبادت ہدایت و رحمت میں مانع ہے اور اس میں قرب الٰہی حاصل ہوتا
ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہم امور کے پیش آنے پر مشغول نماز ہو جاتے تھے اس آیت میں یہ بھی بتایا گیا کہ مومنین صادقین کے سوا دوسروں پر نماز
گراں ہے (۱۴) اس میں بشارت ہے کہ آخرت میں مومنین کو دیدار الٰہی کی نعمت ملے گی (۱۵) نعمتوں کا استحقاق حقیقی سے مراد یہ ہے کہ میں نے
تمہارے آباؤ اجداد کے زمانہ والوں پر فضیلت دی (۱۶) فضل سے مراد ہے وہ فضیلت کامل نہیں ہو سکتا تھا اس امت محمدیہ کے حق میں ارشاد
ہوا کنتم خیر امۃ (روح البیان بحوالہ جمل وغیرہ) (۱۷) قیامت کے دن میں نفس دوسرے پہلے سے نفس سے مراد دوسرا نفس کافر
مراد ہے (مدارک) (۱۸) یہاں سے لے کر آخر تک بنی اسرائیل کے نعمتوں کا بیان ہے جو ان پر اللہ نے کیں (۱۹) قوم فرعون و آل فرعون سے جو
مصر کا بادشاہ تھا اس کو فرعون کہتے ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کے فرعون کا نام ولید بن مصعب بن ریان ہے یہاں اسی کا ذکر ہے اس کی قوم چار
سو برس تک رہی آل فرعون سے اس کے متعلقین مراد ہیں (جمل وغیرہ) (۲۰) عذاب سب برے ہوتے ہیں سوء العذاب وہ عذاب کا جو

مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۴۹﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَا

طرف سے بڑی بلا تھی یا بڑا انعام ﴿۴۹﴾ اور جب ہم نے تمہارے لیے دریا پھاڑ دیا تو تمہیں بچا لیا اور

اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ

فرعون والوں کو تمہاری آنکھوں کے سامنے ڈبو دیا ﴿۵۰﴾ اور جب ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا

لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ

وعدہ فرمایا پھر اس کے پیچھے تم نے بچھڑے کی پوجا شروع کر دی اور تم ظالم تھے ﴿۵۱﴾ پھر

عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَ

اس کے بعد ہم نے تمہیں معاف کر دیا ﴿۵۲﴾ کہ تم احسان مانو ﴿۵۲﴾ اور

اِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾

جب ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا کی اور حق و باطل میں فیصلہ کر دینا کہ تمہیں راہ پر آؤ

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم تم نے بچھڑا بنا کر

بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

اپنی جانوں پر ظلم کیا تو اپنے پیدا کرنے والے کی طرف رجوع لاؤ تو آپس میں ایک دوسرے کو قتل کرو

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

یہ تمہارے پیدا کرنے والے کے نزدیک تمہارے لیے بہتر ہے تو اس نے تمہاری توبہ قبول کی بے شک وہی ہے بہت

عذاب سخت ۳ = اور عذابوں سے شدید ہوا اس لئے حضرت عزیر نے سورۂ (۱۰) اعراف (۱۱) تحریم (۱۲) طلاق وغیرہ (۱۳) فرعون سے بنی اسرائیل پر نہایت بے دردی سے سخت و مشقت کے کام لیتا تھا۔ بنی اسرائیل پتھروں کی چکیاں اٹھاتے تھے، مٹی ڈھوتے، اینٹیں بناتے، مٹی ہوتیں تھیں غریبوں پر ٹیکس مقرر کئے تھے جو عروب آفتاب سے قبل وصول کئے جاتے تھے جو نادار کسی دن نہ ادا کر سکتا اس کے ہاتھ گردن سے باندھ دیئے جاتے تھے اور مہینہ بھر تک اسی مصیبت میں رکھا جاتا تھا اور طرح طرح کی بے رحمانہ تکلیفیں تھیں (۱۴) فرعون نے خواب دیکھا کہ بیت المقدس کی طرف سے آگ آئی اس نے مصر و قبط کر تمام قبطیوں کو جلا ڈالا بنی اسرائیل کو کچھ ضرر نہ پہنچا۔ اس نے اس کو بہت وحشت ہوئی کاہنوں نے تعبیر دی کہ بنی اسرائیل میں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو تیرے ہلاک اور زوال سلطنت کا باعث ہوگا یہ سن کر فرعون نے حکم دیا کہ بنی اسرائیل میں جو لڑکا پیدا ہو قتل کر دیا جائے دائیاں تفتیش کے لئے مقرر ہوئیں ہر روز دو دو سو لڑکے قتل کرا ڈالے گئے اور لوگ ہزار قتل کرا دیئے گئے اور مشیت الٰہی سے اس قوم کے بوڑھے جلد جلد مرنے لگے قوم قبط نے روتے روتے فرعون سے شکایت کی کہ بنی اسرائیل میں موت کی گرم بازاری ہے اس پر ان سے بچے بھی قتل کئے جاتے ہیں تو ہمیں خدمت گار کہاں سے میسر آئیں گے فرعون نے حکم دیا کہ ایک سال بچے قتل کئے جائیں اور ایک سال چھوڑ دیئے جائیں تو جو سال چھوڑنے کا تھا اس میں حضرت ہارون پیدا ہوئے اور قتل کے سال حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی (۱۵) ابتلاء آزمائش کو کہتے ہیں آزمائش نعمت سے بھی ہوتی ہے اور شدت محنت سے بھی نعمت سے بندوں کی شکر گزاری اور محنت سے ان کے صبر کا حال ظاہر ہوتا ہے اگر ذالکم کا اشارہ فرعون کے مظالم کی طرف ہو تو بلا سے محنت و مصیبت مراد ہوگی اور اگر ان مظالم سے نجات دینے کی طرف ہو تو نعمت (۱۶) یہ دوسری نعمت کا بیان ہے جو بنی اسرائیل پر فرمائی کہ انہیں فرعونیوں کے ظلم و ستم سے نجات دی اور فرعون کو مع اس کی قوم کے اس کے سامنے غرق کیا یہاں آل فرعون سے فرعون مع اپنی قوم کے مراد ہے جیسے کہ کہا جاتا ہے آدم اور اولاد آدم دونوں، قتل ہیں (۱۷) مختصر واقعہ یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام بحکم الٰہی شب میں بنی اسرائیل کو مصر سے لے کر روانہ ہوئے صبح کو فرعون ان کی تعاقب میں لشکر رہیں لے کر چلا اور نیل دریائے کنارے جا پہنچا بنی اسرائیل نے لشکر فرعون دیکھ کر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فریاد کی آپ نے بحکم الٰہی دریا میں اپنا عصا (لاٹھی) مارا اس کی برکت سے نیل دریا میں بارہ خشک رستے

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿٥٤﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ

توبہ قبول کرنے والا مہربان ف٩١ اور جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم ہرگز تمہارا یقین نہ لائیں گے

حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ

جب تک علانیہ خدا کو نہ دیکھ لیں تو تمہیں کڑک نے آ لیا اور تم

تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٥﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ

دیکھ رہے تھے پھر ہم نے تمہیں زندہ کر کے اٹھایا کہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ

احسان مانو اور ہم نے ابر کو تمہارا سائبان کیا ف٩٢ اور تم پر من اور

وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ

سلویٰ اتارا کھاؤ ان پاکیزہ چیزوں سے جو ہم نے تمہیں دیں ف٩٣ اور انہوں نے ہمارا نہ بگاڑا

كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

ہاں اپنی ہی جانوں کو بگاڑتے تھے اور جب ہم نے فرمایا اس بستی میں جاؤ ف٩٤

فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ

پھر اس میں جہاں چاہو بے روک ٹوک کھاؤ اور دروازہ میں سجدہ کرتے داخل ہو ف٩٥ اور

قُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٨﴾

کہو ہمارے گناہ معاف ہوں ہم تمہاری خطائیں بخش دیں گے اور قریب ہے کہ نیکی والوں کو اور زیادہ دیں ف٩٦

بقیہ صفحہ ١٤ پیدا ہو گئے باقی ریوڑوں کی طرح ہو گئے یہاں تک کہ ان میں حلال و حرام کی تمیز نہ رہی اسرائیل کی جماعت ان رستوں میں ایک دوسرے کو پھاڑتی اور ہلاک کرتی گئی دونوں دریا بیچ رستے میں ان میں چلے جب اس کا سامنا ہوا دریا سے بھر گیا تو دریا حالت اصلی پر آیا اور تمام فرعونی اس میں غرق ہو گئے دریا کا عرض چار فرسنگ تھا یہ واقعہ عاشورہ کا ہے جو فرعون نے مارا پہلے یا فرعون نے مصر کا جس کو سال کہتے ہیں بنی اسرائیل اب دریا کو پیدل پار کر گئے غرق کا منظر دیکھ رہے تھے یہ غرق محرم کی دسویں تاریخ کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس دن شکر کا روزہ رکھا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ تشریف لائے تو یہاں کا دستور دیکھا اور فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی فتح کی خوشی منانے اور اس پر شکر گزاری کرنے میں ہم یہود سے زیادہ حقدار ہیں مسئلہ اس سے معلوم ہوا کہ عاشورہ کا روزہ سنت ہے مسئلہ یہ بھی معلوم ہوا کہ انبیاء کے اعلام الٰہی ہوا اس کی دیکھ قائم رہا۔ شہر بلانا مسنون ہے مسئلہ یہ بھی معلوم ہوا کہ ایسے امور میں ان کا تعین سنت ہے اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسئلہ یہ بھی معلوم ہوا کہ انبیاء کی یادگار اگر کفار بھی قائم رکھتے ہوں جب بھی اس کو چھوڑا نہ جائے گا (٨٧) فرعونیوں اور فرعونیوں سے ملاپ کے بعد جب حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو لے کر مصر کی طرف لوٹے اور ان کی درخواست پر اللہ تعالیٰ نے عطائے توریت کا وعدہ فرمایا اور اس سے نے میقات معین یا جس کی مدت معلوم ہو ایک ماہ دس روز ذی قعدہ اور دس دن ذی الحجہ کے حضرت موسیٰ علیہ السلام قوم میں اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کو اپنا جانشین بنا کر توریت حاصل کرنے کے لئے کوہ طور پر تشریف لے گئے چالیس شب وہاں ٹھہرے اس عرصہ میں کسی سے بات نہیں کی اللہ تعالیٰ سے ہمکلامی کی توریت آپ پر نازل فرمائی سامری نے سونے کا جواہرات سے مرصع بچھڑا بنا کر قوم سے کہا کہ یہ تمہارا معبود ہے وہ وہ کہ ایک ماہ حضرت کا انتظار کرنے سامری کے بہکانے سے بچھڑا پوجنے لگے سوائے حضرت ہارون علیہ السلام اور آپ کے بارہ ہزار اسرائیلیوں کے تمام بنی اسرائیل نے گوسالہ کو پوجا (حاشیہ) (٨٨) اصلی کیفیت یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ توبہ کی صورت یہ ہے کہ جنہوں نے بچھڑے کی پرستش نہیں کی ہے وہ پرستش کرنے والوں کو قتل کریں اور مجرم اپنا تسلیم سکوں کے ساتھ قتل ہو جائیں وہ اس پر راضی ہو گئے صبح سے شام تک ستر ہزار قتل ہو گئے تب حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام بخشش اور رحم کی دعا کرتے ہوئے خیمہ میں تشریف لائے کہ جو قتل ہو چکے شہید ہوئے باقی منظور فرمائے گئے

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا

تو ظالموں نے اور بات بدل دی جو دیا گیا تھا اس کے سوا (۹۰) تو ہم نے

عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٥٩﴾

آسمان سے ان پر عذاب اتارا (۹۱) بدلے ان کی بے حکمی کا

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے پانی مانگا تو ہم نے دیا کہ اس پتھر پر اپنا عصا مارو

فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

فوراً اس میں سے بارہ چشمے بہ نکلے (۹۲) ہر گروہ نے اپنا گھاٹ

مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي

پہچان لیا کھاؤ اور پیو اللہ کا دیا رزق اور زمین میں

الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٦٠﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى

فساد اٹھاتے نہ پھرو (۹۳) اور جب تم نے کہا اے موسیٰ (۹۴) ہم سے تو ایک کھانے

طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ

پر (۹۵) ہرگز صبر نہ ہوگا تو آپ اپنے رب سے دعا کیجئے کہ زمین کی اگائی ہوئی چیزیں ہمارے لیے

(۱۴۸) کہ سوں نے کفروں اور ملاؤں اور بتوں کی مشرکوں پر غصہ کیا (۱۴۹) یعنی حضرت یونس اس ظن کو (۱۵۰) اپنی قوم سے جس نے ان کی دعوت قبول نہ کی اور نصیحت نہ مانی اور جو قوم رہی تھی آپ سے ٹل گئے بجرت آپ سے ہجرت کر گئے کیونکہ اس کا سبب صرف کفر اور اہل کفر کے ساتھ بغض اور اللہ کے لئے غضب کرنا ہے لیکن آپ نے اس ہجرت میں حکم الٰہی کا لحاظ نہ کیا (۱۵۱) تو اللہ تعالیٰ نے انہیں مچھلی کے پیٹ میں ڈالا (۱۵۲) کئی قسم کی اندھیریاں تھیں رات کی اندھیری اور دریا کی اندھیری اور مچھلی کے پیٹ کی اندھیری میں حضرت یونس علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے اس طرح دعا کی کہ (۱۵۳) میں اپنی قوم سے نکل تو آیا بے حکم چلا آیا اور بعض نے تشریف میں ہو کر تو یوں مصیبت زدہ بارگاہ الٰہی میں ان کلمات سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرماتا ہے (۱۵۴) اور مچھلی کو حکم دیا تو اس نے حضرت یونس علیہ السلام کو دریا کے کنارے پر پہنچا دیا (۱۵۵) مصیبتوں اور تکلیفوں سے جب وہ ہم سے فریاد کریں اور دعا کریں (۱۵۶) یعنی بے اولاد بلکہ وارث عطا فرمایا (۱۵۷) خلق کی قضا کے بعد باقی رہنے والا صاحب ہے کہ اگر تو مجھے وارث نہ دے تو بھی مجھے غم نہیں کیونکہ تو بہتر وارث ہے (۱۵۸) فرزند سعید (۱۵۹) جو بانجھ تھی اس کو قابل ولادت کیا (۱۶۰) یعنی خیر و ملکوت

وَكَانُوا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا

اور ہمارے حضور گڑگڑاتے ہیں ﴿٩٠﴾ اور اس عورت کو جس نے اپنی پارسائی نگاہ رکھی ﴿٩١﴾ تو ہم نے اس

مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ

میں اپنی روح پھونکی ﴿٩١﴾ اور اسے اور اس کے بیٹے کو سارے جہان کے لئے نشانی بنایا ﴿٩٢﴾ بے شک تمہارا یہ دین ایک

اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٩٢﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ

ہی دین ہے ﴿٩٢﴾ اور میں تمہارا رب ہوں ﴿٩٣﴾ تو میری عبادت کرو ﴿٩٣﴾ اور لوگوں نے اپنے کام آپس میں

بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿٩٣﴾ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ

ٹکڑے کر لیے ﴿٩٣﴾ سب کو ہماری طرف آنا ہے ﴿٩٤﴾ تو جو کچھ بھلے کام کرے

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿٩٤﴾ وَحَرٰمٌ

اور ہو ایمان والا تو اس کی کوشش کی ناقدری نہیں ﴿٩٤﴾ اور ہم اسے لکھ رہے ہیں ﴿٩٥﴾ اور حرام ہے

عَلٰي قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٩٥﴾ حَتّٰٓي اِذَا فُتِحَتْ

اس بستی پر جسے ہم نے ہلاک کر دیا کہ پھر لوٹ کر آئیں ﴿٩٥﴾ یہاں تک کہ جب کھولے جائیں گے

يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَ

یاجوج و ماجوج ﴿٩٦﴾ اور وہ ہر بلندی سے دوڑتے ہوں گے ﴿٩٦﴾

اقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ

قریب آیا سچا وعدہ ﴿٩٧﴾ تو جبھی آنکھیں پھٹ کر رہ جائیں گی کافروں کی

(١٦) پورے طور پر کہ کسی طرح ہوئی ؟ اس کی پارسائی کو پھونک دیا مراد اس سے حضرت مریم ہیں (١٦٢) اور اس کے بارے میں حضرت عیسیٰ کو پیدا کیا (١٦٣) اپنے کامل قدرت کی کہ حضرت عیسیٰ کو اس کے بطن سے بغیر باپ کے پیدا کیا (١٦٤) دین اسلام یعنی تمام انبیاء کا دین ہے اس کے سوا بقیہ ادیان ہیں سب باطل سب کو اسی دین پر قائم رہنا لازم ہے (١٦٥) نہ میرے سوا کوئی دوسرا رب نہ میرے دین کے سوا دوسرا کوئی دین (١٦٦) یعنی دین میں اختلاف پیدا کرتے پھرتے ہو کے (١٦٧) ہم تمہیں ان کے اعمال کی جزا دیں گے (١٦٨) دین طرف تمام اعمال و تمام احوال کے لئے یعنی ہم نے کہ ان کا نامہ اعمال سے ہم نے یہ بھی لکھ رکھا ہے کہ جس بستی والوں کو ہم نے ہلاک کیا ان کا شرک و کفر سے واپس آنا محال ہے یہ معنی اس تقدیر پر ہیں جب لا زائدہ قرار دیا جائے اور اگر "لا" زائدہ نہ ہو تو معنی یہ ہوں گے کہ واجب ہے ان کا حیات کی طرف لوٹنا ممکن ہے اس میں منکرین بعث کا ابطال ہے اور اوپر حتیٰ اذا فتحت اور لا کفران لسعیہ فرمایا گیا اس کی تاکید ہے (تفسیر کبیر وغیرہ) (٦٩) قریب قیامت کے یاجوج ماجوج دو قبیلوں کے نام ہیں (١٧٠) یعنی قیامت

كَفَرُوا ۗ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا

ظٰلِمِيْنَ ﴿٩٧﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ

جَهَنَّمَ ۗ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿٩٨﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ۗ

وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٩٩﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿١٠٠﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا

مُبْعَدُوْنَ ﴿١٠١﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ

اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ

الْمَلٰٓئِكَةُ ۗ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ

[illegible]

[illegible]

نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ

[illegible]

نُّعِيْدُهٗ ۚ وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي

[illegible]

الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ۝

[illegible]

اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً

[illegible]

لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ

[illegible]

اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۚ وَ

[illegible]

اِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ۝ اِنَّهٗ يَعْلَمُ

[illegible]

الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ۝ وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ

[illegible]

فِتْنَةً لَّكُمْ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ﴿١١١﴾ قَالَ رَبِّ احْكُم بِالْحَقِّ ۗ وَ

ہی کی طرح ہو (۱۱۱) اور ایک وقت تک برتو (۱۱۲) کہا کہ اے میرے رب حق فیصلہ فرما دے (۱۱۳)

رَبُّنَا الرَّحْمَٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ﴿١١٢﴾

اور ہمارے رب رحمٰن ہی کی مدد کار ہے ان باتوں پر جو تم بناتے ہو (۱۱۴)

سُورَةُ الْحَجِّ

سورۂ حج مدنی ہے

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے

آیات ۱۸ رکوع ۱۰

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ﴿١﴾

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو (۱) بے شک قیامت کا زلزلہ بڑی سخت چیز ہے

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ

جس دن تم اسے دیکھو گے (۲) اور دودھ پلانے والی (۳) اپنے دودھ پیتے کو بھول جائے گی اور ہر حاملہ

ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَىٰ وَمَا هُم بِسُكَارَىٰ

اپنا بچہ گرا دے گی (۴) اور تو لوگوں کو دیکھے گا جیسے نشہ میں ہیں اور نشہ میں نہ ہوں گے (۵)

وَلَٰكِنَّ عَذَابَ اللَّهِ شَدِيدٌ ﴿٢﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ

مگر ہے یہ کہ اللہ کی مار بڑی ہے (۶) اور کچھ لوگ وہ ہیں کہ اللہ کے معاملہ میں جھگڑتے ہیں

فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطَانٍ مَّرِيدٍ ﴿٣﴾ كُتِبَ عَلَيْهِ

بے جانے بوجھے اور ہر سرکش شیطان کے پیچھے ہو لیتے ہیں (۷) جس پر لکھ دیا گیا ہے

اپنے عقل و قیاس سے جاننے کی نفی ہے (۹۲) اور کافر (۹۳) اور کفار قریش کے ساتھ اسلام کا طریق عمل کیسا ہو (۹۴) اپنے دلوں میں یعنی دلوں کی عداوت اور مسلمانوں سے حسد تم تمہارے دلوں میں پوشیدہ ہے اللہ اس کو بھی جانتا ہے سب کا بدلہ دے گا (۹۵) یعنی دنیا میں سب کو جمع کرنا (۹۶) جس سے تم حق ظاہر ہو جائے (۹۷) یعنی وقت موت تک (۹۸) میرے اور ان کے درمیان جو کچھ جھگڑا ہے (۹۹) اور ان پر عذاب نازل ہونا مستحق ہوں اور کفار کو دوزخ میں جلنا ثابت ہوئے (۱۰۰) ثواب اور بے ایمانی کی (۱) سورۂ حج مکی ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے قیامت کے متعلق چھ مسئلے بیان فرمائے ہیں شروع والی ہیں اس سورت میں دس رکوع اٹھتر آیتیں اور ایک ہزار دو سو چھیاسی کلمات اور چار ہزار چھ سو حرف ہیں (۲) اس کے مخاطب کا خوف کرو اور اس کی عبادت میں مشغول ہو (۳) وہ ساعت قیامت میں سے ہے اور قریب قیامت آفتاب کے مغرب سے طلوع ہونے سے ایک واقع ہو گا (۴) اس کی دہشت سے (۵) یعنی حمل والی اس دن کے ہول سے (۶) حمل ساقط ہو جائیں گے (۷) بلکہ عذاب الٰہی سے خوف سے لوگوں کے ہوش جاتے رہیں گے (۸) شان نزول یہ آیت نضر بن حارث کے بارے میں نازل ہوئی جو بڑا جھگڑالو تھا اور فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں اور قرآن کو پہلوں کے قصے بتاتا تھا اور موت کے بعد اٹھائے جانے کا منکر تھا

اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۴﴾

اگر کوئی اس کی دوستی کرے گا تو یہ شیطان اسے گمراہ کر دے گا اور دوزخ کی راہ بتائے گا ۴

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ

اے لوگو اگر تمہیں قیامت کے دن زندہ ہونے میں کچھ شک ہو تو یہ غور کرو کہ ہم نے تمہیں پیدا کیا

مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ

مٹی سے ۵ پھر پانی کی بوند سے ۶ پھر خون کی پھٹکی سے ۷ پھر گوشت کی بوٹی سے

مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا

نقشہ والی اور بے نقشہ ۸ تاکہ تمہارے لئے بیان کر دیں ۹ اور ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں ماؤں کے پیٹ میں

نَشَاۗءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا

جس کو چاہیں ایک مقررہ میعاد تک ۱۰ پھر تمہیں بچے کی شکل میں نکالتے ہیں ۱۱ پھر تمہیں اس لئے کہ تم

اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ

جوانی کو پہنچو ۱۲ اور تم میں کوئی تو پہلے ہی مر جاتا ہے اور کوئی سب میں نکمی عمر تک ڈالا جاتا

الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـــًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ

ہے ۱۳ کہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانے ۱۴ اور تو زمین کو دیکھے

هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَ

بے حس پڑی ہوئی ۱۵ پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں ۱۶ تو تر و تازہ ہو جاتی ہے اور پھولتی اور

(۹) شیطان کے اتباع سے روکنے کے بعد مخلوق کی بعث پر حجت و برہان بیان فرماتا ہے (۱۰) تمہاری میعاد (۱۱) اصل یعنی تمہارے جد اعلیٰ حضرت آدم علیہ السلام کو اس سے پیدا کر کے (۱۲) اپنی قدرت کی قیامت و (۱۳) یہ حالت بڑھاپے کی ہوتی ہے (۱۴) یعنی تصور اور جید حفظ کی اور مسلم کی حدیث میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگوں کا مادہ پیدائش ماں کے شکم میں چالیس روز تک نطفہ رہتا ہے پھر اتنی ہی مدت خون بستہ ہو جاتا ہے پھر اتنی ہی مدت گوشت کی بوٹی کی طرح رہتا ہے پھر اللہ تعالیٰ فرشتہ بھیجتا ہے جو چار باتیں لکھتا ہے جو اس کے عمل اس کا رزق اس کی عمر اس کے عمل اس کا شقی یا سعید ہونا لکھتا ہے پھر اس میں روح پھونکتا ہے (الحدیث) اللہ تعالیٰ انسان کی پیدائش اس طرح فرماتا ہے اور اس کو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل کرتا ہے یہ اس لئے بیان فرمایا گیا (۱۵) اور عم اللہ تعالیٰ سے کمال قدرت و حکمت و علم اور اپنی ابتدائے پیدائش کے حالات پر نظر کر کے سمجھو کہ جو قادر برحق ہے جس نے مٹی میں اتنے انقلاب کر کے جان دار آدمی بنایا ہے وہ مرے ہوئے انسان کو زندہ کرنے پر اس کی قدرت سے کیا بعید (۱۶) یعنی وقت ولادت تک (۱۷) تمہیں عمر دیتے ہیں (۱۸) تمہاری عقل، قوت کامل ہو (۱۹) اور اس کو اتنا بڑھایا جاتا ہے کہ عقل و حواس بجا نہیں رہتے اور ایسا ہو جاتا ہے (۲۰) اور یہ ہوتا ہے وہ بھول جائے عکرمہ نے کہا جو قرآن کی مداومت رکھے گا اس حالت کو نہ پہنچے گا اس کے بعد اللہ تعالیٰ بعث یعنی مرنے کے بعد جینے پر دوسری دلیل بیان فرماتا ہے (۲۰) خشک ہو گیا

أَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيجٍ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ

ہر رونق دار جوڑا ۝ اگا ۝ یہ اس لئے کہ اللہ ہی حق ہے ۝

وَأَنَّهُ يُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَأَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَأَنَّ

اور یہ کہ وہ مردوں کو جلائے گا اور یہ کہ وہ سب کچھ کر سکتا ہے اور اس لئے

السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا وَأَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي

کہ قیامت آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں اور یہ کہ اللہ اٹھائے گا انہیں جو

الْقُبُورِ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا

قبروں میں ہیں اور کوئی آدمی وہ ہے جو اللہ کے بارے میں یوں جھگڑتا ہے کہ نہ تو علم

هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُنِيرٍ ۝ ثَانِيَ عِطْفِهِ لِيُضِلَّ عَنْ

نہ کوئی دلیل اور نہ کوئی روشن کتاب ۝ اور وہ اپنی گردن موڑے ہوئے تاکہ اللہ کی

سَبِيلِ اللَّهِ ۖ لَهُ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۖ وَنُذِيقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

راہ سے بہکا دے ۝ اس کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ہم اسے قیامت کے دن جلنے

عَذَابَ الْحَرِيقِ ۝ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَأَنَّ اللَّهَ

کا عذاب چکھائیں گے ۝ یہ اس کے کئے کا بدلہ ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور اللہ

لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَعْبُدُ اللَّهَ

بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ۝ اور کوئی آدمی ہے جو اللہ کی بندگی

ع ۱۲

عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ِۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ

کرتے ہیں (۳۰) پھر اگر انہیں کوئی بھلائی پہنچ گئی تب تو چین سے ہیں اور جب کوئی مصیبت آ گئی

فِتْنَةُ ِۨ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۚ ذٰلِكَ

پڑی (۳۱) تو منہ کے بل پلٹ گئے (۳۲) دنیا اور آخرت دونوں کا گھاٹا (۳۳) یہی

هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ

ہے صریح نقصان (۳۴) اللہ کے سوا سے کو پوجتے ہیں جو ان کا برا

وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝ يَدْعُوْا لَمَنْ

بھلا کچھ نہ کر سکے (۳۵) یہی ہے دور کی گمراہی (۳۶) ایسے کو پکارتے ہیں

ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۚ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ۝

جس کے نفع سے (۳۷) نقصان کی توقع (۳۸) بے شک وہ برا ہی مولیٰ (۳۹) اور برا ہی رفیق

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ

بے شک اللہ داخل کرے گا (۴۰) جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے باغوں میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝

جن کے نیچے نہریں (۴۱) بے شک اللہ کرتا ہے جو چاہے (۴۲)

مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

جو یہ خیال کرتا ہو کہ ہرگز نہ مدد فرمائے گا (۴۳) دنیا (۴۴) اور آخرت میں (۴۵)

(۳۰) اس میں منافقوں سے داخل نہیں ہوئے اور ایمان ثابت قدم حاصل نہیں کرتے (۳۱) دنیا میں اس طرح پیارے سلام ہو اس
تزلزل کی حالت میں ہوتے ہیں (۳۲) یہ آیت اعرابیوں کے حق میں نازل ہوئی جو اطراف سے مدینہ میں داخل ہوتے تھے اسلام
لاتے تھے ان کی حالت یہ تھی کہ اگر وہ خوب تندرست رہے اولاد کی دولت ہوئی مال سے مالا مال ہوئے تو کہتے تھے اسلام اچھا دین ہے اس میں آ کر ہمیں
فائدہ ہوا اور اگر کوئی دشمن اپنی مدد کے خلاف پڑے کوئی بلا آئے مال و اولاد کی بربادی ہوئی تو کہتے تھے اسلام سے ہم اس میں داخل
ہوئے ان میں نقصان ہوا اور دین سے پھر جاتے تھے یہ آیت ان کے حق میں نازل ہوئی اور ہمیشہ ایسے لوگوں میں ثابت قدمی حاصل نہیں ہوتی ان کا
حال یہ ہے (۳۳) کسی قسم کی تکلیف پہنچی (۳۴) مرتد ہو گئے اور اسلام کی طرف سے پھر گئے (۳۵) یہ کافر کا حال ہے جو اس کی عبادت کرتے
ہیں اور ارتداد کی وجہ سے ان کا خون مباح ہوا اور آخرت کا گھاٹا یہ کافر کا حال ہے (۳۶) وہ لوگ مرتد ہونے کے بعد عبادت پر قائم رہتے ہیں اور (۳۷)
کیونکہ وہ سے حال ہے (۳۸) یعنی کسی پر نفع کی توقع ہے (۳۹) اس کا پوجنا کیسا برا ہے (۴۰) اور آخرت کی (۴۱) عذاب (۴۲) وہ بات (۴۳) فرمان
بردار دل پر اسلام اور نافرمانوں پر عذاب (۴۴) حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (۴۵) اس سے دین کو غلبہ عطا نہ کرے
بلند کرے

فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ
كَيْدُهُ مَا يَغِيظُ ۝ وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَأَنَّ
اللَّهَ يَهْدِي مَن يُرِيدُ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا
وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَىٰ وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۖ
إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ
شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ
وَمَن فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ
وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَكَثِيرٌ مِّنَ النَّاسِ ۖ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ

الْعَذَابُ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

عذاب کو پہنچا دے اور جسے اللہ ذلیل کرے وہ اسے کوئی عزت دینے والا نہیں بے شک اللہ

يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۝ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۫

جو چاہے کرے یہ دو فریق ہیں جو کہ اپنے رب میں جھگڑے وہ

فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ يُصَبُّ مِنْ

تو جو کافر ہوئے ان کے لیے آگ کے کپڑے کاٹے گئے ہیں وہ ان کے

فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۝ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَ

سروں پر کھولتا پانی ڈالا جائے گا وہ جس سے گل جائے گا جو کچھ ان کے شکموں میں ہے اور

الْجُلُوْدُ ۝ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ۝ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ

ان کی کھالیں وہ اور ان کے لیے لوہے کے گرز ہیں جب گھٹن کے سبب ان میں سے

يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۫ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

نکلنا چاہیں گے وہ اس میں پھر لوٹا دیے جائیں گے اور حکم ہوگا کہ چکھو آگ کا

الْحَرِيْقِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

عذاب بے شک اللہ داخل کرے گا جنہیں جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ

بہشتوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں سجائے جائیں گے سونے کے

(۴۸) یعنی کفار (۴۹) ان کی مخالفت سے سب (۵۰) یعنی مومن اور پیچھے قسم کے کافر مراد ہیں (۵۱) یعنی اس کے دین کے بارے میں اور اس کی صفات میں (۵۲) یعنی آگ ہمیں ہر طرف سے گھیرے گی (۵۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا لوہے کے گرز اگر ان کا ایک قطرہ دنیا کے پہاڑوں پر ڈال دیا جائے تو گل جائے (۵۴) حدیث شریف میں ہے پھر انہیں ویسا ہی کر دیا جائے گا (ترمذی) (۵۵) جن سے ان کو مارا جائے گا (۵۶) یعنی دوزخ میں سے نکالنے کے لیے

مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۖ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿٢٣﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى
کنگن اور موتی ۵۸ اور وہاں ان کی پوشاک ریشم ہے ۵۹ اور انہیں پاکیزہ
الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿٢٤﴾ اِنَّ
بات کی ہدایت کی گئی ۶۰ اور سب خوبیوں والے راستے کی راہ بتائی گئی ۶۱ بے شک
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ
وہ جنہوں نے کفر کیا اور روکتے ہیں اللہ کی راہ سے ۶۲ اور اس ادب
الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨالْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ۭ
والی مسجد سے ۶۳ جسے ہم نے سب لوگوں کے لئے مقرر کیا کہ اس میں یکساں حق ہے وہاں کے رہنے والے اور پردیسی کا
وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢٥﴾ ع
اور جو کوئی اس میں کسی بے انصافی کا ارادہ کرے ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے ۶۴
وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـــًٔا وَّ
اور جب ہم نے ابراہیم کو اس گھر کا ٹھکانا تیار کر دیا ۶۵ (حکم دیا) کہ میرا کوئی شریک نہ کر اور
طَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْقَاۗىِٕمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿٢٦﴾ وَ
میرے گھر کو ستھرا رکھ ۶۶ طواف والوں اور اعتکاف والوں اور رکوع سجدے والوں کے لئے ۶۷
اَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰي كُلِّ ضَامِرٍ
اور لوگوں میں حج کا اعلان کر دے ۶۸ وہ تیرے پاس ہر طرف سے پیادہ اور ہر دبلی اونٹنی پر

(۵۸) ایسے کپڑے جو مشرق سے مغرب تک [illegible] (۵۹) ان کا لباس ریشم کا ہوگا جو جنت کا لباس ہے بخاری و مسلم کی حدیث میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے [illegible] حضرت [illegible] (۶۰) یعنی پاکیزہ باتیں اور پاکیزہ بات سے کلمہ توحید مراد ہے بعض مفسرین نے [illegible] مراد لی ہے (۶۱) یعنی اللہ کا راستہ [illegible] اور اس کی اطاعت سے (۶۲) یعنی اس میں داخل ہونے سے شان نزول یہ آیت [illegible] صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم [illegible] داخل ہونے سے روکا تھا مسجد حرام سے مراد [illegible] تمام لوگوں کا قبلہ ہے وہاں سے رہنے والے اور [illegible] (۶۳) مسجد حرام سے مراد [illegible] یعنی صحیح حرم مراد ہے [illegible] (۶۴) [illegible] (۶۵) [illegible] (۶۶) [illegible] (۶۷) [illegible] (۶۸) [illegible]

يَأْتِينَ مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ﴿٢٧﴾ لِّيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَ

کہ ہر دور کی راہ سے آتی ہیں ف۶۵ تاکہ وہ اپنا فائدہ پائیں ف۶۶ اور

يَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فِي أَيَّامٍ مَّعْلُومَاتٍ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن

اللہ کا نام لیں ف۶۷ جانے ہوئے دنوں میں ف۶۸ اس پر کہ انہیں روزی دی

بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۖ فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْبَائِسَ الْفَقِيرَ ﴿٢٨﴾

ان چوپائے ف۶۹ تو ان میں سے خود کھاؤ اور مصیبت زدہ محتاج کو کھلاؤ ف۷۰

ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ

پھر چاہیے میل کچیل اتاریں ف۷۱ اور اپنی منتیں پوری کریں ف۷۲ اور اس آزاد گھر کا

الْعَتِيقِ ﴿٢٩﴾ ذَٰلِكَ ۖ وَمَن يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللَّهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ

طواف کریں ف۷۳ بات یہ ہے اور جو اللہ کی حرمتوں کی تعظیم کرے ف۷۴ تو وہ اس کے لئے اس کے

عِندَ رَبِّهِ ۗ وَأُحِلَّتْ لَكُمُ الْأَنْعَامُ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ

رب کے یہاں بہتر ہے اور تمہارے لئے حلال ہے گئے چوپائے ف۷۵ سوا ان کے جن کی حرمت تم پر

فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ ﴿٣٠﴾

پڑھی جاتی ہے ف۷۶ تو دور رہو گندگی سے ف۷۷ اور بچو جھوٹی بات سے

حُنَفَاءَ لِلَّهِ غَيْرَ مُشْرِكِينَ بِهِ ۚ وَمَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَكَأَنَّمَا

ایک اللہ کے ہو کر کسی کا ساتھی نہ کرو اللہ کا شریک کرے وہ گویا

[illegible]

خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ

گرا آسمان سے کہ پرندے اسے اچک لے جاتے ہیں ف۸۱ یا ہوا اسے کسی دور

مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿٣١﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ

جگہ پھینک دے ف۸۲ بات یہ ہے اور جو اللہ کے نشانوں کی تعظیم کرے تو یہ دلوں کی

تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ

پرہیزگاری سے ہے ف۸۳ تمہارے لئے چوپایوں میں فائدے ہیں ف۸۴ ایک مقرر میعاد تک ف۸۵ پھر

مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٣٣﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا ع

ان کا پہنچنا ہے اللہ کے گھر تک ف۸۶ اور ہر امت کے لئے ف۸۷ ہم نے ایک قربانی مقرر فرمائی

لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ

کہ اللہ کا نام لیں اس پر جو اسے دیا ہے ان چوپایوں پر ف۸۸

فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿٣٤﴾

تو تمہارا معبود ایک معبود ہے ف۸۹ تو اسی کے حضور گردن جھکاؤ ف۹۰ اور اے محبوب خوشی سنا دو ان عاجزی والوں کو

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ

کہ جب اللہ کا ذکر ہوتا ہے ان کے دل ڈرتے ہیں ف۹۱ اور جو افتاد پڑے ان کے

اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٣٥﴾

سہنے والے اور نماز برپا رکھنے والے اور ہمارے دیئے سے خرچ کرتے ہیں ف۹۲

(۸) اور بوٹی بوٹی کر کے کھا جاتے ہیں (۸۲) مراد یہ ہے کہ شرک کرنے والا اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالتا ہے یہاں کو بلندی میں آسمان سے تشبیہ دی گئی اور ایمان ترک کرنے والے کو آسمان سے گرنے والے سے ساتھ اور اس کی خواہشات نفسانیہ پرندوں کی طرح اس کی طرف لے جانے والے پرندے کے ساتھ اور شیاطین کو جو اس وادی ضلالت میں پھینکتے ہیں ہوا کے ساتھ تشبیہ دی گئی اور اس تشبیہ سے شرک کا انجام بد سمجھایا گیا (۸۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ شعائر اللہ سے مراد بدنے ہیں اور ان کی تعظیم یہ ہے کہ فربہ خوبصورت قیمتی لئے جائیں (۸۴) وقت ضرورت ان پر سوار ہوں اور وقت حاجت ان کے دودھ پیئے (۸۵) یعنی ان کے ذبح کے وقت تک (۸۶) یعنی حرم شریف تک جہاں وہ ذبح کئے جائیں (۸۷) پچھلی پیغمبر امتوں میں سے (۸۸) ان کے ذبح کے وقت (۸۹) تو ذبح کے وقت صرف اسی کا نام لو اس آیت میں دلیل ہے اس پر کہ نام خدا کا ذکر کرنا ذبح کے لئے شرط ہے اللہ تعالیٰ نے ہر ایک امت کے لئے مقرر فرما دیا تھا اس کے لئے طریق تقرب قربانی کریں اور تمام قربانیوں پر اسی کا نام لیا جائے (۹۰) اور خلوص کے ساتھ اس کی اطاعت کرو (۹۱) اس کے ہیبت و جلال سے (۹۲) یعنی صدقہ دیتے ہیں

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ فَاذْكُرُوا

اور قربانی کے اونٹ ہو اور گائے ہم نے تمہارے لئے اللہ کی نشانیوں سے کئے ف۹۳ تمہارے لئے ان میں بھلائی ہے ف۹۴ تو ان پر

اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا

اللہ کا نام لو ف۹۵ پنجے باندھے ہوئے پاؤں بندھے ہوئے ف۹۶ پھر جب ان کی کروٹیں گر جائیں ف۹۷ تو ان میں سے خود کھاؤ ف۹۸

وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ

اور صبر سے بیٹھنے والے اور بھیک مانگنے والے کو کھاؤ ہم نے یونہی ان کو تمہارے بس میں دے دیا کہ تم

تَشْكُرُوْنَ ۝ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ

احسان مانو اللہ کو ہرگز نہ ان کے گوشت پہنچتے ہیں نہ ان کے خون ہاں

يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى

تمہاری پرہیزگاری اس تک باریاب ہوتی ہے ف۹۹ یونہی ان کو تمہارے بس میں کر دیا کہ تم اللہ کی بڑائی بولو اس پر کہ

مَا هَدٰىكُمْ ۗ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ

تم کو ہدایت دی اور اے محبوب خوشخبری سنا دے نیکی والوں کو ف۱۰۰ بے شک اللہ ہٹا دیتا ہے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝ اُذِنَ

مسلمانوں کی ف۱۰۱ بے شک اللہ دوست نہیں رکھتا ہر بڑے دغاباز ناشکرے کو ف۱۰۲ پروانگی (اجازت)

لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ

لڑائی ہوئی تھیں جن سے کافر لڑتے ہیں ف۱۰۳ اس بنا پر کہ ان پر ظلم ہوا ف۱۰۴ اور بے شک اللہ ان کی مدد کرنے پر

(۹۳) یعنی اس کے احکام میں سے (۹۴) یا یہاں تک کہ ان میں اجر و ثواب (۹۵) ان کے ذبح کے وقت جس حال میں کہ وہ ہوں (۹۶) اونٹ کے ذبح کا یہی مسنون طریقہ ہے (۹۷) یعنی بعد ذبح ان کے پہلو میں گر پڑیں اور ان کی حرکت ساکن ہو جائے (۹۸) اگر تم چاہو (۹۹) یعنی قربانی کرنے والے صرف نیت کے اخلاص اور شروط تقویٰ کی رعایت سے اللہ تعالیٰ کو راضی کر سکتے ہیں شان نزول زمانہ جاہلیت کے کفار اپنی قربانیوں کے خون سے کعبہ معظمہ کی دیواروں کو آلودہ کرتے تھے اور اس کو سبب تقرب جانتے تھے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی (۱۰۰) ثواب دیں (۱۰۱) اور ان کی مدد فرماتا ہے (۱۰۲) یعنی اللہ کو اللہ اور اس کے رسول کی حمایت اور قتال حق کی خاطر کرتے ہیں (۱۰۳) جہاد کی (۱۰۴) شان نزول کفار مکہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو زدوکوب کرتے اور ان سے شدید ایذائیں دیتے اور آزار پہنچاتے رہتے تھے اور صحابہ حضور کے پاس اس حال میں پہنچتے تھے کہ کسی کا سر پھٹا ہے کسی کا ہاتھ ٹوٹا ہے کسی کا پاؤں بندھا ہے اور مرد ان قسم کی شکایتیں بارگاہ اقدس میں پہنچاتے تھے اور مظالم کفار کے حضور کے روبرو میں فریاد کرتے حضور یہ فرما دیا کرتے کہ صبر کرو مجھے ابھی جہاد کا حکم نہیں دیا گیا ہے جب حضور نے مدینہ طیبہ کو ہجرت فرمائی تب یہ آیت نازل ہوئی اور یہ وہ پہلی آیت ہے جس میں کفار کے ساتھ جنگ کرنے کی اجازت دی گئی ہے

لَقَدِيرٌ ﴿٣٩﴾ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَن

ضرور قادر ہے وہ جو اپنے گھروں سے ناحق نکالے گئے (١٠٤) صرف اتنی بات پر

يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ

کہ انھوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے (١٠٥) اور اللہ اگر آدمیوں میں ایک کو دوسرے سے دفع نہ فرماتا (١٠٦)

لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا

تو ضرور ڈھا دی جائیں خانقاہیں (١٠٧) اور گرجا (١٠٨) اور کلیسے (١٠٩) اور مسجدیں (١١٠) جن میں اللہ کا

اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا ۗ وَلَيَنصُرَنَّ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ

کثرت نام لیا جاتا ہے اور بے شک اللہ مدد فرماتا ہے اس کی جو اس کے دین کی مدد کرے بے شک اللہ قوت والا

عَزِيزٌ ﴿٤٠﴾ الَّذِينَ إِن مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَ

غالب ہے وہ لوگ کہ اگر ہم انہیں زمین میں قابو دیں (١١١) تو نماز برپا رکھیں اور

آتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنكَرِ ۗ وَلِلَّهِ

زکوٰۃ دیں اور بھلائی کا حکم کریں اور برائی سے روکیں (١١٢) اور اللہ ہی کے لئے

عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ﴿٤١﴾ وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ

سب کاموں کا انجام اور اگر یہ تمہیں جھٹلائیں (١١٣) تو بے شک ان سے پہلے جھٹلا چکی ہے

نُوحٍ وَعَادٌ وَثَمُودُ ﴿٤٢﴾ وَقَوْمُ إِبْرَاهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحَابُ

نوح کی قوم اور عاد (١١٤) اور ثمود (١١٥) اور ابراہیم کی قوم اور لوط کی قوم اور مدین

(١٠٥) اور بے وطن کئے گئے (١٠٦) اور یہ کام حق سے اور حق یہ کہ ان سے کہا جائے ہمارا رب اللہ ہے، ناقصہ ناقہ (١٠٧) خانقاہیں ابادیوں
سے دور اور صدور قائم فرما دیں تو یہ ہوتا کہ [illegible] بہت والے ہے [illegible] (١٠٨) راہبوں کی
نصرانیوں کے (١٠٩) یہودیوں کے (١١٠) مسلمانوں کی (١١١) اور ان سے دشمنوں سے مقابلہ [illegible] (١١٢) اس میں خبر دی گئی ہے کہ
[illegible] مہاجرین [illegible] غلبہ [illegible] (١١٣) اے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (١١٤) [illegible] (١١٥) حضرت صالح کی قوم

مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ

والے ف۱۸ اور موسیٰ کی تکذیب ہوئی ف۱۹ تو میں نے کافروں کو ڈھیل دی ف۲۰ پھر انھیں پکڑا ف۲۱

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ

تو کیسا ہوا میرا عذاب ف۲۲ اور کتنی ہی بستیاں ہم نے کہ انہیں ہلاک کردیں ف۲۳ کہ وہ گنہگار تھیں ف۲۴

فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾

تو اب وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور کتنے کنویں بیکار پڑے ف۲۵ اور کتنے محل چونے کے ہوئے ف۲۶

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَا

تو کیا زمین میں نہ چلے ف۲۷ کہ ان کے دل ہوں جن سے سمجھیں ف۲۸

اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ

یا کان ہوں جن سے سنیں ف۲۹ تو یہ نہ آنکھیں اندھی ہوئیں ف۳۰ بلکہ وہ

تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ

دل اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں ف۳۱ اور یہ تم سے عذاب مانگتے ہیں ف۳۲ جلدی کرتے ہیں ف۳۳

وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۚ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ

اور اللہ ہرگز اپنا وعدہ جھوٹا نہ کرے گا ف۳۴ اور بے شک تمہارے رب کے یہاں ف۳۵ ایک دن ایسا

سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ

جیسے تم لوگوں کی گنتی میں ہزار برس ف۳۶ اور کتنی بستیاں کہ ہم نے ان کو ڈھیل دی اس حال پر کہ وہ

(۱۷) یعنی حضرت شعیب کی قوم (۱۱۸) یہاں موسیٰ کی قوم فرمایا یعنی حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم بنی اسرائیل نے آپ کی تکذیب نہ کی تھی بلکہ دوسروں کی قوم قبطیوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تکذیب کی تھی اس قوم کو ان کے ایک سے اپنے رسول کی تکذیب کرنے کا بیان سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تسلی کے لئے ہے کہ کفار کا یہ قدیمی طریقہ ہے پچھلے انبیاء سے ساتھ بھی یہی دستور رہا ہے (۱۹) اور ان کے عذاب میں تاخیر کی اور انہیں مہلت دی (۱۲۰) اور اس سے نہ ڈرے کہ پکڑ (۲) آپ کی تکذیب کرنے والوں کو چاہئے کہ اپنے اجداد و ہمسایوں اور تجارت حاصل کریں (۱۲۲) اور وہاں کے رہنے والوں کے حالات (۱۲۳) کہ وہاں سے بسنے والے کافر تھے (۱۲۴) کہ ان سے کوئی پانی بھرنے والا نہیں (۱۲۵) ویران پڑے ہیں (۱۲۶) تاکہ ان حالات کا مشاہدہ کریں (۱۲۷) کہ انبیاء کی تکذیب کا کیا انجام ہوا اور عبرت حاصل کریں (۱۲۸) پچھلی امتوں کے حالات اور ان کا عذاب ہونا اور ان بستیوں کی ویرانی کہ ان سے عبرت حاصل ہو (۱۲۹) یعنی کفار کی ظاہری آنکھ دل میں ہوتی ہے وہ ان آنکھوں سے دیکھنے کی چیزیں دیکھتے ہیں (۱۳۰) اور دل کی آنکھ جو ہدایت ہے اسی سے آدمی اس کی دولت سے محروم رہتا ہے (۱۳۱) یعنی کفار مکہ مثل نضر بن حارث وغیرہ نے اور یہ جلدی کرنا استہزاء کے طریقہ پر تھا (۱۳۲) اور ضرور حسب وعدہ عذاب نازل فرمائے گا چنانچہ یہ واقعہ بدر میں پورا ہوا (۱۳۳) آخرت میں عذاب ہے (۱۳۴) تو یہ کفار یہ سمجھ کر عذاب کی جلدی کرتے ہیں

ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾ قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ

ستگار تھیں پھر میں نے انہیں پکڑ (۱۳۵) اور میری ہی طرف پلٹ کر آنا ہے (۱۳۶) تم فرما دو کہ اے لوگو!

اِنَّمَاۤ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

میں تو یہی تمہارے لئے صریح ڈر سنانے والا ہوں (۱۳۷) تو جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْۤ اٰيٰتِنَا

ان کے لئے بخشش ہے اور عزت کی روزی (۱۳۸) اور وہ جو کوشش کرتے ہیں ہماری آیتوں میں

مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ

ہرانے کے ارادہ سے (۱۳۹) وہ جہنمی ہیں اور ہم نے تم سے

قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ

پہلے جتنے رسول یا نبی بھیجے (۱۴۰) سب پر کبھی یہ واقعہ گزرا ہے کہ جب انہوں نے پڑھا تو شیطان

فِيْۤ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ

نے ان کے پڑھنے میں لوگوں پر کچھ اپنی طرف سے ملا دیا تو مٹا دیتا ہے اللہ اس شیطان کے ڈالے ہوئے کو پھر اللہ اپنی آیتیں

اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ

پکی کر دیتا ہے (۱۴۱) اور اللہ علم و حکمت والا ہے تاکہ شیطان کے ڈالے ہوئے کو فتنہ

فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ؕ

کر دے (۱۴۲) ان کے لئے جن کے دلوں میں بیماری ہے (۱۴۳) اور جن کے دل سخت ہیں (۱۴۴)

(۱۳۵) اور دنیا میں ان پر عذاب نازل کیا (۳۶) آخرت میں (۱۳۷) جو کسی سے مغلوب نہ ہو (۱۳۸) کہ کبھی اس آیت کو سحر کہتے ہیں کبھی شعر کبھی پچھلوں کے قصے اور وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ اسلام کے ساتھ ان کا بدلہ کر ٹال جائے گا (۳۹) نبی اور رسول میں فرق ہے نبی عام ہے اور رسول خاص بعض مفسرین نے فرمایا کہ رسول شرع سے وحی ہوتے ہیں اور نبی اس کے علاوہ اور مشہور شان نزول جب سورہ والنجم نازل ہوئی تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد حرام میں اس کی تلاوت فرمائی اور بہت آہستہ آہستہ آیتوں کے درمیان وقفہ فرماتے ہوئے جس سے سننے والے غور بھی کر لیں اور یاد کرنے والوں کو یاد کرنے میں مدد بھی ملے جب آپ نے آیت وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى پڑھ کر حسب دستور وقفہ فرمایا تو شیطان نے مشرکین کے کان میں اس سے ملا کر دو کلمے ایسے کہہ دیئے جس سے بتوں کی تعریف نکلتی تھی جبریل امین نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ حال عرض کیا اس سے حضور کو رنج ہوا اللہ تعالیٰ نے آپ کی تسلی کے لئے یہ آیت نازل فرمائی (۱۴۰) جو خطبہ پڑھتے ہیں اور انہیں شیطانی کلمات کے خلط سے محفوظ فرماتا ہے (۱۴۱) اور ابتلاء و آزمائش بنا دے (۱۴۲) شک اور نفاق کی (۱۴۳) حق و قبول نہیں کرتے اور یہ مشرکین ہیں

وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۵۴﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

اور بے شک ستمگار (۱۴۷) ضد کے دور سے ہٹے ہوئے ہیں اور (۱۴۸) اس لئے کہ جان لیں وہ جن کو علم

الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ

ملا ہے (۱۴۹) کہ وہ (قرآن) تمہارے رب کے پاس سے حق ہے تو اس پر ایمان لائیں تو عاجزی کریں اس کے لئے ان کے دل

وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾ وَلَا

اور بے شک اللہ ایمان والوں کو سیدھی راہ چلاتا ہے اور

يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ

کافر اس سے (۱۵۰) ہمیشہ شک میں رہیں گے یہاں تک کہ ان پر قیامت آ جائے

بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ

اچانک (۱۵۱) یا ان پر ایسے دن کا عذاب آئے جس کا بعد ان کے لئے کچھ اچھا نہ ہو (۱۵۲) بادشاہی اس دن (۱۵۳)

لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ

اللہ ہی کی ہے وہ ان میں فیصلہ کر دے گا تو جو ایمان لائے اور (۱۵۴) اچھے کام کئے وہ

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ

نعمتوں کے باغوں میں ہیں اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں ان کے لئے

لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ

ذلت کا عذاب ہے اور وہ جنہوں نے اللہ کی راہ میں اپنے گھر بار

(۱۴۴) یعنی مشرکین و منافقین (۱۴۵) اللہ کے دین اور اس کی آیات کا (۱۴۶) یعنی قرآن شریف (۱۴۷) یعنی قرآن سے یا دین اسلام سے (۱۴۸) یا موت کہ وہ بھی قیامت صغریٰ ہے (۱۴۹) اس سے بدر کا دن مراد ہے جس میں کافروں کے لئے کچھ آسائش و راحت نہ تھی اور بعض مفسرین نے کہا کہ اس سے روز قیامت مراد ہے (۱۵۰) یعنی قیامت کے دن (۱۵۱) نہوں نے

اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَ

چھوڑے (۱۵۲) پھر مارے گئے یا مر گئے تو ضرور انہیں اچھی روزی دے گا (۱۵۳) اور

اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا

بے شک اللہ کی روزی سب سے بہتر ہے ضرور انہیں کسی جگہ لے جائے گا جسے وہ

يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ

پسند کریں گے (۱۵۴) اور بے شک اللہ علم اور حلم والا ہے بات یہ ہے اور جو بدلہ لے (۱۵۵)

بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ

جیسی تکلیف پہنچائی گئی تھی پھر اس پر زیادتی کی جائے (۱۵۶) تو بے شک اللہ اس کی مدد فرمائے گا (۱۵۷) بیشک

اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے یہ (۱۵۸) اس لئے کہ اللہ تعالیٰ رات کو داخل کرتا ہے دن کے حصہ میں

وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكَ

اور دن کو داخل کرتا ہے رات کے حصہ میں (۱۵۹) اور اس لیے کہ اللہ سنتا دیکھتا ہے یہ اس لئے (۱۶۰)

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ

کہ اللہ ہی حق ہے اور ان کے سوا جسے پوجتے ہیں (۱۶۱) وہی

الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

باطل ہے اور اس لئے کہ اللہ ہی بلند ہے بڑائی والا ہے کیا تو نہ دیکھا کہ اللہ

(۱۵۲) اور اس کی راہ میں مارے گئے یا مر گئے (۱۵۳) یعنی رزق حسنہ ہو یا کسی مقام پر ہو (۱۵۴) وہاں ان کی مہربانیاں ہوں گی اور وہاں تو کرامات پیش آئے گی شان نزول یہ ہے کہ آپ کے بعض اصحاب نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے جو اصحاب شہید ہو گئے ہم جانتے ہیں کہ بارگاہ الٰہی میں ان کے درجے اور ہیں اور ہم جہادوں میں حضور کے ساتھ رہیں گے یہاں کہ ہم آپ کے ساتھ رہے اور شہادت سے محروم رہے تو آخرت میں ہمارے لئے کیا ہے اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ (۱۵۵) اس میں مسلم کا مشرک سے (۱۵۶) ظالموں کا مظلوم سے اس کو بدلہ دلوا کر (۱۵۷) شان نزول یہ آیت مشرکین سے قتل میں نازل ہوئی جو حرم اور اشہر حرم میں مسلمانوں پر حملہ آور ہوئے اور مسلمانوں نے ملاحظہ مبارک کی حرمت کے خیال سے لڑنا نہ چاہا مشرکین نے اسوقت سے قتل شروع کر دیا مسلمان نے دل میں ثابت رہے اللہ تعالیٰ نے اس کی مدد فرمائی (۵۸) یعنی مظلوم کی مدد فرمانا اس لئے ہے کہ اللہ جو چاہے اس پر قادر ہے اور اس کی قدرت کی نشانیاں ظاہر ہیں (۱۵۹) یعنی کبھی دن کو بڑھا کر رات کو گھٹاتا ہے اور کبھی رات کو بڑھا کر دن کو گھٹاتا ہے اس کے سوا کوئی اس پر قدرت نہیں رکھتا وہ ایسا قدرت والا ہے کہ جس کی چاہے مدد فرمائے اور جسے چاہے غالب کرے (۱۶۰) یعنی اور یہ بات اس لئے بھی ہے (۱۶۱) یعنی

أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَتُصْبِحُ الْأَرْضُ مُخْضَرَّةً ۗ إِنَّ

نے آسمان سے پانی اتارا تو صبح کو زمین ف۱۶۲ ہری ہو گئی بے شک

اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿٦٣﴾ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ

اللہ پاک مہربان خبردار ہے اسی کا مال ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٦٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُمْ

اور بے شک اللہ ہی بے نیاز سب خوبیوں والا ہے کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے تمہارے بس میں کر دیا

مَا فِي الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ ۗ وَ

جو کچھ زمین میں ہے ف۱۶۳ اور کشتی کہ دریا میں اس کے حکم سے چلتی ہے ف۱۶۴ اور

يُمْسِكُ السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۗ إِنَّ

وہ روکے ہوئے ہے آسمان کو کہ زمین پر گر پڑے مگر اس کے حکم سے بے شک

اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِي أَحْيَاكُمْ

اللہ آدمیوں پر بڑا مہربان ہے ف۱۶۵ اور وہی ہے جس نے تمہیں زندہ کیا ف۱۶۶

ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ

پھر تمہیں مارے گا ف۱۶۷ پھر تمہیں جلائے گا ف۱۶۸ بے شک آدمی بڑا ناشکرا ہے ف۱۶۹ ہر امت

أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي

کے لئے ف۱۷۰ ہم نے عبادت کے طریقے بنا دیئے کہ وہ ان پر چلتے ف۱۷۱ تو ہرگز وہ تم سے اس معاملہ میں جھگڑا نہ

(۱۶۲) سبزے سے (۱۶۳) جانور وغیرہ جن پر تم سوار ہوتے ہو اور جن سے تم کام لیتے ہو اور جن سے اس نے چلنے والے اور پانی
پر چلنے والے (۱۶۵) بڑا رحم والا مہربان ہے (۱۶۶) اور جس نے تمہیں زندگی دی (۱۶۷) بے جان اللہ سے پیدا کر
(۱۶۸) تمہاری قبروں میں پھر زندہ ہونے پر (۱۶۹) اور حضرت ابن عباس سے منقول ہے (۱۷۰) کہ ہر امت کے لئے عبادت کے طریقے ہیں پھر سب اور
بے ساختہ مخلوق میں شامل ہے (۱۷۱) اہل دین اس میں سے (۱۷۲) اہل

الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۶۷﴾

نہ کریں (۱۷۲) اور اپنے رب کی طرف بلاؤ (۱۷۳) بے شک تم سیدھی راہ پر ہو

وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۸﴾ اَللّٰهُ يَحْكُمُ

اور اگر وہ (۱۷۴) تم سے جھگڑیں تو فرما دو کہ اللہ خوب جانتا ہے تمہارے کرتوت (تمہاری کرتوت) اللہ تم پر فیصلہ

بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ

کر دے گا قیامت کے دن جس بات میں اختلاف کرتے ہو (۱۷۵) کیا تو نے نہ جانا

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِىْ كِتٰبٍ ؕ

کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے بے شک یہ سب ایک کتاب میں ہے (۱۷۶)

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۷۰﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

بے شک یہ (۱۷۷) اللہ پر آسان ہے (۱۷۸) اور اللہ کے سوا ایسوں کو پوجتے ہیں (۱۷۹)

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا

ان کی کوئی سند اس نے نہ اتاری اور ایسوں کو جن کا خود انہیں کچھ علم نہیں (۱۸۰) اور

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۷۱﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ

ستمگاروں کا (۱۸۱) کوئی مددگار نہیں (۱۸۲) اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں پڑھی جائیں (۱۸۳)

تَعْرِفُ فِىْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ

تو تم ان کے چہروں پر بگڑنے کے آثار دیکھو گے جنہوں نے کفر کیا قریب ہے کہ

(۱۷۲) یعنی امر دین میں بلا حجت کے امر میں شان نزول یہ ہے کہ مدینہ میں اور قاعہ اور مشرکین سفیان وغیرہ ان جنگیں کے حق میں نازل ہوئی ان لوگوں نے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مناظرہ کیا جب کہ مسلمان ہوئے تھے آپس میں کہتے تھے تو کھاتے ہو اور جس کو اللہ مارتا ہے اس کو نہیں کھاتے اس پر یہ آیت نازل ہوئی (۱۷۳) اور دوسروں کو بھی ایمان لانے اور اس کا دین قبول کرنے اور اس کی عبادت میں مشغول ہونے کی دعوت دو (۱۷۴) باوجود تمہارے طرح دینے کے بھی (۱۷۵) اور تم پر حقیقت مثل ظاہر ہو جائے گی (۱۷۶) یعنی لوح محفوظ میں (۱۷۷) یعنی ان سب کا علم یا تمام حوادث کا لوح محفوظ میں ثبت فرمانا (۱۷۸) اس سے بت پرستی کی خرابیاں بیان فرمائی ہیں کہ وہ ایسوں کی عبادت کرتے ہیں جو عبادت کے مستحق نہیں (۱۷۹) یعنی بتوں کو (۱۸۰) یعنی ان کے پاس اس کی نہ کوئی دلیل نقلی ہے نہ عقلی محض جہل و نادانی سے گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں اور جو کسی طرح پوجے جانے کے مستحق نہیں ان کو پوجتے ہیں یہ شدید ظلم ہے (۱۸۱) یعنی مشرکین کا (۱۸۲) جو انہیں عذاب الٰہی سے بچا سکے (۱۸۳) اور قرآن کریم انہیں سنایا جائے جس میں بیان احکام اور تفصیل حلال و حرام ہے

يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۗ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ
پٹ پڑیں ان کو جو ہماری آیتیں ان پر پڑھتے ہیں تو فرما دو کیا میں تمہیں بتا دوں
بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ۗ اَلنَّارُ ۗ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۗ
جو اس سے اس حال سے بھی بدتر ہے وہ آگ ہے اللہ نے اس کا وعدہ دیا ہے کافروں کو
وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۲﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا
اور کیا ہی بری پلٹنے کی جگہ اے لوگو ایک کہاوت دی جاتی ہے سو کان لگا کر
لَهٗ ۗ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا
سنو ۸۵ وہ جنہیں اللہ کے سوا پوجتے ہو ۸۶ ایک مکھی نہ بنا سکیں
ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۗ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا
گو اگرچہ سب اس پر اکٹھے ہو جائیں ۸۷ اور اگر مکھی ان سے کچھ چھین کر لے جائے ۸۸ تو
يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۗ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾ مَا قَدَرُوا
اس سے چھڑا نہ سکیں ۸۹ کمزور چاہنے والا اور وہ جس کو چاہا ۹۰ اللہ کی قدر نہ
اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۷۴﴾ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ
جانی جیسی چاہیے تھی ۹۱ بے شک اللہ قوت والا غالب ہے اللہ چن لیتا ہے
مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۷۵﴾
فرشتوں میں سے رسول ۹۲ اور آدمیوں میں سے ۹۳ بے شک اللہ سنتا دیکھتا ہے

(۱۸۴) یعنی تمہارے بتوں میں کوئی خوبی نہیں پائی جاتی۔ تم میں پیدا کرنے (۱۸۵) اور اس میں خوب غور کرو وہ عبادت یہ ہے کہ تمہارے بت (۱۸۶) ان کی عاجزی اور بے قدرتی کا یہ حال ہے کہ وہ ایک مکھی نہ پیدا کر سکیں (۱۸۷) یہ حال تو سب شاہان ہے کہ ایسے کو معبود ٹھہرائے ایسے کو پوجنا اور اس کو قرار دینا شان الٰہیت کا تعمل ہے (۱۸۸) یعنی شہد اور مکھی وغیرہ جو شریر بتوں کے منہ اور سروں پر بیٹھتے ہیں جس پر مکھیاں بھنکتی ہیں (۱۸۹) ایسے کو معبود بنانا اور معبود ٹھہرانا کتنا غلط اور عقل سے دور ہے (۱۹۰) چاہنے والے سے مراد بت اور چاہے ہوئے سے بت مراد ہے یا چاہنے والے سے مکھی مراد ہے جو بت سے شہد اور اس کی حالت سے اور مطلوب سے بت اور طالب سے بت مراد ہے اور مطلوب سے مکھی (۱۹۱) اور اس کی عظمت پہچانی جنہوں نے ایسوں کو خدا کا شریک کیا جو مکھی سے بھی کمزور ہیں معبود وہی ہے جو قدرت کاملہ رکھے (۱۹۲) مثل جبرئیل و میکائیل وغیرہ کے (۱۹۳) مثل حضرت ابراہیم و حضرت موسیٰ و حضرت عیسیٰ و حضرت سید عالم صلوٰۃ اللہ تعالیٰ علیہم وسلامہ کے شان نزول یہ آیت ان کفار کے رد میں نازل ہوئی جنہوں نے بشر کے رسول ہونے کا انکار کیا تھا اور کہا تھا کہ بشر کیسے رسول ہو سکتا ہے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ اللہ مالک ہے جسے چاہے اپنا رسول بنائے وہ انسانوں میں سے بھی رسول بناتا ہے اور ملائکہ میں سے بھی جنہیں چاہے

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۗ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٧٦﴾

جانتا ہے جو ان کے آگے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے ف۱۹۴ اور سب کاموں کی رجوع اللہ کی طرف ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ

اے ایمان والو! رکوع اور سجدہ کرو ف۱۹۵ اور اپنے رب کی بندگی کرو ف۱۹۶

وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٧٧﴾ وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ

اور بھلے کام کرو ف۱۹۷ اس امید پر کہ تمہیں چھٹکارا ہو اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا حق ہے

جِهَادِهِ ۚ هُوَ اجْتَبَاكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ

جہاد کرنے کا ف۱۹۸ اس نے تمہیں پسند کیا ف۱۹۹ اور تم پر دین میں کچھ تنگی نہ رکھی

حَرَجٍ ۚ مِلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ ۚ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ مِنْ

ف۲۰۰ تمہارے باپ ابراہیم کا دین ف۲۰۱ اسی نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے اگلی

قَبْلُ وَفِي هَٰذَا لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوا

کتابوں میں اور اس قرآن میں تاکہ رسول تمہارا نگہبان و گواہ ہو ف۲۰۲ اور تم

شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ ۖ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَ

اور لوگوں پر گواہی دو ف۲۰۳ تو نماز برپا رکھو ف۲۰۴ اور زکوٰۃ دو اور

اعْتَصِمُوا بِاللَّهِ ۖ هُوَ مَوْلَاكُمْ ۖ فَنِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ ﴿٧٨﴾

اللہ کی رسی مضبوط تھام ف۲۰۵ وہ تمہارا مولیٰ ہے تو کیا ہی اچھا مولیٰ اور کیا ہی اچھا مددگار

(۱۹۴) یعنی امور دینیہ و دنیویہ کا انجام اور ان کے نتائج اور ان کے اعمال و نیتیں (۱۹۵) اپنی نمازوں میں خاص کر اول صبح میں مدینہ منورہ میں اور جو دے سکتے ہیں (۱۹۶) یعنی اپنے رب کو اللہ کے سوا اور کسی کو معبود نہ بناؤ اور عبادت میں خلاص اختیار کرو (۱۹۷) صلہ رحمی و اخلاق وغیرہ نیکیاں (۱۹۸) یعنی بت پرستوں کفار کے ساتھ اور دین کے لئے (۱۹۹) اپنے دین و عبادت کے لئے (۲۰۰) یا صورت کے موقعوں پر میلے سے سہولت اور اسکے لئے کہ تمہیں نہ تکلیف اور دوسرے انصاری جانتے ہو پانچ باتیں سکھ رہنے کی حالت میں اور وصول جلد کرنے میں (۲۰۱) جو کہ تمہیں شامل ہے (۲۰۲) اور قیامت کے دن جدا کا پیدا کیا ہے (۲۰۳) تاکہ اس رسول نے دنیا میں تمہارا حال اللہ تعالیٰ سے کہہ دیا ہے اور امت محمدیہ (۲۰۴) اس پر عبادت و (۲۰۵) اور اس کے دین پر قائم رہو۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ الٓمّٓ ۔ ۱ رکوع

سورۂ مومنون مکی ہے ۔ اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے ۔ اس میں ایک سو اٹھارہ آیتیں اور چھ رکوع ہیں

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝

بے شک فلاح کو پہنچے ایمان والے ۔ جو اپنی نماز میں گڑگڑاتے ہیں ۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ

اور وہ جو کسی بیہودہ بات کی طرف التفات نہیں کرتے ۔ اور وہ کہ زکوٰۃ دینے کا کام

فٰعِلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ

کرتے ہیں ۔ اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں ۔ مگر اپنی بیبیوں

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ

یا شرعی باندیوں پر جو ان کے ہاتھ کی ملک ہیں کہ ان پر کوئی ملامت نہیں ۔ تو جو ان دو کے سوا کچھ اور

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ

چاہے وہی حد سے بڑھنے والے ہیں ۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی

رٰعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ

رعایت کرتے ہیں ۔ اور وہ جو اپنی نمازوں کی نگہبانی کرتے ہیں ۔ یہی لوگ

الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَ

وارث ہیں ۔ کہ فردوس کی میراث پائیں گے ۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ۔ اور

(۱) سورۂ مومنون مکی ہے اس میں چھ رکوع اور ایک سو اٹھارہ آیتیں ہیں یہ سورہ ایک سو چالیس کلمے اور چار سو اٹھہتر حرف ہیں (۲) ان سے وعدوں میں خدا کا وعدہ ہوتا ہے ان سے اطمینان ہوتے ہیں بعض مفسرین نے فرمایا نماز میں خشوع یہ ہے کہ اس میں دل لگا ہو اور دنیا سے توجہ ہٹی ہوئی ہو ۔ ظہر جائے نماز سے باہر جائے اور آسمان کی طرف نہ دیکھے اور دائیں بائیں گردن نہ گھمائے اور داڑھی کپڑا ہاتھوں پر نہ لگائے ۔ اس طرح کہ اس سے دونوں منار نہ لگتے ہوں ۔ آیت میں لغو سے مراد گانے باجے اور تمام قسم کے حرکات سے باز رہنے بعض نے فرمایا کہ مشرع یہ ہے کہ آسمان کی طرف نظر نہ اٹھائے (۳) مرد و عورت اپنی شرمگاہ سے محفوظ رہتے ہیں (۴) بیبیوں سے پاک ہیں اور مداومت کرتے ہیں (۵) اپنی باندیوں سے ساتھ جائز طریقہ پر قربت سے ہیں (۶) کہ حلال سے نکاح کی طرف تجاوز کرتے ہیں مسئلہ اس سے معلوم ہوا کہ ہاتھ سے انزال کرنا حرام ہے حدیث میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ایک امت کو عذاب کیا اپنی شرمگاہوں سے کھیل کرتے تھے (۷) مومن وہ ہیں جو اپنی امانتوں کی حفاظت کرتے ہیں خدا کے ساتھ بھی مخلوق کے ساتھ بھی (۸) اور جیسے ان کے وقتوں میں ان سے اللہ کا وعدہ ہے ساتھ ادا کرتے ہیں اور نماز کی حفاظت و احسان و اعمال سب کی نگہبانی رکھتے ہیں

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً

بے شک ہم نے آدمی کو پیدا کیا (حضرت آدم کو) مٹی سے بنایا ﴿۱۲﴾ پھر اسے ایک پانی کی بوند کیا

فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ

ایک مضبوط جگہ (رحم) میں ﴿۱۳﴾ پھر ہم نے اس پانی کی بوند کو خون کی پھٹک کیا پھر خون کی پھٹک کو گوشت

مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ

کی بوٹی پھر گوشت کی بوٹی کو ہڈیاں پھر ان ہڈیوں پر گوشت پہنایا پھر

اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ

اسے اور صورت میں اٹھان دی (پیدا کیا) تو بڑی برکت والا ہے اللہ سب سے اچھا بنانے والا ﴿۱۴﴾ پھر تم کے

بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ

بعد تم ضرور (ایک) مرنے والے ہو ﴿۱۵﴾ پھر تم سب قیامت کے دن (قبروں سے) اٹھائے جاؤ گے ﴿۱۶﴾ اور بے شک

خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَ

ہم نے تمہارے اوپر سات راستے بنائے ﴿۱۷﴾ اور ہم مخلوق سے بے خبر نہیں ہوئے ﴿۱۷﴾ اور

اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى

ہم نے آسمان سے پانی اتارا ﴿۱۸﴾ ایک اندازہ پر پھر اسے زمین میں ٹھہرایا اور بے شک ہم

ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ

اس کے لے جانے پر قادر ہیں ﴿۱۹﴾ تو اس سے ہم نے تمہارے باغ پیدا کئے کھجور کے

(۹) مفسرین نے فرمایا کہ انسان سے مراد یہاں حضرت آدم ہیں (۱۰) یعنی اس کی نسل کو (۱۱) یعنی رحم میں (۱۲) یعنی اس میں روح ڈالی اس سے جان کو جان دار بنایا خالق اور رازق اللہ تعالیٰ ہی ہے (۱۳) اپنی تدبیریں پوری ہونے پر (۱۴) حساب و جزا کے لئے (۱۵) ان سے مراد سات آسمان ہیں جو طاقہ کے اوپر تہ بہ تہ ہیں (۱۶) سب سے اول اول صور پھونکا جائے گا (۱۷) یعنی مخلوق ہم سے چھپی نہیں (۱۸) یعنی جیسا ہم نے علم و حکمت میں خلق کی صلاحیتوں کے لئے پانی اتارا (۱۹) جیسا اپنی قدرت سے نازل کیا اسی پر بھی قادر ہیں کہ اس کو زائل کر دیں تو بندوں کو چاہئے کہ اس نعمت کی شکر گزاری سے حفاظت کریں

وَّاَعْنَابٍ لَّكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ

اور انگوروں کے تمہارے لئے ان میں بہت سے میوے ہیں ف۱۹ اور ان میں سے کھاتے ہو ف۲۰ اور وہ پیڑ پیدا کیا کہ

مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ۝ وَاِنَّ لَكُمْ

طور سینا سے نکلتا ہے ف۲۱ سے کہ اُگتا ہے تیل اور کھانے والوں کے لئے سالن ف۲۲ اور بیشک تمہارے لئے

فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ

چوپایوں میں سمجھنے کا مقام ہے ہم تمہیں پلاتے ہیں اس میں سے جو ان کے پیٹوں میں ہے ف۲۳ اور تمہارے لئے ان میں بہت

كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝ وَلَقَدْ

فائدے ہیں ف۲۴ اور ان سے تمہاری خوراک ہے ف۲۵ اور ان پر ف۲۶ اور کشتی پر ف۲۷ تم لدے جاتے ہو اور بے شک

اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ

ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کو پوجو اس کے سوا تمہارا کوئی

اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ

خدا نہیں تو کیا تمہیں ڈر نہیں ف۲۸ تو اس کی قوم کے جن سرداروں نے کفر کیا بولے ف۲۹ یہ تو

مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ

نہیں مگر تم جیسا آدمی چاہتا ہے کہ تمہارا بڑا بنے ف۳۰ اور اللہ چاہتا ف۳۱ تو

لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً ۚ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَاۗىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ۝ اِنْ

فرشتے اتارتا ہم نے تو یہ کچھ باپ دادوں میں نہ سنا ف۳۲ وہ تو

(۲۰) طرح طرح کے (۲۱) جانے سے (۲۲) [illegible] میں اور پیش کرتے ہو (۲۳) [illegible] مراد [illegible] ہے (۲۴) یہ اس میں عجیب صفت ہے کہ وہ تیل بھی ہے کہ مصالح اور [illegible] سے حاصل ہوتے ہیں جلاتے بھی ہیں [illegible] دوا کے طریقہ پر بھی کام میں لایا جاتا ہے اور سالن کا بھی کام دیتا ہے کہ خالص سے روٹی کھائی جا سکتی ہے (۲۴) یعنی دودھ جو خوشگوار موافق طبع جو لطیف غذا ہوتا ہے (۲۵) کہ ان کے بال کھال دل [illegible] سے کام لیتے ہو (۲۶) کہ انہیں [illegible] سے [illegible] (۲۷) کشتی میں (۲۸) دریا میں (۲۹) ان کے مذہب کا [illegible] کے سرداروں کو پہنچے ہو (۳۰) اپنی قوم کے لوگوں سے (۳۱) اور تمہیں [illegible] (۳۲) کہ رسول کو بھیجے اور فرشتوں [illegible] (۳۳) کہ بشر بھی رسول ہوتا ہے یہ اس کی مثل [illegible] تھی کہ بشر کا رسول ہونا [illegible] کیا پتھروں کو خدا مان لیا اور انہوں نے حضرت نوح علیہ السلام کی نسبت یہ بھی کہا

كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ

وادی طور کی جانب مغرب میں نہ تھے ﴿۱۴۴﴾ جب کہ ہم نے موسیٰ کو رسالت کا حکم بھیجا ﴿۴۵﴾ اور تم

مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ

وقت تم حاضر نہ تھے مگر ہوا یہ کہ ہم نے صدیاں پیدا کیں ﴿۴۶﴾ کہ ان پر زمانہ دراز گزرا ﴿۴۷﴾

وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا وَلٰكِنَّا

اور نہ تم اہل مدین میں مقیم تھے ان پر ہماری آیتیں پڑھتے ہوئے ہاں ہم

كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ

رسول بھیجنے والے ہوئے ﴿۴۸﴾ اور نہ تم طور کے کنارے تھے جب ہم نے ندا فرمائی ﴿۴۹﴾ ہاں تمہارے رب

رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ

کی مہربانی سے کہ تم ایسے لوگوں کو ڈر سناؤ جن کے پاس تم سے پہلے کوئی ڈر سنانے والا

قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌ

نہ آیا ﴿۵۰﴾ یہ امید کرتے ہوئے کہ ان کو نصیحت ہو اور اگر نہ ہوتا کہ کسی پہونچی انہیں کوئی مصیبت ﴿۵۱﴾

بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا

اس کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ﴿۵۲﴾ تو کہتے اے ہمارے رب تو نے کیوں نہ بھیجا ہماری طرف کوئی رسول

(۱۱۱) اے سید حبیبا محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (۱۱۲) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعات قد (۱۱۳) اور ان سے کلام فرمایا اور تسلیم مقرب کیا (۱۱۴) یعنی مت کی تھی بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام سے (۱۱۵) تو وہ اللہ کا عہد پورا کرنے لگے اور اس کی فرمانبرداری ترک کی اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم سے سید عالم حبیب محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں اور آپ پر ایمان لانے کے متعلق عہد لئے تھے جب وہ اقرار کر لیا انہوں نے بعد اس کے کہ آپ چلی گئیں تو وہ لوگ ان عہدوں کو بھول گئے اور اس کی وفا ترک کر دی (۱۱۶) تو ہم نے آپ کو علم یا اور پیغاموں سے حالات پر مطلع کیا (۱۱۷) حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تورات عطا کرنے کے وقت (۱۱۸) جن سے تم نے کے احوال بیان فرماتے ہو آپ کا ان امور کی خبر دینا آپ کی علم و دلیل ہے (۱۱۹) اس قوم سے مراد اہل مدین یا زمانہ فترت میں تھے تو حضرت سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان پانچ سو پچاس برس کی مدت ثابت (۱۲۰) عذاب و سزا (۱۲۱) یعنی ہم نظر و عصیان کو دیکھ لیا

فَنَتَّبِعْ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ

کہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ایمان لاتے (۱۲۱) پھر جب ان کے پاس حق آیا (۱۲۲)

مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ۭ اَوَلَمْ

ہماری طرف سے کہنے لگے (۱۲۳) انہیں کیوں نہ دیا گیا جو موسیٰ کو دیا گیا (۱۲۴) کیا ان

يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۡ وَ

نے منکر نہ ہوئے تھے جو پہلے موسیٰ کو دیا گیا (۱۲۵) کہا دونوں جادو ہیں ایک دوسرے کی تائید کرتے ہیں اور

قَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ۝ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

کہنے لگے ہم ان دونوں کے منکر ہیں (۱۲۶) تم فرما دو تو اللہ کے پاس سے کوئی کتاب لے آؤ

هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ

جو ان دونوں کتابوں سے زیادہ ہدایت کی ہو (۱۲۷) میں اس کی پیروی کروں گا اگر تم سچے ہو (۱۲۸) پھر اگر وہ نہ تمہارا

يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ۭ وَمَنْ اَضَلُّ

فرمانا قبول نہ کریں (۱۲۹) تو تم یہ جان لو کہ وہ صرف اپنی خواہشوں ہی کے پیچھے ہیں اور اس سے بڑھ کر گمراہ کون

مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي

ہے جو اپنی خواہش کی پیروی کرے اللہ کی ہدایت سے چھوڑ کر بے شک اللہ ہدایت نہیں فرماتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ ع ۸ ۵

ظالم لوگوں کو اور بے شک ہم نے ان کے لئے بات مسلسل اتاری (۱۳۰) کہ وہ

(۱۲۲) یعنی آیت کے یہ ہیں کہ رسولوں کا بھیجنا اتمام حجت کے لئے ہے کہ نہیں یہ عذر نہ سنا جائے کہ ہمارے پاس رسول نہیں بھیجے گئے اس سے گمراہ ہو گئے کہ رسول آتے تو ہم صحیح راہ پر چلتے اور ایمان لاتے (۱۲۳) یعنی سید عالم محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (۱۲۴) مکہ کے کفار (۱۲۵) یعنی نہیں قرآن پر یہ بیہودگی کیوں نہیں دیا جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر پوری توریت ایک ہی بار میں عطا کی گئی تھی یا یہ معنی ہیں کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر معجزات کیوں نہیں دیئے جیسے موسیٰ کو دیئے تھے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۱۲۶) یہ کہنے والے آپس میں پیغام بھیجا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات طلب کریں اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور فرمایا گیا کہ جس یہود نے یہ سوال کیا ہے کیا وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اور جو انہیں اللہ کی طرف سے دیا گیا ہے اس کے منکر ہوئے (۱۲۷) یعنی توریت کے بھی اور قرآن کے بھی ان دونوں کو انہوں نے جادو کہا اور ایک قرآن میں ساحران ہے اس لئے یہ معنی ہوں گے کہ دونوں جادوگر ہیں جیسے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت موسیٰ علیہ السلام مثال مزید مشرکین مکہ نے یہود مدینہ کے سرداروں کے پاس قاصد بھیجے اور دریافت کیا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت کتب سابقہ میں کوئی خبر ہے انہوں نے جواب دیا کہ ہاں حضور کی نعت و صفت ان کی کتاب توریت میں موجود ہے جب یہ خبر قریش کو پہنچی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام و سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت کہنے لگے کہ وہ دونوں جادوگر ہیں ان میں ایک دوسرے کا ضامن ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا (۱۲۸) یعنی توریت و قرآن سے (۱۲۹) اپنے اس قول میں کہ یہ دونوں جادو یا جادوگر ہیں اس میں حیرت ہے کہ وہ اس کے مثل کتاب لانے سے عاجز نکلیں چنانچہ آگے ارشاد فرمایا جاتا ہے (۱۳۰) اور یہ کتاب پہنچا دیں (۱۳۱) ان کے پاس کوئی حجت نہیں ہے (۱۳۲) یعنی قرآن کریم ان کے پاس پہنچا ہے اور مسلسل آیا وعدہ اور وعید اور قصص اور عبرتیں اور وعظ تاکہ سمجھیں اور ایمان لائیں

يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ

دھیان کریں ۔ جن کو ہم نے اس سے پہلے دی کتاب وہ لوگ اس پر

يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ

ایمان لاتے ہیں ۔ اور جب ان پر یہ پڑھی جاتی ہیں کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے بے شک یہی حق ہے

مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ

ہمارے رب کے پاس سے ہم اس سے پہلے ہی گردن رکھ چکے تھے ۔ ان کو

اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ

اجر دو بالا دیا جائے گا ۔ بدلہ ان کے صبر کا ۔ اور وہ بھلائی سے برائی کو ٹالتے ہیں

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ

اور ہمارے دیئے سے کچھ خرچ کرتے ہیں ۔ اور جب بیہودہ بات سنتے ہیں اس سے اعراض کرتے ہیں

وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي

اور کہتے ہیں ہمارے لئے ہمارے عمل اور تمہارے لئے تمہارے عمل ۔ بس تم پر سلام ہم چاہتے نہیں

الْجٰهِلِيْنَ ۝ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ

جاہلوں کو ۔ بے شک تو نہیں راہ دکھاتا جسے چاہے اپنی طرف سے ہدایت کر دے ۔ ہاں اللہ ہدایت کرتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى

جسے چاہے ۔ اور وہ خوب جانتا ہے ہدایت والوں کو ۔ اور کہتے ہیں کہ اگر ہم تمہارے ساتھ ہدایت کی پیروی

(۱۳۳) قرآن شریف نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے ایمان والوں کا ذکر کیا ۔ یہ آیت حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی ۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت اصحمہ نجاشی رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی ۔ یہ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایمان لانے سے پہلے حضرات تھے جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کتاب سے ایمان لائے ۔ جب ان کو حضرت کی صفت اور نشانی معلوم ہوئی تو ایمان لائے ۔ یہ لوگ پہلے ہی مسلمان تھے ۔ ان کے پاس مال ہیں جو صرف اجازت دیں تو تم ان کا مال لے لیں ۔ ان کے مسلمانوں کی خدمت ۔ ان کے اجازت کی ضرورت ۔ آپ نے ان سے مسلمانوں کی خدمت ۔ ... صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تین ... (۱۳۴) ... پہلے ... (۱۳۵) ... پہلے ... (۱۳۶) ... عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ... صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بھی ... (۱۳۷) ... حضرت ... صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ... (۱۳۸) ... (۱۳۹) ... (۱۴۰) ... (۱۴۱) ... (۱۴۲) ... اور ...

مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا

کریں تو لوگ ہمارے ملک سے ہمیں اُچک لے جائیں گے (۱۴۳) کیا ہم نے انہیں ٹھکانہ نہ دی امان والی حرم میں (۱۴۴)

يُّجْبٰۤى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ

جس کی طرف ہر چیز کے پھل لائے جاتے ہیں ہمارے پاس کی روزی لیکن ان

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ

میں کثر کو علم نہیں (۱۴۵) اور کتنے شہر ہم نے ہلاک کر دیئے جو اپنے

مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْ بَعْدِهِمْ اِلَّا

عیش پر اترا گئے تھے (۱۴۶) تو یہ ہیں ان کے مکان (۱۴۷) کہ ان کے بعد یہاں سکونت نہ ہوئی مگر

قَلِيْلًا ؕ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى

کم (۱۴۸) اور ہم ہی وارث ہیں (۱۴۹) اور تمہارا رب شہروں کو ہلاک نہیں کرتا

حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْۤ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا

جب تک ان کے اصل مرکز میں رسول (۱۵۰) نہ بھیجے (۱۵۱) کہ ان پر ہماری آیتیں پڑھے (۱۵۲) اور ہم

مُهْلِكِي الْقُرٰۤى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَاۤ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

شہروں کو ہلاک نہیں کرتے مگر جب وہاں کے باشندے ستمگار ہوں (۱۵۳) اور جو کچھ تمہیں دیا گیا ہے

فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ؕ

وہ تو دنیا کی زندگی کا برتاؤ اور اس کا سنگار ہے (۱۵۴) اور جو اللہ کے پاس ہے (۱۵۵) وہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے (۱۵۶)

[illegible]

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٦٠﴾ أَفَمَن وَعَدْنَاهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيهِ

تو کیا تمہیں عقل نہیں (۱۵۶) تو کیا وہ جسے ہم نے اچھا وعدہ دیا (۱۵۷) تو وہ اس سے ملے گا

كَمَن مَّتَّعْنَاهُ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ

اس جیسے جسے ہم نے دنیوی زندگی کا برتاؤ برتنے دیا پھر وہ قیامت کے دن گرفتار کرکے

الْمُحْضَرِينَ ﴿٦١﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ

حاضر کیا جائے گا (۱۵۸) اور جس دن انہیں ندا کرے گا (۱۵۹) تو فرمائے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک

الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٦٢﴾ قَالَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ

جنہیں تم (۱۶۰) گمان کرتے تھے کہیں گے وہ جن پر بات ثابت ہو چکی (۱۶۱)

رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَغْوَيْنَا أَغْوَيْنَاهُمْ كَمَا غَوَيْنَا تَبَرَّأْنَا إِلَيْكَ

اے ہمارے رب یہ ہیں وہ جنہیں ہم نے گمراہ کیا ہم نے انہیں گمراہ کیا جیسے خود گمراہ ہوئے تھے (۱۶۲) ہم اس سے بیزار ہو کر تیری طرف رجوع لائے

مَا كَانُوا إِيَّانَا يَعْبُدُونَ ﴿٦٣﴾ وَقِيلَ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ

کہ وہ ہم کو نہ پوجتے تھے (۱۶۳) اور ان سے فرمایا جائے گا اپنے شریکوں کو پکارو (۱۶۴) تو وہ پکاریں گے

فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ لَوْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُونَ ﴿٦٤﴾

تو وہ ان کی نہ سنیں گے اور انہیں نے عذاب کیا پھاہتا اگر وہ راہ پاتے (۱۶۵)

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَا أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ ﴿٦٥﴾ فَعَمِيَتْ

اور جس دن انہیں ندا کرے گا تو فرمائے گا (۱۶۶) تم نے رسولوں کو کیا جواب دیا (۱۶۷) تو ان پر

بقیہ صفحہ ۲۰۶ ... (۵۳) ... (۵۴) ... (۵۵) ... (۱۵۶) ... (۱۵۷) ... (۱۵۸) ... (۱۵۹) ... (۱۶۰) ... (۱۶۱) ... (۱۶۲) ... (۱۶۳) ... (۱۶۴) ... (۱۶۵) ... (۱۶۶) ... (۱۶۷) ... (۱۶۸) ... (۱۶۹) ... (۱۷۰) ... (۱۷۱) ... (۱۷۲) ... (۱۷۳) ... (۱۷۴) ... (۱۷۵) ...

عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ

ان پر حجتیں مدھم ہو جائیں گی ف۱۶۸ تو وہ کچھ پوچھ گچھ نہ کریں گے ف۱۶۹ تو وہ جس نے توبہ کی ف۱۷۰

وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿٦٧﴾

اور ایمان لایا ف۱۷۱ اور اچھا کام کیا قریب ہے کہ وہ رہ پائے

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ

اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو چاہے اور پسند فرماتا ہے ف۱۷۲ ان کا ف۱۷۳ کچھ اختیار نہیں پاکی

اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ

اور برتری ہے اللہ کو ان کے شرک سے اور تمہارا رب جانتا ہے جو ان کے سینوں میں چھپا ہے

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى

ف۱۷۴ اور جو ظاہر کرتے ہیں ف۱۷۵ اور وہی ہے اللہ کہ کوئی معبود نہیں اس کے سوا اسی کی تعریف ہے دنیا ف۱۷۶

وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

اور آخرت میں اور اسی کا حکم ہے ف۱۷۷ اور اسی کی طرف پھرجاؤ گے تم فرماؤ ف۱۷۸ بھلا دیکھو تو اگر

جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ

اللہ ہمیشہ تم پر قیامت تک رات رکھے ف۱۷۹ تو اللہ کے

غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

سوا کون خدا ہے جو تمہیں روشنی لاوے ف۱۸۰ تو کیا تم سنتے نہیں ف۱۸۱ تم فرماؤ بھلا دیکھو تو اگر

(۱۶۸) اور کوئی عذر اور حجت انہیں ظاہر نہ ہوگی (۱۶۹) اور قیامت، حشر کے سخت دہشت میں کوئی کسی سے اس لئے نہ پوچھے گا کہ جواب سے عاجز ہو جائے میں سب کے سب ایک ہی حال میں ہوں گے یا مختلف کاموں میں ہوں گے (۱۷۰) شرک سے (۱۷۱) اپنے رب پر اور اس تمام چیزوں کی طرف سے آیا (۱۷۲) شان نزول یہ آیت مشرکین کے جواب میں نازل ہوئی جنہوں نے مکہ والوں سے کہا کہ اللہ نے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نبوت کے لئے کیوں منتخب کیا یہ قرآن کے دعا سے ہی ہے کہ مجھ پر یہ قرآن کیوں نہیں اترا یا مکہ یا طائف کے بڑے آدمی پر اترا اور مروی ہے کہ ان مشرکین کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی اور اس میں ان لوگوں کے عقیدہ کی تردید ہے جو اللہ تعالیٰ کی مرضی سے اپنی حکمت وعلم جانتا ہے کیا ان کی مرضی میں عمل کی ایجاد (۱۷۳) یعنی مشرکین کا (۱۷۴) یعنی کفر اور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عداوت جس کو یہ لوگ چھپاتے ہیں (۱۷۵) اپنی زبانوں سے جو اسلام کے خلاف ہے جیسے کہ بغض شخص کہ چار قرآن پاک سنا دیا (۱۷۶) کہ اس کے اولیاء دنیا میں بھی اس کی حمد کرتے ہیں اور آخرت میں بھی اس کی حمد سے ہاتھ اٹھاتے ہیں (۱۷۷) اس کی قضا و قدر میں نافذ جاری ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ اپنے فرمانبرداروں کے لئے معرفت کا اور نافرمانوں کے لئے شقاوت کا حکم دیتا ہے (۱۷۸) اے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہل مکہ سے (۱۷۹) اور دن کا سمجھ میں (۱۸۰) جس میں تم اپنے معاش کے کام کرو (۱۸۱) کیا تم ہوش سے کام لو

جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ
اللہ قیامت تک ہمیشہ دن رکھے (۱۸۲) تو اللہ کے

غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَ
سوا کون معبود ہے جو تمہیں رات لا دے جس میں آرام کرو (۱۸۳) تو کیا تمہیں سوجھتا نہیں (۱۸۴) اور

مِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَ
اس نے اپنی مہر سے تمہارے لئے رات اور دن بنائے کہ رات میں آرام کرو اور

لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ
دن میں اس کا فضل ڈھونڈو (۱۸۵) اور اس لئے کہ تم حق مانو (۱۸۶) اور جس دن انہیں ندا کرے گا

فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَنَزَعْنَا
تو فرمائے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک جو تم کہتے تھے (۱۸۷) اور ہر گروہ

مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ
میں سے ہم ایک گواہ نکال کر (۱۸۸) فرمائیں گے اپنی دلیل لاؤ (۱۸۹) تو جان لیں گے کہ (۱۹۰)

الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ اِنَّ قَارُوْنَ
حق اللہ کا ہے اور ان سے کھوئی جائیں گی جو باتیں کرتے تھے (۱۹۱) بے شک قارون

كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ
موسیٰ کی قوم سے تھا (۱۹۲) پھر اس نے ان پر زیادتی کی اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیئے

(۱۸۲) رات ہو یا دن (۱۸۳) اور اس کی مہربانی سے تمہارے لئے رات اور دن بنائے کہ رات میں آرام کرو اور دن میں روزی کماؤ (۱۸۴) کہ تم کتنی بڑی غلطی میں ہو جو اس کے ساتھ اور کو شریک کرتے ہو (۱۸۵) سب جمع کرو (۱۸۶) اور اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرو (۱۸۷) یہاں گواہ سے رسول مراد ہیں جو اپنی اپنی امتوں پر شہادت دیں گے کہ انہوں نے انہیں رب کے پیام پہنچائے اور نصیحتیں کیں (۱۸۸) یعنی شرک اور رسولوں کی مخالفت جو تمہارا شیوہ تھا اس پر کیا دلیل ہے پیش کرو (۱۸۹) الوہیت و معبودیت ثابت (۱۹۰) یہ کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہراتے تھے (۱۹۱) قارون حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چچا یصہر کا بیٹا تھا نہایت خوب صورت تھا اسی لئے اس کو منور کہتے تھے اور بنی اسرائیل میں تورات کا سب سے بہتر قاری تھا ناداری کے زمانہ میں نہایت متواضع و باخدا تھا دولت ہاتھ آتے ہی اس کا حال متغیر ہوا اور سامری کی طرح منافق ہو گیا کہا گیا ہے کہ فرعون نے اس کو بنی اسرائیل پر حاکم بنا دیا تھا

مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِی الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ

جن کی کنجیاں ایک زور آور جماعت پر بھاری تھیں جب اس سے اس کی

قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْفَرِحِیْنَ ﴿۷۶﴾ وَابْتَغِ فِیْمَآ

قوم نے کہا اترا نہیں ۱۹۲ بے شک اللہ اترانے والوں کو دوست نہیں رکھتا اور جو مال تجھے

اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ ۖ وَلَا تَنْسَ نَصِیْبَكَ مِنَ الدُّنْیَا ۖ

اللہ نے دیا ہے اس سے آخرت کا گھر طلب کر ۱۹۳ اور دنیا میں اپنا حصہ بھولنا ۱۹۴

وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَیْكَ ۖ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِی الْاَرْضِ ۗ

اور احسان کر ۱۹۵ جیسا اللہ نے تجھ پر احسان کیا اور فساد نہ چاہ زمین میں

اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۷۷﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِیْتُهٗ عَلٰی عِلْمٍ

بے شک اللہ فسادیوں کو دوست نہیں رکھتا ۱۹۶ بولا یہ دولت تو مجھے ایک علم سے ملی ہے جو میرے

عِنْدِیْ ۗ اَوَلَمْ یَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ

پاس ہے ۱۹۷ اور کیا اسے یہ نہیں معلوم کہ اللہ نے اس سے پہلے وہ سنگتیں قومیں ہلاک فرما دیں

الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ۗ وَلَا یُسْـَٔلُ

جن کی قوتیں اس سے سخت تھیں اور جمع اس سے زیادہ تھا اور مجرموں

عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۷۸﴾ فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ فِیْ زِیْنَتِهٖ ۗ

سے ان کے گناہوں کی پوچھ نہیں ۱۹۸ تو اپنی قوم پر نکلا اپنی آرائش میں ۱۹۹

(۱۹۲) یعنی مت اترا اس مال (۱۹۳) کثرت مال پر (۱۹۴) اللہ کی نعمتوں کو فراموش نہ کر (۱۹۵) یعنی اپنا مال آخرت کے لئے عمل کر کے عذاب سے بچ اس لئے کہ دنیا میں اس کا سچا حصہ یہ ہے کہ آخرت کے لئے عمل کرے صدقہ دے کر صلہ رحمی کر کے اور اعمال خیر کے ساتھ اور اس کی تفسیر میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اپنی صحت و قوت و جوانی و وقت و مال سے اس کے کہ اس کے ساتھ آخرت طلب کرے حدیث میں ہے کہ پانچ چیزوں کو پانچ سے پہلے غنیمت سمجھو جوانی کو بڑھاپے سے پہلے تندرستی کو بیماری سے پہلے فراغت کو شغل سے پہلے زندگی کو موت سے پہلے (۱۹۶) اللہ کے بندوں سے احسان کر (۱۹۷) معاصی اور نافرمانی اور ظلم و بغاوت کر کے (۱۹۸) یعنی قارون نے کہا کہ یہ مال (۱۹۹) اس علم سے مراد یا علم توریت ہے یا علم کیمیا جو اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے حاصل کیا تھا اور اس کے ذریعہ سے رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنا لیتا تھا یا علم تجارت یا علم زراعت یا اور کوئی فن علم عمل نے فرمایا جس سے خود بھی کمی کی اور پائی (۲۰۰) یعنی قوت و مال میں اس سے زیادہ تھے اور بڑی جماعتیں رکھتے تھے انہیں اللہ تعالیٰ نے ہلاک کر دیا پھر یہ کیوں قوت و مال کی کثرت پر مغرور کر رہا ہے وہ جانتا ہے کہ ایسے لوگوں کا انجام برا ہوتا ہے (۲۰۱) ان سے دریافت کرنے کی حاجت نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کا حال جاننے والا ہے اللہ استفہام سے کئے سوال بہت کا لوگوں کو رعب دینے کے لئے ہوگا (۲۰۲) یعنی سونے چاندی کے لئے ہوئے زیوروں سے آراستہ قیمتی لباس پہنے آراستہ گھوڑوں پر سوار

قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ

بولے وہ جو دنیا کی زندگی چاہتے ہیں کسی طرح ہم کو بھی ایسا ملتا جیسا

اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

قارون کو ملا بے شک اس کا بڑا نصیب ہے اور بولے وہ جنہیں علم دیا

الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَ

گئی (۲۰۳) خرابی ہو تمہاری اللہ کا ثواب بہتر ہے اس کے لیے جو ایمان لائے اور اچھے کام کرے (۲۰۴) اور

لَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۫ فَ

یہ نہیں پاتا ہے جو صبر والے ہیں (۲۰۵) تو ہم نے اسے (۲۰۶) اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا

مَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَا كَانَ

تو اس کے پاس کوئی جماعت نہ تھی کہ اللہ سے بچانے میں اس کی مدد کرتی (۲۰۷) اور نہ وہ

مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ

بدلہ لے سکا (۲۰۸) اور کل جس نے اس کے مرتبہ کی آرزو کی تھی صبح (۲۰۹)

يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

کہنے لگے عجب بات ہے اللہ کی وسعت کرتا ہے اپنے بندوں میں جس کے لیے چاہے

وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

اور تنگی فرماتا ہے (۲۱۰) اگر اللہ ہم پر احسان نہ فرماتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا ہے عجب کافروں کا بھلا

(۲۰۳) یعنی بنی اسرائیل سے علماء (۲۰۴) ان دولت سے جو پائیں قارون والی (۲۰۵) یعنی کل صابر ہی کا حصہ ہیں اور اس کا ثواب وہی پاتے ہیں (۲۰۶) یعنی قارون کو (۲۰۷) قارون اور اس کے گھر کے دھنسنے کا واقعہ علماء یہ واقعہ یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار لے جانے کے بعد ان کی ریاست حضرت ہارون علیہ السلام کو تفویض کی اور سرنال اپنی قربانیاں حضرت ہارون علیہ السلام کے پاس رہتے اور وہ وہیں رکھتے تھے اس سے اور بھی قارون کو حضرت ہارون کے اس منصب پر رشک ہوا اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ساکر ریاست کو اپنی اولاد کی طرف حضرت ہارون میں بھی رہا ہے یہ نہیں اور ہم تک قاری ہوں میں اس پر صبر نہیں کر سکتا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ منصب حضرت ہارون کو میں نے نہیں بلکہ اللہ نے دیا ہے قارون نے کہا اس قسم تک آپ کی تصدیق نہ کروں گا جب تک آپ اس کا ثبوت مجھے دکھلا دیں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رؤسائے بنی اسرائیل کو جمع کرنے کا حکم دیا کہ اپنی اپنی لاٹھیاں لے آئیں سب نے اپنے قبیلے میں جمع کیا رات بھر بنی اسرائیل ان لاٹھیوں کا پہرہ دیتے رہے صبح کو حضرت ہارون علیہ السلام کا عصا سرسبز شاداب ہو گیا اس میں پتے نکل آئے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ قارون تو نے یہ دیکھ لیا کہ آپ کے علاوہ سے کچھ عجیب نہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام اس مدارات کرتے تھے اور وہ آپ کو ہر وقت ایذا دیتا تھا اور اس کی سرکشی اور تکبر اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ عداوت و عناد حد تک پہنچ گئی اس نے ایک مکان بنایا جس کا دروازہ سونے کا تھا اور اس کی دیواروں پر سونے کے پترے چڑھائے تھے صبح و شام اس کے پاس آتے جاتے رہتے تھے بنا کے جب زکوٰۃ کا حکم نازل ہوا تو قارون موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا اور اس نے آپ سے طے کیا کہ ہر ہزار دینار و درہم وغیرہ میں سے ہزارواں حصہ زکوٰۃ کا لیا جائے گا چنانچہ اس کے مال میں سے اتنا ہی حصہ نکلا اس نے نفس نے اتنی ہی مقدار کی اور اس نے بنی اسرائیل کو جمع کر کے کہا کہ تم نے موسیٰ علیہ السلام کی بیوی میں اطاعت کی وہ تمہارے مال پر قابض ہو گئے ہیں یہ کہتے ہیں کہ آپ بڑے ہیں آپ چاہیں حکم دیں گے کہ فلانی بدچلن عورت کے پاس جاؤ اور اس سے ایک معاوضہ مقرر کر کے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تہمت لگائے ایسا ہو تو بنی اسرائیل حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پتھر مار دیں گے چنانچہ قارون نے اس عورت کو ہزار اشرفی اور ہزار روپیہ دینے کا وعدہ کر کے یہ تہمت لگانے پر طے کیا اور وہ ہر سے دور

الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٢﴾ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ

ہیں یہ آخرت کا گھر وہ ہم ان کے لئے کرتے ہیں جو نہیں

عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٨٣﴾ مَنْ

تکبر نہیں چاہتے اور نہ فساد اور عاقبت پرہیزگاروں ہی کی ف۲۱۲ ہے جو

جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا

نیکی لائے ان کے لیے اس سے بہتر ہے ف۲۱۳ اور جو بدی لائے بدکام

يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ اِنَّ

والوں کو بدلہ نہ ملے گا مگر جیسا کیا تھا بے شک

الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَاۗدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ

جس نے تم پر قرآن فرض کیا ف۲ وہ تمہیں پھیرے جائے گا ضرور پھیرا جانا ہے ف۲۱۵ تم فرماؤ میرا رب

اَعْلَمُ مَنْ جَاۗءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٨٥﴾ وَمَا

خوب جانتا ہے اسے جو ہدایت لایا اور جو کھلی گمراہی میں ہے ف۲۱۶ اور

كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ

تم امید نہ رکھتے تھے کہ کتاب تم پر بھیجی جائے گی ف۲ ہاں تمہارے رب نے رحمت فرمائی

فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ

تو تم ہرگز کافروں کی پشت پناہی نہ کرنا ف۲۱۷ اور ہرگز وہ تمہیں اللہ کی آیتوں سے نہ روکیں

[illegible]

بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ

بعد اس کے کہ وہ تیری طرف اتاری گئیں ف۲۲۹ اور اپنے رب کی طرف بلاؤ ف۲۳۰ اور ہرگز شرک والوں میں

الْمُشْرِكِيْنَ ۝ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ

سے نہ ہونا ف۲۳۱ اور اللہ کے ساتھ دوسرے خدا کو نہ پوجنا اس کے سوا کوئی خدا نہیں

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ ع

ہر چیز فانی ہے سوا اس کی ذات کے اس کا حکم ہے اور اسی کی طرف پھرے جاؤ گے ف۲۳۲

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ عنکبوت مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

الٓمّٓ ۝ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ

الم ف۱ کیا لوگ اس گمان میں ہیں کہ انہیں یونہی چھوڑ دیئے جائیں گے کہ کہیں ہم ایمان لائے اور ان کی

لَا يُفْتَنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَلَيَعْلَمَنَّ

آزمائش نہ ہوگی ف۲ اور بے شک ہم نے ان سے اگلوں کو جانچا ف۳ تو ضرور اللہ

اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝ اَمْ حَسِبَ

سچوں کو دیکھے گا اور ضرور جھوٹوں کو دیکھے گا ف۴ یا یہ سمجھے ہوئے ہیں

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝

جو برے کام کرتے ہیں وہ کہ ہم سے کہیں نکل جائیں گے ف۵ کیا ہی برا حکم لگاتے ہیں

(۲۰۸) حضرت موسیٰ علیہ السلام سے (۲۰۹) پہلے اگلوں پر حرام ہوا (۲۱۰) کل سے لے کر ہے (۲۱۱) یعنی جنت (۲۱۲) محمود (۲۱۳) اس کا ثواب (۲۱۴) یعنی اس کلمہ سے تسبیح و تحمید سے اخلاص کامل مراد ہے (۲۱۵) یعنی ظاہر میں مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو فتح مکہ کے دن مکہ مکرمہ میں بہت شان و شکوہ اور عزت و وقار اور غلبہ و اقتدار کے ساتھ داخل کرے گا وہاں کے رہنے والے سب آپ کے زیر فرماں ہوں گے شرک اور اس کے حامی ذلیل اور خواہوں گے شان نزول یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ کی طرف ہجرت کرتے ہوئے وہاں پہنچے اور آپ کو اپنے آباء کے وطن مکہ مکرمہ کا شوق ہوا تو جبریل امین آئے اور انہوں نے عرض کیا کہ کیا تصور ہے آپ شہر مکہ مکرمہ کا شوق سے فرما دیں انہوں نے عرض کیا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور یہ آیت کریمہ مکی معادی طبیر موت و قیامت سے بھی ہے (۲۱۶) یعنی جو اس سے جانتا ہے کہ میں ہدایت لایا اور میرے لئے اس کا اجر و ثواب ہے اور مشرکین گمراہی میں ہیں اور سخت عذاب کے مستحق شان نزول آیت نظارہ کے جواب میں نازل ہوئی جو انہوں نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت کہا ذلک من صدق نصیب یعنی آپ ضرور عمل کرانے میں ہیں (۲۱۷) (۲۱۷) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ یہ خطاب ظاہر میں ہی مریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہے اور مراد اس سے موسیٰ ہیں (۲۱۸) ان کے تمہیں دور و نگار نہ ہونا (۲۱۹) یعنی عدل کرو ان باتوں کی طرف التفات نہ کرو اور اسے ٹھکرا دیا (۲۲۰) خلق کو اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی عبادت کی دعوت دو (۲۲۱) ان کی اذیت پر صبر کرنا (۲۲۲) آخرت میں اور دنیا اعمال کی جزا دے گا

(۱) سورۂ عنکبوت مکی ہے اس میں سات رکوع ستر آیتیں نو سو اکہتر کلمے چار ہزار تین سو چھتر حرف ہیں (۲) شدائد تکالیف اور انواع مصائب اور دوق طاعات و ترک شہوات و بذل مال و جان سے کہ ان کی حقیقت ایمان خوب ظاہر ہو جائے اور مومن مخلص اور منافق میں امتیاز ظاہر ہو جائے شان نزول یہ آیت ان حضرات کے حق میں نازل ہوئی جو مکہ مکرمہ میں تھے اور انہوں نے اسلام کا اقرار کیا تو اصحاب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں لکھا کہ محض اقرار کافی نہیں جب تک کہ ہجرت نہ کریں ان صاحبوں نے ہجرت کی اور قصد مدینہ کا کیا ہوئے مشرکین ان کے درپے ہوئے اور ان سے قتال کیا بعض حضرات ان میں سے شہید ہو گئے بعض بچ آئے ان کے حق میں یہ دو آیتیں نازل ہوئیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ مراد ان لوگوں

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ
جسے اللہ سے ملنے کی امید ہو (۵) تو بے شک اللہ کی میعاد ضرور آنے والی ہے (۶) اور وہی
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ
سنتا جانتا ہے (۷) اور جو اللہ کی راہ میں کوشش کرے (۸) تو اپنے ہی بھلے کو کوشش کرتا ہے (۹)
اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
بے شک اللہ بے پروا ہے سارے جہان سے (۱۰) اور جو ایمان لائے اور اچھے
الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ
کام کئے ہم ضرور ان کی برائیاں ان سے دور کر دیں گے (۱۱) اور ضرور انہیں ان کے کاموں کا بدلہ دیں گے
الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ
جو ان کے سب کاموں میں اچھا تھا (۱۲) اور ہم نے آدمی کو تاکید کی اپنے ماں باپ کے ساتھ بھلائی کی (۱۳)
وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ
اور اگر وہ تجھ سے کوشش کریں کہ تو میرا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے علم نہیں تو ان کا کہا نہ مان (۱۴)
اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
میری ہی طرف تم کو پھرنا ہے تو میں تم کو بتا دوں گا جو تم کرتے تھے (۱۵) اور جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَمِنَ
اور اچھے کام کئے ہم ضرور انہیں نیکوں میں داخل کریں گے (۱۶) اور بعض

بقیہ صفحہ ۷۱۱ = سے طرح طرح کی ایذائیں دیں اور [illegible] میں ایمان لائے اور ایک قول یہ ہے کہ یہ
آیت حضرت عمار کے حق میں نازل ہوئی جو [illegible] سے مارے جاتے تھے [illegible] انہیں چھوڑ دیتے تھے اور ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت
حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلام حضرت عیاش بن ابی ربیعہ کے حق میں نازل ہوئی جو بدر میں سب سے پہلے شہید ہونے والے ہیں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم نے ان کی بہت تعریف فرمائی کہ یہ سید شہداء ہیں [illegible] اور ان کی بی بی ام ولد اور ان کی بی بی ام کلثوم
بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ [illegible] (۱) [illegible] (۲) [illegible] (۳) [illegible] (۴) ایک کامل خاص فرمائے گا (۵) شرک و معاصی
میں مبتلا ہیں (۶) اور ہم ان سے انتقام لیں گے (۷) بعث و حساب سے ڈرے یا ثواب کی امید رکھے (۸) اس سے ثواب و عذاب کا وعدہ فرمایا ہے
ضرور پورا ہونے والا ہے چاہئے کہ اس کے لئے تیار رہے اور عمل صالح میں جلدی کرے (۹) بندوں کے اقوال و افعال کو (۱۰) خواہ اعداء دین سے
مجاہدہ کر کے یا نفس و شیطان کی مخالفت کر کے اور طاعت الٰہی پر صابر و قائم رہ کر (۱۱) اس کا اجر و ثواب پائے گا (۱۲) نفس و شیطان و ملائکہ و ان کے اعمال
و عبادات سے اس کا امر و نہی فرمانا بندوں پر رحمت و کرم کے لئے ہے (۱۳) گناہوں سے جب (۱۴) یعنی عمل نیک (۱۵) احسان اور نیک سلوک کی
شان نزول یہ آیت اور سورۂ لقمان سورۂ احقاف کی آیتیں سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں [illegible] ایک دوسری کے حق میں
نازل ہوئیں ان کی ماں حمنہ بنت ابی سفیان بن امیہ بن عبد شمس تھی حضرت سعد [illegible] میں سے تھے اور اپنی والدہ کے ساتھ اچھا سلوک رکھتے تھے
جب آپ اسلام لائے تو آپ کی والدہ نے کہا کہ تو نے یہ کیا نیا کام کیا [illegible] قسم اگر تو اس سے باز نہ آیا تو میں کھانا پینا چھوڑ دوں اور تیرے
ہمیشہ کے لئے بدنامی ہو اور تجھے ماں کا قاتل کہا جائے پھر اس بڑھیا نے فاقہ کیا اور ایک شبانہ روز [illegible] میں مبتلا ہوئی اس سے ضعیف ہو گئی پھر ایک
رات دن اور اسی طرح رہی تب حضرت سعد اس کے پاس آئے اور آپ سے اس نے فرمایا کہ اے سعد [illegible] تیری موجود ہوں اور تیرے سب [illegible]
نقل جائیں تو بھی میں اپنا دین نہ چھوڑنے والی نہیں تو چاہے کھا چاہے [illegible] حضرت سعد کی [illegible] ہو گئی کہ [illegible] چھوڑنے والے نہیں

النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ

آدمی کہتے ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے پھر جب اللہ کی راہ میں کوئی تکلیف دی

جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ۭ وَلَىِٕنْ جَاۗءَ نَصْرٌ مِّنْ

جاتی ہے (۱۹) تو لوگوں کے فتنہ کو اللہ کے عذاب کے برابر سمجھتے ہیں (۲۰) اور اگر تمہارے رب کے پاس سے مدد

رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۭ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ

آئے (۲۱) تو ضرور کہیں گے ہم تو تمہارے ہی ساتھ تھے (۲۲) کیا اللہ خوب نہیں جانتا جو کچھ

صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ

جہان بھر کے دلوں میں ہے (۲۳) اور ضرور اللہ ظاہر کر دے گا ایمان والوں کو (۲۴) اور ضرور ظاہر کر

الْمُنٰفِقِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا

دے گا منافقوں کو (۲۵) اور کافر مسلمانوں سے بولے تم ہماری

سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ۭ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ

راہ چلو اور ہم تمہاری خطائیں لے لیں گے (۲۶) حالانکہ وہ ان کے گناہوں میں سے

خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ

کچھ نہ لے سکیں گے بے شک وہ جھوٹے ہیں (۲۷) اور ضرور اٹھائیں گے اپنے بوجھ

وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَلَيُسْـَٔــلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا

اور اپنے بوجھوں کے ساتھ اور بوجھ (۲۸) اور قیامت کے دن پوچھے جائیں گے جو کچھ بہتان

[illegible]

يَفْتَرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ

ٹھاتے تھے ۲۹ اور بے شک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ ان میں

اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ

پچاس سال کم ہزار برس رہا ۳۰ تو انھیں طوفان نے آ لیا اور وہ

ظٰلِمُوْنَ ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً

ظالم تھے ۳۱ تو ہم نے اسے ۳۲ اور کشتی والوں کو ۳۳ بچا لیا اور اس کشتی کو سارے جہان

لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ

کے لیے نشانی کیا ۳۴ اور ابراہیم کو ۳۵ جب اس نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اللہ کو پوجو اور اس سے ڈرو

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

یہ تمہارا بھلا ہے اگر تم جانتے تو تم اللہ کے سوا

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ

بتوں کو پوجتے ہو اور نرا جھوٹ گڑھتے ہو ۳۶ بے شک وہ جنہیں تم اللہ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ

کے سوا پوجتے ہو تمہاری روزی کے کچھ مالک نہیں تو اللہ کے پاس رزق

الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَ

ڈھونڈو ۳۷ اور اس کی بندگی کرو اور اس کا احسان مانو اسی کی طرف پھرائے جاؤ ۳۸ و

(۲۹) اللہ تعالیٰ ان سے اعمال [illegible] (۳۰) [illegible] قوم کو توحید و ایمان کی دعوت [illegible]
[illegible] (۳۱) [illegible] (۳۲) [illegible] (۳۳) [illegible] (۳۴) [illegible] (۳۵) [illegible] (۳۶) [illegible]
[illegible] (۳۷) [illegible] (۳۸) [illegible]

إِنْ تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ أُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ۖ وَمَا عَلَى
الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿١٨﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللَّهُ
الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿١٩﴾ قُلْ سِيرُوا
فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللَّهُ يُنشِئُ
النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾ يُعَذِّبُ
مَن يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَن يَشَاءُ ۖ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ ﴿٢١﴾ وَمَا أَنتُم
بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۖ وَمَا لَكُم مِّن
دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿٢٢﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ

(۳۹) اور مجھے۔ ماتو اس سے تیرا [illegible] ہماری [illegible] پیش [illegible] (۴۰) اپنے [illegible]
جیسے کہ قوم نوح و عاد و ثمود و [illegible] والوں سے [illegible] (۴۱) کہ پہلے [illegible] پھر [illegible]
دیتا ہے پھر گوشت پارہ بناتا ہے اس طرح تدریجاً اس کی خلقت کو مکمل [illegible] (۴۲) [illegible] وقت (۴۳) یعنی [illegible]
کے بعد پھر دوبارہ بنانا (۴۴) گزشتہ قوموں کے [illegible] (۴۵) مخلوق کو [illegible] (۴۶) یعنی جب یہ یقین [illegible] کہ پہلی مرتبہ
اللہ ہی نے پیدا کیا تو معلوم ہوگیا کہ اس خالق کا مخلوق کو موت دینے کے بعد دوبارہ پیدا [illegible] (۴۷) اپنے [illegible] (۴۸) اپنے فضل
سے (۴۹) اپنے رب کے (۵۰) اس سے بچنے [illegible] میں محال نہیں [illegible] کہ [illegible] اس کے حکم [illegible] آسمان والے

اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ

اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ

مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ

بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۖ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ

وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ

اِلٰى رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَ

(۵) بھی تو اس شریف اور عالیشان ایمان والے (۵۲) اس وعظ و نصیحت کے بعد پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے واقعہ فرما رہا ہے کہ جب آپ سے اپنی قوم کو ایمان کی دعوت دی اور اللہ کی عبادت اور تقویٰ کا حکم دیا (۵۳) تو انہوں نے آپس میں ایک دوسرے سے کہا اپنے دشمنوں سے اپنے مقتدیوں سے ہر حال بچو کے والے تھے جو بت پرستی اور اسی کو اپنا معبود مانتے تھے جس میں ان سے اور سب قائلین سے علم میں ہیں (۵۴) یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جلانے میں قوم نے کئی دن (۵۵) ایک گڑھا کھود کر اور حضرت ابراہیم کو اس میں ڈال کر (۵۶) عجیب عجیب شکلیں آگ کا اس شدت سے بڑھنا اور بھڑکنا کہ کوئی پاس نہ جا سکے اور آپ کو منجنیق پر رکھ کر آگ میں پھینکا گیا (۵۷) اپنی قوم سے (۵۸) پھر مطلع ہو جائے گی اور آخرت میں پورا کام ہو جائے گا (۵۹) تم بت پرستوں نے ان بتوں سے دوستی کر رکھی ہے دنیا میں ایک دوسرے کو دھوکا دیتے رہو گے (۶۰) تو کافر پیشوا کافر پیروؤں کو اور کافر پیروؤں کو اور کافر پیروؤں کو جہنم میں جلائے گا اور جب حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات آگ سے سلامت نکلے تو کسی نے آپ سے پوچھا (۶۱) کہ حضرت لوط علیہ السلام نے یہ معجزہ دیکھ کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی رسالت کی تصدیق کی آپ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے تصدیق کرنے والے ہیں ایمان سے تصدیق رسالت ہی مراد ہے یعنی اصل توحید کا اعتقاد تو ہمیشہ سے حاصل ہے اس لئے انبیاء علیہم السلام ہمیشہ ہی مومن ہوتے ہیں اور کفر ان سے کسی حال میں متصور نہیں (۶۲) اپنی قوم کو چھوڑ کر (۶۳) یہاں سے کاسد ہو چکا ہے آپ نے عراق سے زمین شام کی طرف ہجرت فرمائی اس ہجرت میں آپ کے ساتھ آپ کی بی بی سارہ اور حضرت لوط علیہ السلام تھے (۶۵) بعد حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے

يَعْقُوبَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ وَآتَيْنَاهُ أَجْرَهُ

یعقوب عطا فرمائے اور ہم نے اس کی اولاد میں نبوت رکھی اور کتاب رکھی اور ہم نے دنیا میں اس

فِي الدُّنْيَا ۖ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿٢٧﴾ وَلُوطًا إِذْ

کا ثواب اسے عطا فرمایا اور بے شک آخرت میں وہ ہمارے قرب خاص کے نزدیکوں میں سے ہے اور لوط کو نجات دی جب

قَالَ لِقَوْمِهِ إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ

اس نے اپنی قوم سے فرمایا تم ایسے بے حیائی کا کام کرتے ہو کہ تم سے پہلے دنیا

أَحَدٍ مِنَ الْعَالَمِينَ ﴿٢٨﴾ أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُونَ

بھر میں کسی نے نہ کیا ہے کیا تم مردوں سے بدفعلی کرتے ہو اور راہ مارتے

السَّبِيلَ ۖ وَتَأْتُونَ فِي نَادِيكُمُ الْمُنْكَرَ ۖ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ

ہو راہ اور اپنی مجلس میں بری بات کرتے ہو تو اس کی قوم کا کچھ جواب نہ ہوا

إِلَّا أَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللَّهِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٢٩﴾

مگر یہ کہ بولے ہم پر اللہ کا عذاب لاؤ اگر تم سچے ہو ﴿٢٩﴾

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِينَ ﴿٣٠﴾ وَلَمَّا جَاءَتْ

لوط نے کہا اے میرے رب میری مدد کر ان فسادی لوگوں پر ﴿٣٠﴾ اور جب ہمارے

رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا إِنَّا مُهْلِكُو أَهْلِ هَٰذِهِ

فرشتے ابراہیم کے پاس مژدہ لے کر آئے ﴿٣١﴾ بولے ہم ضرور اس شہر والوں کو ہلاک کریں گے ﴿٣١﴾

(٦٧) یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دوسرے صاحبزادے ہیں آپ ہی نسل سے ہوئے (٦٨) اس سے توریت انجیل زبور قرآن شریف مراد ہیں (٦٨) یہ بات دنیا میں عطا فرمائی جیسے ان کی نسل میں نبی رسول ان کتابوں کے عطا کئے جو ان کی اولاد میں ہیں اور ان کو خلق میں محبوب و مقبول کیا کہ تمام اہل ادیان ان سے محبت رکھتے ہیں اور ان کی طرف نسبت کرتے ہیں اور ان کے لئے اسلام دین تک درود مقرر کر دیا یہ تو وہ ہے جو دنیا میں عطا فرمایا (٦٩) جس سے کہ بڑے مقرب ہیں (٧٠) اس بے حیائی کو بیان کرتے ہیں اگلی آیت میں بیان ہوتی ہے (٧١) راہ گیروں کو قتل کر کے ان کے مال لوٹ کر اور یہ بھی ہوا کہ وہ لوگ مسافروں کے ساتھ بدفعلی کرتے تھے جس کو لوگوں نے بری طرف گزرنا موقوف کر دیا تھا (٧٢) جو معاملہ وقوع میں آتا تھا جیسے گالی دینا ہنسی مذاق اور سیٹی بجانا ایک دوسرے کے سامنے بدنامی کرنا راستہ چلنے والوں پر کنکری وغیرہ پھینکنا شراب پینا جوا کھیلنا گندی باتیں بنانا وغیرہ وغیرہ پھر تھوکنا وغیرہ وغیرہ بدفعلیاں تھیں جو قوم لوط میں ہوئی تھیں حضرت لوط علیہ السلام نے اس پر انہیں ملامت کی (٧٣) اس بات میں کہ یہ افعال قبیح ہیں اور ایسا کرنے والے عذاب کے لائق ہو گئے ہیں اور استہزاء کیا جب حضرت لوط علیہ السلام کو اس لوط کے اور بات آئی کچھ سمجھ نہ آئی تو آپ نے بددعا کی (٧٤) اور قوم لوط کے بارے میں میری بات پوری کر کے (٧٥) اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا قبول فرمائی (٧٦) ان کے بیٹے اور پوتے حضرت اسحٰق و حضرت یعقوب علیہما السلام کا (٧٧) اس شہر کا نام سدوم تھا

الْقَرْيَةِ ۖ إِنَّ أَهْلَهَا كَانُوا ظَالِمِينَ ﴿٣١﴾ قَالَ إِنَّ فِيهَا لُوطًا ۚ

بے شک ان کے بسنے والے ستمگار ہیں ۔ کہا (۸۹) اس میں تو لوط ہے (۹۰)

قَالُوا نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَنْ فِيهَا ۖ لَنُنَجِّيَنَّهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ

فرشتے بولے ہمیں خوب معلوم ہے جو کوئی اس میں ہے ضرور ہم اسے (۹۱) اور اس کے گھر والوں کو بچا لیں گے مگر اس

كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ ﴿٣٢﴾ وَلَمَّا أَنْ جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا

کی عورت کو وہ رہ جانے والوں میں ہے (۹۲) اور جب ہمارے فرشتے لوط کے پاس (۹۳) آئے

سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالُوا لَا تَخَفْ وَلَا

ان کا آنا اسے ناگوار ہوا اور ان کے سبب اس تنگ ہوا (۹۴) اور انہوں نے کہا نہ ڈر (۹۵) اور نہ

تَحْزَنْ ۖ إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ إِلَّا امْرَأَتَكَ كَانَتْ مِنَ

غم کر (۹۶) بے شک ہم تجھے اور آپ کے گھر والوں کو بچا لیں گے مگر آپ کی عورت وہ رہ جانے والوں

الْغَابِرِينَ ﴿٣٣﴾ إِنَّا مُنْزِلُونَ عَلَىٰ أَهْلِ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا

میں ہے بے شک ہم اس شہر والوں پر آسمان سے عذاب اتارنے

مِنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٣٤﴾ وَلَقَدْ تَرَكْنَا مِنْهَا

والے ہیں بدلہ ان کی نافرمانیوں کا اور بے شک ہم نے اس سے روشن

آيَةً بَيِّنَةً لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٣٥﴾ وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۗ

نشانی باقی رکھی عقل والوں کے لیے (۹۷) اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا

(۷۸) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے (۷۹) لوط علیہ السلام سے ہی اور اس سے زیادہ ملتے ہیں (۸۰) یعنی لوط علیہ السلام کو (۸۱) عذاب میں (۸۲) خوب صورت مہمانوں کی شکل میں (۸۳) قوم کے بداعمالی و خرابات اور ان کا عیاں کرنے اس وقت فرشتوں نے فرمایا کہ وہ اللہ کے بھیجے ہوئے ہیں (۸۴) قوم سے (۸۵) مراد کہ قوم کے لوگ اور سے ساتھ ہی ہے اپنی پاکدامنی کریں ہم فرشتے ہیں ہم لوگوں کو ہلاک کریں گے اور (۸۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ وہ روشن نشانی قوم لوط کے ویران مکان ہیں

فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا

تو اس نے فرمایا اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو اور پچھلے دن کی امید رکھو اور زمین میں

فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٣٦﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

فساد پھیلاتے نہ پھرو تو انھوں نے اسے جھٹلایا تو انھیں زلزلے نے آ لیا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٣٧﴾ وَعَادًا وَّثَمُوْدَا وَقَدْ

تو صبح اپنے گھروں میں گھٹنوں کے بل پڑے رہ گئے ۹۸ اور عاد اور ثمود کو ہلاک فرمایا اور تمہیں ۹۹

تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

ان کی بستیاں معلوم ہو چکی ہیں ۱۰۰ اور شیطان نے ان کے کام ۱۰۱ ان کی نگاہ میں بھلے کر دکھائے

فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَارُوْنَ

انھیں راہ سے روکا اور وہ سوجھتے تھے ۱۰۲ اور قارون

وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۫ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ

اور فرعون اور ہامان کو ۱۰۳ اور بے شک ان کے پاس موسیٰ روشن نشانیاں لے کر آیا

فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿٣٩﴾ فَكُلًّا اَخَذْنَا

تو انھوں نے زمین میں تکبر کیا اور وہ ہم سے نکل کر جانے والے نہ تھے ۱۰۴ تو ان میں ہر ایک کو

بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ

ہم نے اس کے گناہ پر پکڑا تو ان میں کسی پر ہم نے پتھر برسائے ۱۰۵ اور ان میں کسی کو

(۸۷) یعنی روز قیامت کی امید اعمال نیک کرو تو ... (۸۸) ... (۸۹) ... (۹۰) ... تمہارے معروں میں وہاں گرے رہو (۹۱) ... صاحب عقل ... (۹۲) ... (۹۳) ... (۹۴) ... (۹۵) ... ہوا سے ان پر لگتے تھے

اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ

پکڑ لے گئی ہے (۹۶) اور ان میں کسی کو زمین میں دھنسا دیا (۹۷) اور ان میں

مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

کسی کو ڈبو دیا (۹۸) اور اللہ کی شان نہ تھی کہ ان پر ظلم کرے (۹۹) ہاں وہ خود ہی تھے اپنی جانوں پر

يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ

ظلم کرتے تھے (۱۰۰) ان کی مثال جنہوں نے اللہ کے سوا اور مالک بنا لئے ہیں

كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۚ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ

مکڑی کی طرح ہے (۱۰۱) اس نے اپنا گھر بنایا (۱۰۲) اور بے شک سب گھروں میں کمزور گھر

لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

مکڑی کا گھر ہے (۱۰۳) کیا ہی اچھا ہو کہ سمجھ جائیں (۱۰۴) بے شک اللہ جانتا ہے

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾ وَتِلْكَ

جو کچھ کہ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ (۱۰۵) اور وہی عزت و حکمت والا ہے (۱۰۶) اور یہ

الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَلَقَ

مثالیں ہم لوگوں کے لئے بیان فرماتے ہیں (۱۰۷) اور انہیں نہیں سمجھتے مگر علم والے (۱۰۸) پیدا کیا

اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

آسمان اور زمین حق سے بے شک اس میں نشانی ہے (۱۰۹) مسلمانوں کے لئے

(۹۶) یعنی قوم ثمود کے ہولناک کڑکے سے مراد ہے (۹۷) یعنی قارون اور اس کے ساتھیوں کی (۹۸) جیسے قوم نوح کو اور قوم لوط اور اس کی قوم کو (۹۹) اور ان کو بھی کسی طرح نہیں کہ اللہ نے ان پر ظلم کیا (۱۰۰) یعنی جو لوگ اللہ کے سوا حاجت روا بناتے ہیں (۱۰۱) یعنی جو لوگ اللہ کے سوا دوست بناتے ہیں ان کی مثال یہ ہے جیسے مکڑی (۱۰۲) اپنے رہنے کے لئے [illegible] (۱۰۳) [illegible] (۱۰۴) [illegible] (۱۰۵) [illegible] (۱۰۶) [illegible] (۱۰۷) [illegible] (۱۰۸) [illegible] (۱۰۹) [illegible]

وقف لازم

ع ۱۱

الصلوٰۃ تنھٰی عن الفحشاء والمنکر ولذکر اللہ اکبر واللہ

اے محبوب پڑھو جو کتاب تمہاری طرف وحی کی گئی (۱۰۹) اور نماز قائم فرماؤ بے شک

الصلوٰۃ تنھٰی عن الفحشاء والمنکر ولذکر اللہ اکبر واللہ

نماز منع کرتی ہے بے حیائی اور بری بات سے (۱۱۰) اور بے شک اللہ کا ذکر سب سے بڑا (۱۱۱) اور اللہ

یعلم ما تصنعون ۝ ولا تجادلوا اھل الکتٰب الا بالتی

جانتا ہے جو تم کرتے ہو اور نہ جھگڑو کتابیوں سے مگر بہتر

ھی احسن الا الذین ظلموا منھم وقولوا امنا بالذی

طریقہ پر (۱۱۲) مگر وہ جنہوں نے ان میں سے ظلم کیا (۱۱۳) اور کہو (۱۱۴) ہم ایمان لائے اس

انزل الینا وانزل الیکم والھنا والھکم واحد ونحن لہ

پر جو ہماری طرف اترا اور جو تمہاری طرف اترا اور ہمارا تمہارا ایک معبود ہے اور ہم اس کے

مسلمون ۝ وکذلک انزلنا الیک الکتٰب فالذین اٰتینٰھم

حضور گردن رکھے ہیں (۱۱۵) اور اے محبوب یونہی تمہاری طرف کتاب اتاری (۱۱۶) تو وہ جنہیں ہم نے کتاب عطا فرمائی

الکتٰب یؤمنون بہ ومن ھٰؤلاء من یؤمن بہ وما یجحد

(۱۱۷) اس پر ایمان لاتے ہیں اور ان میں سے ہیں (۱۱۸) جو اس پر ایمان لاتے ہیں اور ہماری آیتوں

بایٰتنا الا الکفرون ۝ وما کنت تتلوا من قبلہ من کتٰب

سے منکر نہیں ہوتے مگر کافر (۱۱۹) اور اس (قرآن) سے پہلے نہ کوئی کتاب تم پڑھتے تھے

(۱۰۹) یعنی قرآن شریف کہ اس کی تلاوت محبوب بھی ہے اور اس میں دوسروں سے پہلے پیغمبر کو اور تمام آداب و اخلاق کی تعلیم ہے

(۱۱۰) یعنی صلوات شرعیہ سے اللہ جو تمہیں عطا فرماتا ہے اور اس کو پوری طرح ادا کرو تو یہ نماز ایک دن وہاں [illegible] کر دیتا ہے جن میں مبتلا تھے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک انصاری جوان سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتا تھا اور بہت سے کبیرہ گناہوں کا مرتکب تھا حضور نے اس کی شکایت کی [illegible] زمانہ میں اس نے توبہ کی اور اس کا حال بتایا گیا حضرت [illegible] رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا [illegible] نہیں (۱۱۱) کہ وہ اصل عبادت ہے تمہاری اس حدیث میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] نہیں [illegible] وہ عمل جو تمہارے اعمال میں بہتر اور رب کے نزدیک پاکیزہ تر ہدایت بلند تر اور تمہارے لئے سونے چاندی سے بہتر [illegible] اور جہاد میں لڑنے اور مارے جانے سے بہتر ہے صحابہ نے عرض کیا بے شک بار ہوں اللہ فرمایا وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے ترمذی کی دوسری حدیث میں ہے کہ صحابہ نے حضور سے دریافت کیا تھا کہ روز قیامت اللہ تعالیٰ کے نزدیک کن بندوں کا درجہ افضل ہے فرمایا کثرت سے ذکر کرنے والوں کا صحابہ نے عرض کیا اور جہاد میں جہاد کرنے والا فرمایا اگر وہ اپنی تلوار سے کفار و مشرکین کو یہاں تک مارے کہ تلوار ٹوٹ جائے اور وہ خون میں رنگ جائے [illegible] اس سے بڑا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس آیت کی تفسیر یہ منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو یاد فرماتا ہے [illegible] اس میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر بڑا ہے [illegible] بری باتوں سے روکنے اور منع کرنے میں (۱۲) اللہ تعالیٰ کی طرف اس کی آیات سے حجت [illegible] گفتگو کرنے (۱۱۳) [illegible] میں حد سے گزر گئے بغیر اختیار یا نصیحت [illegible] کے ساتھ حکمت [illegible] ایک قول یہ ہے کہ معنی یہ ہیں کہ جن لوگوں نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا دی یا جنہوں نے اللہ تعالیٰ سے بیٹا اور شریک بتایا ان کے ساتھ [illegible] اور یہ معنی ہیں کہ دعوت دینے والوں کے ساتھ احسن طریقہ پر مجادلہ کرو مگر جنہوں نے ظلم کیا اور [illegible] ان سے [illegible] کفار کے ساتھ ہے مسئلہ اس آیت سے [illegible] ساتھ دینی امور میں مناظرہ کرنے کا جواز ثابت ہوا [illegible] (۱۱۴) [illegible] جب وہ تم سے اپنا [illegible] کا حال

وَلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌ

اور نہ اپنے ہاتھ سے کچھ لکھتے تھے یوں تو باطل والے شک لاتے (۱۲۱) بلکہ وہ روشن آیتیں

بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا

ہیں ان کے سینوں میں جن کو علم دیا گیا (۱۲۲) اور ہماری آیتوں کا انکار نہیں کرتے مگر

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ

ظالم (۱۲۳) اور بولے (۱۲۴) کیوں نہ اتریں کچھ نشانیاں اس پر اس کے رب کی طرف سے (۱۲۵) تم کہو

اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ

نشانیاں تو اللہ ہی کے پاس ہیں (۱۲۶) اور میں تو یہی صاف ڈر سنانے والا ہوں (۱۲۷) اور کیا یہ اصل بس نہیں

اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّ

کہ ہم نے تم پر کتاب اتاری جو ان پر پڑھی جاتی ہے (۱۲۸) بے شک اس میں رحمت اور

ذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ

نصیحت ہے ایمان والوں کے لیے (۱۲۹) تم فرماؤ اللہ بس ہے میرے اور تمہارے درمیان گواہ (۱۳۰)

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَ

جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہ جو باطل پر یقین لائے اور

كَفَرُوْا بِاللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ

اللہ کے منکر ہوئے وہی نقصان میں ہیں (۱۳۱) اور تم سے عذاب کی جلدی کرتے ہیں (۱۳۲)

بقیہ حاشیہ ۲۳ ۔ مضمون بیان کریں (۱۱۵) حدیث شریف میں ہے جب اہل کتاب تم سے کوئی مضمون بیان کریں تو تم نہ ان کی تصدیق کرو نہ تکذیب کرو یہ کہہ دو کہ ہم اللہ تعالیٰ پر اور اس کی کتابوں پر اور اس سے پہلے جو کتابیں اتریں ایمان لائے تو کوئی مضمون انہوں نے غلط بیان کیا ہے تو اس کی تصدیق کے گناہ سے تم بچے رہو گے اور اگر مضمون صحیح ہو تو تم اس کی تکذیب سے محفوظ رہو گے (۱۱۶) قرآن پاک پہلے ان کی طرف توریت وغیرہ اتاری گئیں (۱۱۷) یعنی جنہیں توریت دی جیسے کہ حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے اصحاب قابل یہ توریت لکھتے ہیں اور حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے اصحاب مدینہ میں ایمان لائے اللہ تعالیٰ نے اس سے پہلے ان کی جو یہ بھی خبروں میں ہے (۱۱۸) یعنی اہل مکہ میں سے (۱۱۹) جو کفر میں نہایت سخت ہیں جو ان انکار کرتے ہیں جو معرفت کے بعد ہو یعنی یہاں بوجھ کر منکر ہوئے اور اللہ بھی یہی فرماتا کہ موت سے پہلے تھے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ صلی کے سچے نبی ہیں اور قرآن حق ہے یہ سب کچھ جانتے ہوئے انہوں نے عناداً انکار کیا (۱۲۰) قرآن کے نازل ہوتے (۱۲۱) یعنی اس لکھے پڑھے ہوتے (۱۲۲) یعنی اہل کتاب کہتے کہ ہماری کتابوں میں نبی آخر الزماں کی صفت یہ اور ہے کہ وہ امی ہوں گے نہ لکھیں گے نہ پڑھیں گے مگر تمہیں اس شک کا موقع ہی نہ ملا (۱۲۳) ضمیر ھو کا مرجع قرآن ہے اس صورت میں معنی یہ ہیں کہ قرآن کریم روشن آیتیں ہیں جو علماء اور حفاظ کے سینوں میں محفوظ ہیں روشن آیت ہونے کے یہ معنی کہ وہ ظاہراً اعجاز ہیں اور یہ دونوں باتیں قرآن پاک کے ساتھ خاص ہیں اور کوئی کتاب ایسی نہیں جو معجزہ ہو اور نہ ایسی کہ ہر زمانے میں سینوں میں محفوظ رہی ہو اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ھو کی ضمیر کا مرجع سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قرار دے کر آیت کے یہ معنی بیان فرمائے کہ سید عالم محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صاحب ہیں ان آیات بینات کے جو ان لوگوں کے سینوں میں محفوظ ہیں جنہیں اہل کتاب میں سے علم دیا گیا کیونکہ وہ اپنی کتابوں میں آپ کی نعت و صفت پاتے ہیں (۱۲۴) یعنی یہ وہ عناد کہ بعد ظہور معجزات کے بھی ناحق عناداً منکر ہوتے ہیں (۱۲۵) لفظ مکہ (۱۲۶) مثل ید حضرت صالح و عصائے حضرت موسیٰ اور مائدہ حضرت عیسیٰ کے علیہم الصلوٰۃ والسلام (۱۲۷) حسب حکمت جو چاہتا ہے نازل فرماتا ہے (۱۲۸) نافرمانی کرنے والوں کو عذاب کا ڈر سنانے والا ہوں ان کے بعد اللہ تعالیٰ کفار مکہ کے اس قول کا جواب ارشاد فرماتا ہے (۱۲۹) معنی یہ ہیں کہ قرآن کریم معجزہ ہے جو حقانیت کے معجزات سے مملو ہے اور تمام نشانیوں سے

وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

(۲۴) کہ وہ خوشی سے چمکتے ہوں گے (۲۵) [illegible] (۲۶) [illegible] (۲۷) [illegible] (۲۸) [illegible] (۲۹) [illegible] (۳۰) [illegible] (۳۱) [illegible] (۳۲) [illegible] (۳۳) کفار (۳۴) یعنی مسلمانوں پر [illegible] (۳۵) [illegible] (۳۶) [illegible] (۳۷) کہ ان کے احوال و اعمال پر [illegible] (۳۸) یعنی روز قیامت (۳۹) جیسا کافر دنیا میں مسلمانوں کی عزت و محبت [illegible] (۴۰) کفار کی ذلت و رسوائی اور شدت عذاب کو اور اس پر ہنستے ہیں (۴۱) یعنی ان اعمال کا جو مسلمانوں نے دنیا میں کئے تھے

سورۃ الانشقاق مکی ہے — بسم اللہ الرحمن الرحیم — پارہ ۳۰ — رکوع ۲۵

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ﴿۱﴾ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ۙ﴿۲﴾ وَ اِذَا الْاَرْضُ
جب آسمان شق ہو گا ۱ اور اپنے رب کا حکم سنے گا اور اسے سزاوار یہی ہے ۲ اور جب زمین دراز
مُدَّتْ ۙ﴿۳﴾ وَ اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ ۙ﴿۴﴾ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ۙ﴿۵﴾
کی جائے گی ۳ اور جو کچھ اس میں ہے وہ باہر ڈال دے گی اور خالی ہو جائے گی ۴ اور اپنے رب کا حکم سنے گی اور اسے سزاوار یہی ہے ۵
يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ﴿۶﴾ فَاَمَّا
اے آدمی بے شک تو اپنے رب کی طرف دوڑ دوڑ کر جا رہا ہے پھر اس سے ملنا ۶ تو وہ جو
مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ﴿۷﴾ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ﴿۸﴾
پہلا نامہ اعمال جب اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا ۷ اس سے عنقریب سہل حساب لیا جائے گا ۸
وَّ يَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۙ﴿۹﴾ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ
اور اپنے گھر والوں کی طرف خوش خوش لوٹے گا ۹ اور وہ جس کا نامہ اعمال اس کی پیٹھ کے پیچھے دیا جائے
ظَهْرِهٖ ۙ﴿۱۰﴾ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّ يَصْلٰى سَعِيْرًا ؕ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ
تو وہ عنقریب موت مانگے گا ۱۰ اور بھڑکتی آگ میں جائے گا ۱۱ بے شک وہ
فِيْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ﴿۱۳﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۚ﴿۱۴﴾ بَلٰۤى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ
اپنے گھر میں خوش تھا ۱۲ وہ سمجھا کہ اسے پھرنا نہیں ۱۳ ہاں کیوں نہیں ۱۴ بے شک اس کا رب

(۱) سورۂ انشقاق جس کو سورۂ انشقاق بھی کہتے ہیں مکہ میں نازل ہوئی یہ پچیس آیتیں ایک سو سینتالیس کلمات چار سو انیس حرف ہیں (۲) قیامت قائم ہونے کے وقت (۳) اپنے شق ہونے سے متعلق اس کی طاعت کرے (۴) اور اس پر ہوں کہ اس کے اندر کی چیزیں باہر پھینک دے (۵) اور اس کی طاعت کرے (۶) اس وقت انسان اپنے عمل کے نتائج دیکھے گا (۷) یعنی اس کے حضور حاضری کے لیے مراد اس سے موت ہے (مدارک) (۸) اور اپنے عمل کی جزا پائے گا (۹) اور وہ مومن ہے (۱۰) سہل حساب یہ ہے کہ اس پر اس کے اعمال پیش کیے جائیں اور اس کی طاعت و معصیت بتا دی جائے پھر طاعت پر ثواب اور معصیت سے تجاوز فرمایا جائے یہ سہل حساب ہے اس میں شدت مناقشہ نہ ہو جائے کہ اپنے اعمال سے عذر طلب ہو اس پر حجت قائم کی جائے کیونکہ جس سے مطالبہ کیا گیا اسے کوئی عذر ہاتھ نہ آئے گا اور وہ کوئی حجت نہ پائے گا سوا ہو گا (اللہ تعالیٰ مناقشہ حساب سے پناہ دے) (۱۲) گھر والوں سے مراد حوریں خواہ وہ حوریں ہوں یا انسانوں میں سے (۱۳) اپنی اس گمراہی پر (۱۴) اور وہ کافر ہے جس کا داہنا ہاتھ تو اس کی گردن کے ساتھ ملا کر طوق میں باندھ دیا جائے گا اور بایاں ہاتھ پس پشت کر دیا جائے گا اس میں اس کا نامہ اعمال دیا جائے گا اس عمل کو دیکھ کر وہ جہاں لے گا کہ وہ اہل نار میں سے ہے تو (۱۵) اور یا ثبور سے مراد ہلاکت کے معنی ہیں (۱۶) دنیا کے اندر (۱۷) اپنی خواہشوں اور شہوتوں میں اور متکبر و مغرور (۱۸) ہے رب کی طرف اور وہ مرنے کے بعد اٹھایا نہ جائے گا (۱۹) ضرور اپنے رب کی طرف رجوع کرے گا اور مرنے کے بعد اٹھایا جائے گا اور حساب کیا جائے گا

كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ۝١٩ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝١٨ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝١٧

اسے دیکھ رہا ہے تو مجھے قسم ہے شام کے اجالے کی (۱۸) اور رات کی اور جو چیزیں سمیٹ لیتی ہیں (۱۹)

وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۝١٩ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝٢٠ فَمَا لَهُمْ لَا

اور چاند کی جب پورا ہو (۲۰) ضرور تم سیڑھی پر سیڑھی چڑھو گے (۲۱) تو کیا ہوا ہے انہیں

يُؤْمِنُوْنَ ۝٢٠ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۝٢١ بَلِ

نہیں لاتے (۲۱) اور جب قرآن پڑھا جائے سجدہ نہیں کرتے (۲۲) بلکہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝٢٢ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝٢٣ فَبَشِّرْهُمْ

کافر جھٹلا رہے ہیں (۲۲) اور اللہ خوب جانتا ہے جو اپنے جی میں رکھے ہیں (۲۳) تو تم انہیں

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝٢٤ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝٢٥

دردناک عذاب کی بشارت دو (۲۴) مگر جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کے لئے وہ ثواب ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا

سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ ۲۰ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۲ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ بروج مکی اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے اس میں بائیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۝١ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۝٢ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ۝٣

قسم آسمان کی جس میں برج ہیں (۱) اور اس دن کی جس کا وعدہ ہے (۲) اور اس دن کی جو گواہ ہے اور اس دن کی جس میں

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۝٤ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۝٥ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا

مارے جاتے ہیں وہ کھائی والوں پر لعنت ہو (۴) اس آگ کی جو ایندھن والی ہے (۵) جب وہ اس کے

(۲۰) یہ سرخی کے بعد نمود ہوتا ہے جس کے بعد رات ہوتی ہے امام صاحب کے نزدیک وقت عشاء شفق ہوتا ہے یہی قول ہے شیخ مجاہد کا اور بعض علماء شفق سے سرخی مراد لیتے ہیں (۲۱) مثل جانوروں کے خوف میں منتشر ہوتے ہیں اور شب میں اپنے آشیانوں اور ٹھکانوں کی طرف چلے آتے ہیں اور مثل تاریکی کے اور ستاروں اور اعمال کے رات میں سمٹ جاتے ہیں مثل تہجد کے (۲۲) یا اس کا نور کامل ہو جائے اور یہ ایام بیض یعنی تیرھویں چودھویں پندرھویں تاریخوں میں ہوتا ہے (۲۳) یہ خطاب یا تو انسانوں کو ہے اس تقدیر پر معنی یہ ہیں کہ تمہیں حال کے بعد حال پیش آئے گا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ موت سے شدائد و اہوال پھر مرنے کے بعد قبر پھر موقف حساب میں پیش ہونا یہ بھی کہا گیا ہے کہ انسان کے حالات میں تدریج ہے ایک وقت دودھ پیتا بچہ ہوتا ہے پھر دودھ چھوٹتا ہے پھر لڑکپن کا زمانہ آتا ہے پھر جوان ہوتا ہے پھر بوڑھا ہوتا ہے اور ایک قول یہ ہے کہ یہ خطاب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہے آپ شب معراج ایک آسمان پر تشریف لے گئے پھر دوسرے پر اسی طرح دو جہان کے مرتبہ بمرتبہ منازل قرب میں واصل ہوئے بخاری شریف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ اس آیت میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حال بیان فرمایا گیا ہے معنی یہ ہیں آپ کو مشرکین پر فتح و ظفر حاصل ہوگی اور اسلام بہت بلند ہوگا آپ کفار کی سرکشی اور ان کی تکذیب سے غمگین نہ ہوں (۲۴) یعنی اب ایمان لانے میں کیا عذر ہے باوجود دلائل ظاہر ہونے کے کیوں ایمان نہیں لاتے (۲۵) مراد اس سے سجدہ تلاوت ہے شان نزول جب سورہ اقرأ میں وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ نازل ہوا تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھ کر سجدہ کیا مومنین نے آپ کے ساتھ سجدہ کیا اور کفار قریش نے سجدہ نہ کیا ان کے اس فعل کی برائی میں یہ آیت نازل ہوئی کہ کفار پر جب قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ سجدہ تلاوت نہیں کرتے مسئلہ اس آیت سے ثابت ہوا کہ سجدہ تلاوت واجب ہے سننے پر اور حدیث سے ثابت ہے کہ پڑھنے والے سننے والے دونوں پر سجدہ واجب ہو جاتا ہے قرآن کریم میں سجدہ کی چودہ آیتیں ہیں جن کو پڑھنے یا سننے سے سجدہ واجب ہو جاتا ہے خواہ سننے والے نے سننے کا ارادہ کیا ہو یا نہ کیا ہو مسئلہ سجدہ تلاوت کے لئے بھی وہی شرطیں ہیں جو نماز کے لئے مثل طہارت اور قبلہ رو ہونے اور ستر عورت وغیرہ کے مسئلہ سجدہ کے ادا و قضا کا اللہ اکبر کہنا چاہئے مسئلہ امام نے اپنا سجدہ پڑھا تو اس پر اور مقتدیوں پر اور جو شخص مقتدی نہ ہوا اس پر سجدہ واجب ہے مسئلہ سجدہ میں تین تسبیحیں پڑھنی چاہئیں کم از کم اتنے ہی

قُعُوْدٌ ۝ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ۝ وَمَا نَقَمُوْا

کنارے بیٹھے تھے ۝ اور وہ خود گواہ ہیں جو کچھ مسلمانوں کے ساتھ کر رہے تھے ۝ اور انہیں مسلمانوں

مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ

کا کیا برا لگا یہی کہ وہ ایمان لائے اللہ عزت والے سب خوبیوں والے پر ۝ کہ جس کے لئے ہے بادشاہی اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

زمین کی سلطنت ہے اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہے ۝ بے شک جنہوں نے

فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ

ایذا دی مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ۝ پھر توبہ نہ کی ۝ تو ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے ۝

وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور ان کے لئے جلنے کا عذاب ہے ۝ بے شک جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے

لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ۝ اِنَّ

ان کے لئے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں یہی بڑی کامیابی ہے ۝ بے شک

بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝ وَهُوَ الْغَفُوْرُ

تیرے رب کی گرفت بہت سخت ہے ۝ بے شک وہ پہلے کرے اور پھر کرے ۝ اور وہی ہے بخشنے والا بہت

الْوَدُوْدُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝ هَلْ اَتٰىكَ

پیار کرنے والا ۝ عزت والے عرش کا مالک ۝ بہت جو چاہے کر لینے والا ۝ کیا تمہارے پاس

بقیہ صفحہ ۱۰۶۳ = [illegible] ایک ہی آیت ایک محل میں [illegible] ہوا والتفصیل فی کتب العقلہ (تفسیر احمدی)

(۲۶) [illegible] (۲۷) [illegible] کریم صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] (۲۸) ان کے کفر و عناد

(۱) سورۂ بروج مکیہ ہے اس میں بیس آیتیں ایک سو اکہتر کلمے چار سو چوہتر حرف ہیں (۲) جس کی تعداد بارہ ہے اور ان میں عجائب حکمت الٰہی موجود ہیں آفتاب ماہتاب اور [illegible] ان میں ہمیں [illegible] ہے جس میں اختلاف نہیں ہوتا (۳) وعدہ روز قیامت ہے (۴) مراد اس سے روز جمعہ ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے (۵) آدمی اور رشتہ [illegible] اس سے [illegible] ہے (۶) مروی ہے کہ پہلے زمانہ میں ایک بادشاہ تھا جب اس کا جادوگر بوڑھا ہوا تو اس نے بادشاہ سے کہا کہ میرے پاس ایک [illegible] بچہ بھیجیں میں جادو سکھا دوں بادشاہ نے ایک لڑکا مقرر کر دیا وہ جادو سیکھنے لگا راہ میں ایک راہب رہتا تھا اس کے پاس بیٹھنے لگا اور اس کا کلام اس کے دل نشین ہو گیا [illegible] جانے اس نے راہب کی صحبت میں نشست مقرر کر لیا ایک روز راستہ میں ایک عجیب جانور ملا لڑکے نے ایک پتھر ہاتھ میں لے کر یہ دعا کی کہ یا رب اگر راہب تجھے پسند ہو تو میرے پتھر سے اس جانور کو ہلاک کر دے وہ جانور اس کے پتھر سے مر گیا اس کے بعد [illegible] مستجاب الدعوۃ ہو اور اس کی دعا سے کوڑھی اور اندھے اچھے ہونے لگے بادشاہ کا ایک مصاحب نابینا ہو گیا تھا تو وہ آیا لڑکے نے دعا کی وہ اچھا ہو گیا اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آیا اور بادشاہ کے دربار میں پہنچا اس نے کہا تجھے کس نے اچھا کیا کہا میرے رب نے بادشاہ نے کہا میرے سوا اور بھی کوئی رب ہے یہ کہہ کر اس پر سختیاں شروع کیں یہاں تک کہ اس نے لڑکے کا پتہ بتایا لڑکے پر سختیاں کیں اور اس نے راہب کا پتہ بتایا راہب پر سختیاں کیں اور اس سے کہلوا دیں رک کر اس نے انکار کیا اس کے سر پر آرا رکھ کر چیر دیا پھر مصاحب کو بھی چیر دیا پھر لڑکے کو حکم دیا کہ پہاڑ کی چوٹی سے گرا دیا جائے سپاہی اس کو پہاڑ کی چوٹی پر لے گئے اس نے دعا کی پہاڑ میں زلزلہ آیا سب گر کر ہلاک ہو گئے لڑکا سلامت چلا آیا بادشاہ نے کہا سپاہی کیا ہوئے کہا سب کو خدا نے ہلاک کر دیا پھر بادشاہ نے لڑکے کو سمندر میں غرق کرنے کے لئے بھیجا لڑکے نے دعا کی کشتی الٹ گئی تمام شاہی آدمی ڈوب گئے لڑکا سلامت بادشاہ کے پاس آ گیا بادشاہ نے کہا وہ آدمی کہاں ہیں لڑکے نے جواب کہا اللہ تعالیٰ نے مجھے نجات دی [illegible] تک [illegible] کرے جو میں بتاؤں [illegible] لڑکے نے کہا ایک میدان میں سب لوگوں کو جمع [illegible] اور مجھے کھجور کے ڈھنڈ پر سولی دے کر میرے ترکش سے ایک تیر نکال کر

حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿١٧﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿١٨﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ

لشکروں کی بات آئی ہے ﴿١٧﴾ فرعون اور ثمود کی ﴿١٨﴾ بلکہ وہ لوگ جو کافر ہیں جھٹلانے

تَكْذِيْبٍ ﴿١٩﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿٢٠﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ

میں ہیں ﴿١٩﴾ اور اللہ ان کے پیچھے سے انہیں گھیرے ہوئے ہے ﴿٢٠﴾ بلکہ وہ کمال شرف والا

مَّجِيْدٌ ﴿٢١﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿٢٢﴾

قرآن ہے لوح محفوظ میں

سورۃ الطارق مکیۃ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پارہ ۳۰

سورۂ طارق مکی ہے اس کے ۱۷ رکوع اور ستر آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿١﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿٢﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿٣﴾

آسمان کی قسم اور رات کو آنے والے کی ﴿١﴾ اور تجھے کیا معلوم کہ وہ رات کو آنے والا کیا ہے ﴿٢﴾ چمکتا ستارہ ﴿٣﴾

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿٤﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿٥﴾

کوئی جان نہیں جس پر نگہبان نہ ہو ﴿٤﴾ پس چاہیے کہ آدمی غور کرے کہ کس چیز سے بنایا گیا ﴿٥﴾

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿٦﴾ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿٧﴾

جست کرتے اچھلتے ہوئے پانی سے ﴿٦﴾ جو نکلتا ہے پیٹھ اور سینوں کے بیچ سے ﴿٧﴾

اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿٨﴾ يَّوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿٩﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ

بے شک اللہ اس کے واپس کرنے پر قادر ہے ﴿٨﴾ جس دن چھپی باتوں کی جانچ ہوگی ﴿٩﴾ تو آدمی کے پاس نہ کچھ زور ہوگا

بقیہ صفحہ ۱۰۶۴ = اسم اللہ رب العالمین سے کافر مجھے قتل کر سکے گا۔ شاہ نے اس بات کی تعمیل کرتے ہوئے لڑکے کی کنپٹی پر کلاس سے ہاتھ اس پر رکھا اور واصل بحق ہو گیا۔ یہ دیکھ کر تمام لوگ ایمان لے آئے۔ اس سے بادشاہ کو اور زیادہ صدمہ ہوا۔ اس نے بیک خندق کھدوائی اور اس میں آگ جلوائی اور حکم دیا جو دین سے پھرے اسے اس آگ میں ڈال دو۔ لوگ ڈالے گئے یہاں تک کہ ایک عورت آئی اس کی گود میں بچہ تھا وہ ذرا ہچکچائی بچہ نے کہا اے ماں صبر کر۔ گھبرا تو نہیں۔ یہ بچہ ماں کی مدد کے لئے بولا گیا۔ یہ حدیث صحیح ہے مسلم نے اس کی تخریج کی اس سے اولیاء کی کرامتیں ثابت ہوتی ہیں آیت میں اس واقعہ کا ذکر ہے (۷) یہ بیان ہے اخدود والوں کا آگ میں ڈال رہے تھے (۸) شاہد لوگ بادشاہ کے پاس آکر ایک دوسرے کے گواہی دیتے تھے کہ انہوں نے تعمیل حکم میں کوئی کمی نہیں کی ایمانداروں کو آگ میں ڈال دیا مروی ہے کہ جو مومن آگ میں ڈالے گئے اللہ تعالیٰ نے ان کے آگ میں پڑنے سے قبل ان کی روحیں قبض فرما لیں جنت دیں اور آگ سے خندق کے کناروں سے باہر نکل کر کنارے پر بیٹھے ہوئے کفار کو جلا دیا فائدہ اس واقعہ میں مومنین کو صبر اور اہل حق پر ایذاء رسانی کرنے والوں کی تعجیب فرمائی گئی (۹) آگ میں جلانا (۱۰) اور سچے کلمے سے باز نہ آنے (۱۱) آخرت میں بدلہ ان سے کفر کا (۱۲) دنیا میں کہ اس آگ سے نہیں جلا انکا یہ بدلہ ہے مسلمانوں کو آگ میں ڈالنے کا (۱۳) جب وہ عذاب کو غضب میں پکڑے (۱۴) یعنی پہلے دنیا میں پیدا کرے پھر قیامت میں اعمال کی جزا دینے کے لئے موت کے بعد دوبارہ زندہ کرے (۱۵) جس کو کافر انبیاء علیہم السلام کے مقابل لائے (۱۶) جو اپنے کفر کے سبب ہلاک کئے گئے (۱۷) اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کی امت کے (۱۸) آپ کو اور قرآن پاک کو جیسا کہ پہلے کافروں کا دستور تھا (۱۹) اس سے انہیں کوئی بچانے والا نہیں

(۱) سورۂ طارق مکیہ ہے اس میں ایک رکوع سترہ آیتیں اکسٹھ کلمے دو سو اناسی حرف ہیں (۲) یعنی ستارہ کی جو رات کو چمکتا ہے شان نزول ایک شب سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ابو طالب کچھ ہدیہ لائے حضور اس کو تناول فرما رہے تھے اس درمیان میں ایک تارا ٹوٹا اور تمام فضا آگ سے بھر گئی ابو طالب گھبرا کر کہنے لگے یہ کیا ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ستارہ ہے جس سے شیاطین مارے جاتے ہیں اور یہ قدرت الٰہی کی نشانیوں میں سے ہے ابو طالب کو اس سے تعجب ہوا اور یہ بات یاد رہی (۳) اس سورت کی طرف سے جو اس کے اعمال کی نگہبانی کرتے اور اس کی

وَّلَا نَاصِرٍ ۝١ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝٢ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝٣

نہ کوئی مددگار ۝۱۱ آسمان کی قسم جس سے مینہ اترتا ہے ۝۱۲ اور زمین کی جو اس سے کھلتی ہے ۝۱۳

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝١٣ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝١٤ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝١٥

بے شک قرآن صورِ فیصلہ کی بات ہے ۝۱۳ اور کوئی ہنسی کی بات نہیں ۝۱۴ بے شک کافر ایسا داؤں چلتے ہیں ۝۱۵

وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝١٦ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝١٧

اور میں ایسی تدبیر فرماتا ہوں ۝۱۶ تو تم کافروں کو ڈھیل دو ۝۱۷ انہیں کچھ تھوڑی مہلت دو ۝۱۸

سُوْرَةُ الْاَعْلٰى — مکیۃ — ۱۹ — ۸۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رکوعہا ۱

سورۃ اعلیٰ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے — اس میں انیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝١ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝٢ وَالَّذِيْ

اے رب اپنے رب کے نام کی پاکی بولو جو سب سے بلند ہے ۝۱ جس نے پیدا کر کے خلق کیا ۝۲ اور جس نے

قَدَّرَ فَهَدٰى ۝٣ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝٤ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۝٥

اندازہ پر رکھ کر راہ دی ۝۳ اور جس نے چارہ نکالا ۝۴ پھر اسے خشک سیاہ کر دیا ۝۵

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝٦ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا

اب ہم تمہیں پڑھائیں گے کہ تم نہ بھولو گے ۝۶ مگر جو اللہ چاہے ۝۷ بے شک وہ جانتا ہے ہر کھلے اور

يَخْفٰى ۝٧ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝٨ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝٩

چھپے کو ۝۸ اور ہم تمہارے لئے آسان کر دیں گے ۝۹ تو تم نصیحت فرماؤ ۝۱۰ اگر نصیحت کام دے ۝۱۱

(بقیہ صفحہ ۱۰۶۵) ... بدی سب لکھ لے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ مراد اس سے وہ ہے جانے کہ اس کا پیدا کرنے والا اس کو بعد موت جزا دے گا یا سزا دے گا پس اس کو ڈر جانے سے عمل کرنا چاہیے (۵) یعنی مرد و عورت کے ملنے سے جو منی ملتی ہے یک ادھر جاتے ہیں (۶) یعنی مرد کی پشت سے اور عورت کے سینہ کے مقام سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا سینہ کے اس مقام سے جہاں ہار پہنا جاتا ہے اور انہیں سے مستفاد ہے کہ عورت کی دونوں چھاتیوں کے درمیان سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ منی انسان کے تمام اعضاء سے برآمد ہوتی ہے اور اس کا زیادہ حصہ اوپر سے مردوں کی پشت میں آتا ہے اور عورت کے بدن سے اگلے حصہ میں سینہ کے مقام پر ہیں نازل ہوتا ہے اس لئے ان دونوں مقاموں کا ذکر خصوصیت سے فرمایا گیا (۷) یعنی موت کے بعد زندگی کی طرف لوٹانے پر (۸) چھپی باتوں سے مراد عقائد اور نیتیں اور وہ اعمال ہیں جن کو آدمی چھپاتا ہے اور قیامت اللہ تعالیٰ ان سب کو ظاہر کر دے گا (۹) یعنی آدمی جو منکر ہوتا ہے اس کو ایسی قوت ہوگی جس سے عذاب کو روک سکے اس کا کوئی ایسا مددگار ہوگا جو اسے بچا سکے (۱۰) جو ارضی پیداوار نباتات و اشجار کے لئے مثل باپ کے ہے (۱۱) اور نباتات کے لئے مثل ماں کے ہے اور یہ دونوں اللہ تعالیٰ کی عجیب نعمتیں ہیں اور ان میں قدرت الٰہی کے بے شمار آثار موجود ہیں جن میں غور کرنے سے آدمی بعث بعد الموت کے بہت دلائل ملتے ہیں (۲) کہ حق و باطل میں فرق و امتیاز کرتا ہے (۳) جو تجھی اور بے کار ہو (۱۴) اور دین الٰہی کے مٹانے اور نور حق کو بجھانے اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانے کے لئے طرح طرح کے دھوکے کرتے ہیں (۱۵) جس کی انہیں خبر نہیں (۱۶) اے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (۱۷) چند روز کی کہ وہ عنقریب ہلاک کئے جائیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا بدر میں انہیں عذاب الٰہی نے مارا ... (۱) سورۃ الاعلیٰ مکیہ ہے اس میں ایک رکوع انیس آیتیں بہتر کلمے دو سو اکہتر حرف ہیں (۲) یعنی اس کا ذکر عظمت و احترام کے ساتھ کرو حدیث میں ہے جب یہ آیت نازل ہوئی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو اپنے سجدہ میں داخل کرو یعنی سجدہ میں "سبحان ربی الاعلیٰ" کہو (ابوداؤد) (۳) یعنی ہر چیز کو پیدا کیا یعنی مناسب شکل عطا فرمائی ... کے علم و حکمت ... (۴) یعنی ... میں مقدر کیا اور اس کی طرف راہ دی یہ معنی ہیں کہ روزیاں مقدر کیں اور ان کے طریق سے راہ دی (۵) یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ
الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝
وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ
خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝

سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ ٨٨ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۝
عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ
اٰنِيَةٍ ۝ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ

ع ١٢ ١٣ ١٤ ١٥ ١٦ ١٧ ١٨ ١٩ ٢٠ ١ ٢ ٣ ٤ ٥ ٦ ٧ ٨ ٩ ١٠ ١١ ١٢ ١٣ ١٤ ١٥ ١٦ ١٧ ١٨ ١٩ ٢٠ ١ ٢ ٣ ٤ ٥ ٦ ٧ ٨ ٩ ١٠ ١١ ١٢ ١٣ ١٤ ١٥ ١٦ ١٧ ١٨ ١٩ ٢٠

ع ٣

مِنْ جُوْعٍ ۝٧ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۝٨ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝٩ فِيْ

کام دیں ف۷ کتنے ہی منہ اس دن چین میں ہیں ف۸ اپنی کوشش پر راضی ف۹

جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝١٠ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ۝١١ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝١٢ فِيْهَا

بلند باغ میں کہ اس میں کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے ف۱۰ اس میں رواں چشمہ ہے ف۱۱ اس میں

سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۝١٣ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ۝١٤ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ۝١٥ وَّ

بلند تختے ہیں ف۱۲ اور بچھے ہوئے کوزے ہیں ف۱۳ اور برابر برابر لگے ہوئے قالین ہیں ف۱۴ اور

زَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ۝١٦ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۝١٧

بچھی ہوئی چاندنیاں ف۱۵ تو کیا اونٹ کو نہیں دیکھتے کیسا بنایا گیا

وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ۝١٨ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ۝١٩ وَ

اور آسمان کو کیسا اونچا کیا گیا ف۱۶ اور پہاڑوں کو کیسے قائم کئے گئے ف۱۷ اور

اِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ۝٢٠ فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ۝٢١ لَسْتَ

زمین کو کیسے بچھائی گئی ف۱۸ تو تم نصیحت سناؤ ف۱۹ تم تو یہی نصیحت سنانے والے ہو تم کچھ

عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۝٢٢ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ۝٢٣ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ

ان پر کڑوے داروغہ نہیں ف۲۰ ہاں جو منہ پھیرے ف۲۱ اور کفر کرے ف۲۲ تو اسے اللہ بڑا عذاب

الْاَكْبَرَ ۝٢٤ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ۝٢٥ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ۝٢٦

دے گا ف۲۳ بے شک ہماری ہی طرف ان کا پھرنا ہے ف۲۴ پھر بے شک ہماری ہی طرف ان کا حساب ہے

(۶) یعنی ان سے نفع کا نفع حاصل نہ ہوگا کیونکہ غذا کے دو ہی فائدے ہیں ایک یہ کہ بھوک کی تکلیف رفع کرے دوسرے یہ کہ بدن کو فربہ کرے یہ دونوں وصف خاردار کے کھانے میں نہیں بلکہ وہ شدید عذاب ہے (۷) یعنی خوشی میں اور نعمت و کرامت میں (۸) یعنی اس عمل و طاعت پر جو دنیا میں بجا لائے تھے (۹) پہنچنے کے کنارے پر جن کے دیکھنے سے بھی مدت حاصل ہو اور جب چاہیں تو وہ گھر سے ملیں (۱۰) اس سورت میں جنت کی نعمتوں کا ذکر ان کفار کے تعجب کیا اور جھٹلانے کے تعجب کیا اور اللہ تعالیٰ انہیں اپنے عجائب صنعت میں نظر کرنے کی دعوت فرماتا ہے تاکہ وہ سمجھیں کہ جس قادر حکیم نے ایسی ایسی عجیب و غریب چیزیں پیدا کی ہیں اس کی قدرت سے جنتی نعمتوں کا پیدا فرمانا کسی طرح محال نہیں و الحق اللہ ہو سکتا ہے چنانچہ ارشاد فرماتا ہے (۱۱) بغیر ستون کے (۱۲) اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور اس کے کامل قدرت بیان فرما کر (۱۳) کہ جبر و (بدوالآیۃ کمت آیۃ القتال) (۱۴) یہاں لانے سے (۱۵) بعد نصیحت کے (۱۶) آخرت میں کہ سے جہنم میں داخل کرے گا (۱۷) بعد موت کے

سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ ٨٩ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — رُكُوْعُهَا ١

سورۃ فجر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے — اس میں تیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَالْفَجْرِ ۝١ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۝٢ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۝٣ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۝٤

اس صبح کی قسم ف۱ اور دس راتوں کی ف۲ اور جفت اور طاق کی ف۳ اور رات کی جب چل دے ف۴

هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ۝٥ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ

کیوں اس میں عقلمند کے لئے قسم ہوئی ف۵ کیا تم نے نہ دیکھا ف۶ تم نے کہ تمہارے رب نے عاد کے ساتھ

بِعَادٍ ۝٦ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝٧ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝٨

کیا کیا وہ ارم جو ستون والے ف۷ کہ ان جیسا شہروں میں پیدا نہ ہوا ف۸

وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝٩ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْاَوْتَادِ ۝١٠

اور ثمود جنہوں نے وادی میں ف۹ پتھر کی چٹانیں کاٹیں ف۱۰ اور فرعون کہ چوبیں کرتا (سخت سزائیں دیتا) ف۱۱

الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝١١ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۝١٢ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ

جنہوں نے شہروں میں سرکشی کی ف۱۲ پھر ان میں بہت فساد پھیلایا ف۱۳ تو ان پر تمہارے

رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝١٣ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝١٤ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ

رب نے عذاب کا کوڑا برسایا ف۱۴ بے شک تمہارے رب کی طرف سے گھات میں ہیں لیکن آدمی تو جب اسے

اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ۝١٥

اس کا رب آزمائے کہ اس کو جاہ اور نعمت دے جب تو کہتا ہے میرے رب نے مجھے عزت دی

(۱) سورۂ والفجر مکیہ ہے اس میں ایک رکوع تیس آیتیں ایک سو اناسی کلمے پانچ سو سنانوے حرف ہیں (۲) مراد اس سے یا یکم محرم کی صبح ہے جس سے سال شروع ہوتا ہے یا یوم النحر کی صبح جس سے دس راتیں ملی ہوئی ہیں یا عید کی صبح اور بعض مفسرین نے فرمایا کہ مراد اس سے ہر دن کی صبح ہے کیونکہ وہ رات کے گزرنے اور روشنی کے ظاہر ہونے اور تمام جانداروں کے طلب رزق کے لئے منتشر ہونے کا وقت ہے اور یہ مردوں کے قبروں سے نکلنے کے وقت کے ساتھ مشابہت و مناسبت رکھتا ہے (۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ مراد اس سے ذی الحجہ کی پہلی دس راتیں ہیں کیونکہ یہ راتیں اعمال حج میں مشغول ہونے کا زمانہ ہے اور حدیث شریف میں اس عشرہ کی بہت فضیلتیں وارد ہوئی ہیں اور یہ بھی مروی ہے کہ رمضان کے عشرہ اخیرہ کی راتیں مراد ہیں یا محرم کے پہلے عشرہ کی (۴) جفت سے یا ان راتوں کے پالنہاروں کے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جفت سے مراد خلق اور طاق سے مراد اللہ تعالیٰ ہے (۵) یعنی گزرے یہ پانچوں قسم ہے عام رات کی اس سے پہلے دس خاص راتوں کی قسم ذکر فرمائی گئی بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ اس سے خاص شب عرفہ مراد ہے جس میں بندگان خدا طاعات الٰہی کے لئے جمع ہوتے ہیں ایک قول یہ ہے کہ اس سے شب قدر مراد ہے جس میں رحمت کا نزول ہوتا ہے اور جو کثرت ثواب کے لئے مخصوص ہے (۶) یعنی یہ امور ارباب عقل کے نزدیک ایسی عظمت رکھتے ہیں کہ خود ان کو ان کے ساتھ موکد کرنا شایاں ہے کیونکہ یہ ایسے عجائب و دلائل پر مشتمل ہیں جو اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی ربوبیت پر دلالت کرتے ہیں اور جواب قسم یہ ہے کہ کافر ضرور عذاب کئے جائیں گے اس جواب پر اگلی آیتیں دلالت کرتی ہیں (۷) یعنی عاد عام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (۸) جن کے قد بہت دراز تھے انہیں عاد ارم اور عاد اولیٰ کہتے ہیں مقصود اس سے اہل مکہ کو خوف دلانا ہے کہ عاد اولیٰ جن کی عمریں بہت زیادہ اور قد بہت طویل اور نہایت قوی و توانا تھے انہیں اللہ تعالیٰ نے ہلاک کر دیا تو یہ کافر اپنے آپ کو کیا سمجھتے ہیں اور عذاب الٰہی سے کیوں بے خوف ہیں (۹) اور قوت اور طول قامت میں عاد کے بیٹوں میں سے شداد بھی ہے جس نے دنیا پر بادشاہت کی اور تمام بادشاہ اس کے مطیع ہو گئے اور اس نے جنت کا نقشہ کرنے کا ارادہ کیا جنت بنائی اور اس ارادہ سے ایک شہر عظیم بنایا جس کے محل سونے چاندی کی اینٹوں سے تعمیر کئے گئے اور زبرجد اور یاقوت کے ستون اس کی عمارتوں میں نصب ہوئے اور جیسے نقش و نگار مکانوں اور ستونوں میں بنائے گئے سنگ مرمر کی جگہ آبدار موتی بچھائے گئے محل کے گرد جواہرات پر سونے چاندی کی کھیتی قسم قسم کے درخت حسن تزئین کے

وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ﴿۱۶﴾

اور جب آزماتا ہے اور اس پر تنگی کرتا ہے تو کہتا ہے میرے رب نے مجھے ذلیل کیا

كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۱۸﴾

نہیں وہ بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے ۔ اور نہ تم مسکین کے کھلانے کی رغبت دیتے

وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ كَلَّآ

اور میراث کا مال سب سمیٹ کر کھا جاتے ہو ۔ اور مال کی بہت محبت رکھتے ہو ۔ ہاں ہاں

اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾

جب زمین ٹکڑا ٹکڑا ریزہ ریزہ کر دی جائے گی ۔ اور تیرا رب اور فرشتے قطار قطار

وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍۢ بِجَهَنَّمَ ۙ يَوْمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ

اور اس دن جہنم لائی جائے گی ۔ اس دن آدمی سوچے گا ۔ اور اسے کہاں

الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ ﴿۲۴﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ

یاد آئے گا ۔ کہے گا اے کاش میں نے اپنے جینے کے لیے کچھ بھیجا ہوتا ۔ تو اس دن اس کا سا عذاب

عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ

۲۳ کوئی نہیں کرتا ۔ اور اس کا سا باندھنا کوئی نہیں باندھتا ۔ اے اطمینان والی

الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِيْ

جان ۔ اپنے رب کی طرف واپس آ ۔ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی ۔ پھر میرے

بقیہ صفحہ ۱۰۶۹ = ساتھ کا سے گئے جب یہ تمہارے ... شاہ ... یہاں ... کے ساتھ ... روانہ ہوئے ... ایک منزل فاصلہ باقی رہا تو آسمان سے ایک ہولناک آواز آئی جس سے اللہ تعالیٰ نے ان سب کو ہلا دیا ۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ کے ... میں پہنچے ہوئے اونٹ کی تلاش ... ہوئے ... شہر میں پہنچے اور اس ... تمام ... وہاں سے لے کر چلے آئے ۔ یہ خبر امیر معاویہ کو معلوم ہوئی ... میں ... دریافت کیا ... تمام قصہ سنایا ... امیر معاویہ نے ... کو بلا کر دریافت کیا کہ کیا ... کوئی ایسا شہر ہے ... ہلاک ہو گئے ان میں سے کوئی باقی نہ رہا ۔ اور آپ کے ... میں ایک مسئلہ ... ہے ۔ جسم قصیر اللحیۃ جس کی ابرو پر ایک تل ہو گا اپنے اونٹ کی تلاش میں داخل ہو گا پھر عبداللہ بن قلابہ ... فرمایا ... (۱۰) یعنی وادی القریٰ میں (۱۱) اور سوال ... نہیں اللہ تعالیٰ نے کس طرح ... کیا (۱۲) اس کو جس پر غضبناک ہوتا تھا اب ... (۱۳) اور معصیت و گمراہی میں ... عبادت کی حد سے گزر گئے (۱۴) کفر اور قتل اور ظلم کر کے (۱۵) یعنی عزت و دولت ... یہ اس کی حکمت ہے کبھی ... کو دولت دیتا ہے کبھی بندہ مخلص کو فقر میں مبتلا کرتا ہے عزت و ذلت طاعت و معصیت پر ہے کفار اس حقیقت کو نہیں سمجھے (۱۶) اور باوجود دولت مند ہونے کے ان کے ساتھ اچھے سلوک نہیں کرتے اور انہیں ان کے حقوق نہیں دیتے جس کے وارث ... مال لے ... کے پاس قدامہ بن مظعون یتیم تھے وہ انہیں ان کا حق نہیں دیتا تھا (۱۷) اور حلال و حرام کا اختیار نہیں کرتے اور عورتوں اور بچوں کو ورثہ نہیں دیتے ان کے حصے خود کھا جاتے ہو جاہلیت میں یہی دستور تھا (۱۸) اس کو خرچ کرنا نہیں چاہتے (۱۹) اور اس پر پہاڑ اور عمارت کی چیز کا نام و نشان نہ رہے (۲۰) جسم کی مٹی برابر ہو جائے گی ہر پاک پر ستر ہزار فرشتے جمع ہو کر اس کو گھیریں گے اور وہ جوش و غضب میں ہوں گی یہاں تک کہ فرشتے اس کو عرش کے بائیں جانب لائیں گے اس روز سب نفسی کہتے ہوں گے سوائے حضور پرنور حبیب خدا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور یا رب نفسی امتی فرماتے ہوں گے جسم حضور سے عرض کرے گی کہ اے سید عالم محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کا میرا آپ کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو مجھ پر انعام کیا ہے (جمل)

فِيْ عِبٰدِيْ ﴿٢٩﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿٣٠﴾

تو اس بندوں میں داخل ہو اور میری جنت میں آ

سُوْرَةُ الْبَلَدِ ٩٠ مَكِّيَّةٌ ٣٥ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٢٠ | رُكُوْعُهَا ١

سورۃ بلد مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے | اس میں بیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿١﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿٢﴾ وَوَالِدٍ وَّ

مجھے اس شہر کی قسم ہے کہ اے محبوب تم اس شہر میں تشریف فرما ہو اور باپ کی قسم اور

مَا وَلَدَ ﴿٣﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ﴿٤﴾ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ

اس کی اولاد کی کہ ہم نے آدمی کو مشقت میں رہتا پیدا کیا کیا آدمی یہ سمجھتا ہے کہ ہرگز اس

يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ﴿٥﴾ يَّقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿٦﴾ اَيَحْسَبُ اَنْ

پر کوئی قدرت نہیں پائے گا کہتا ہے میں نے ڈھیر مال برباد کر دیا کیا آدمی یہ سمجھتا ہے کہ اسے

لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ﴿٧﴾ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ﴿٨﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ﴿٩﴾

کسی نے نہ دیکھا کیا ہم نے اس کی دو آنکھیں نہ بنائیں اور زبان اور دو ہونٹ

وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ﴿١٠﴾ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ﴿١١﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا

اور اسے دو بھری بلندیوں کی راہ بتائی پھر اس نے گھاٹی میں نہ کودا اور تو نے کیا جانا وہ گھاٹی کیا

الْعَقَبَةُ ﴿١٢﴾ فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿١٣﴾ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ﴿١٤﴾ يَّتِيْمًا

ہے کسی بندے کی گردن چھڑانا یا بھوک کے دن کھانا دینا رشتہ دار

[illegible]

(۱) سورۂ بلد مکیہ ہے اس میں ایک رکوع بیس آیتیں بیاسی کلمے تین سو تیس حرف ہیں (۲) اے محمد (۳) اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ عظمت مکہ مکرمہ و سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکت اور ان کی بدولت حاصل ہوئی (۴) اے قریش یہ کہنے والے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اولاد سے آپ کی امت مراد ہے (۵) کہ عمل میں ایک گھڑی تاریک مکان میں [illegible] معاش اور حیات و موت کی مشقتوں کو برداشت [illegible] (۶) یہ آیت ابو الاشد اسید بن [illegible] کے حق میں نازل ہوئی وہ نہایت قوی اور زور آور تھا اور اس کی طاقت کا یہ عالم تھا کہ چمڑے پاؤں سے نیچے دبا لیتا تھا اس میں اس آدمی اس کو کھینچ کر اور پیٹ پر لٹا کر [illegible] جاتا مگر جتنا اس کے پاؤں کے نیچے ہوتا پھر کر نہ نکل سکتا اور ایک یہ قول ہے کہ یہ آیت [illegible] حق میں نازل ہوئی معنی یہ ہیں کہ یہ اپنی قوت پر مغرور [illegible] کو سمجھتا ہے کہ اس کے مکان میں ہے اللہ قادر برحق کی قدرت تو نہیں جانتا اس کے بعد اس کا مقولہ نقل فرمایا (۷) سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عداوت میں لوگوں اور شوکتیں دے دے کر تاکہ حضور کو آزار پہنچائیں (۸) یعنی کیا اس کا یہ گمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نہیں دیکھا اور اللہ تعالیٰ اس سے نہیں سوال کرے گا کہ اس نے یہ مال کہاں سے حاصل کیا اس کا خرچ کیا اس کے بعد اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں کا ذکر فرماتا ہے کہ اس کو عبرت حاصل کرنے کا موقع ملے (۹) جس سے دیکھتا ہے (۱۰) جس سے بولتا ہے اور اپنے دل کی بات بیان کرتا ہے (۱۱) جس سے منہ کو بند کرتا ہے اور کھانے اور پینے اور چھونے میں اس سے کام لیتا ہے (۱۲) یعنی بھلائیوں کی کہ پیدا ہونے کے بعد ماں سے دودھ پینا اور غذا حاصل کرنا اور ہدایت دی کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ظاہر ہوئیں ان کا شکر لازم (۱۳) یعنی اعمال صالحہ جو ان جلیل نعمتوں کا شکر ادا کرنا ہے اس کو گھاٹی میں کودنے سے تعبیر فرمایا اس مناسبت سے کہ اس راہ میں چلنا نفس پر شاق ہے (ابو السعود) (۱۴) اور اس میں کودنا کیا یعنی اس سے کس کے جاہلی معنی مراد نہیں بلکہ اس کی تفسیر وہ ہے جو اگلی آیتوں میں ارشاد ہوتی ہے (۱۵) [illegible] سے خود اس طرح ہو کہ کسی غلام کو آزاد کرے یا اس طرح [illegible] جس سے وہ آزادی حاصل کر سکے، کسی غلام کو آزاد کرنے میں

ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿١٥﴾ أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿١٦﴾ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِينَ

یتیم کو یا خاک نشین مسکین کو ف۱۷ پھر ہو ان سے جو ایمان لائے

آمَنُوا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿١٧﴾ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ

ف۱۸ اور انھوں نے آپس میں صبر کی وصیتیں کیں ف۱۹ اور آپس میں مہربانی کی وصیتیں کیں ف۲۰ یہ وہی طرف

الْمَيْمَنَةِ ﴿١٨﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ﴿١٩﴾

والے ہیں ف۲۱ اور جنھوں نے ہماری آیتوں سے کفر کیا وہ بائیں طرف والے ف۲۲

عَلَيْهِمْ نَارٌ مُؤْصَدَةٌ ﴿٢٠﴾

ان پر آگ ہے کہ اس میں بند کر کے اور بند کر دی گئی ف۲۳

ع ۱ ۱۵ ۲۰

سُورَةُ الشَّمْسِ ۹۱ مَكِّيَّةٌ ۲۶

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

سورۂ شمس مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے یہ پندرہ آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا ﴿١﴾ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا ﴿٢﴾ وَالنَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا ﴿٣﴾

سورج اور اس کی روشنی کی قسم اور چاند کی جب اس کے پیچھے آئے ف۱ اور دن کی جب اسے چمکائے ف۲

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا ﴿٤﴾ وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا ﴿٥﴾ وَالْأَرْضِ وَمَا طَحَاهَا ﴿٦﴾

اور رات کی جب اسے چھپائے ف۳ اور آسمان اور اس کے بنانے والے کی قسم اور زمین اور اس کے پھیلانے والے کی قسم

وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا ﴿٧﴾ فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا ﴿٨﴾ قَدْ أَفْلَحَ

اور جان کی اور اس کی جس نے اسے ٹھیک بنایا ف۴ پھر اس کی بدکاری اور اس کی پرہیزگاری دل میں ڈالی ف۵ بے شک مراد کو پہنچا

بقیہ صفحہ ۱۰۷۱ ... (۱۶) یعنی قحط و بدحالی کے وقت ... مال لٹانا جس پر بہت شاق اور اجر عظیم کا موجب ہوتا ہے (۱۷) جو بہت تنگ دست اور درماندہ ہو اس کے پاس اوڑھنے کو ہو نہ بچھانے کو حدیث شریف میں ہے یتیموں اور مسکینوں کی مدد کرنے والا جہاد میں سعی کرنے والے اور بے تکان شب بیداری کرنے والے اور مدام روزہ رکھنے والے کی مثل ہے (۱۸) یعنی یہ تمام عمل جب مقبول کرنے والا ایماندار ہو اور جب ہی ہیں کہ کہا جائے گا کہ گناہ میں کود اور کرایاں دار کیں تو کچھ نہیں سب عمل بیکار (۱۹) معصیتوں سے دور رہے اور طاعتوں کے بجالانے اور ان مشقتوں کے برداشت کرنے پر جن میں مومن مبتلا ہو (۲۰) کہ مومنین ایک دوسرے کے ساتھ شفقت و محبت کا برتاؤ کریں (۲۱) جنہیں ان کے نامہ اعمال داہنے ہاتھ میں دیئے جائیں گے اور عرش کے داہنے جانب سے جنت میں داخل ہوں گے (۲۲) کہ انہیں ان کے نامہ اعمال بائیں ہاتھ میں دیئے جائیں گے اور عرش کے بائیں جانب سے جہنم میں داخل کئے جائیں گے (۲۳) کہ نہ اس میں باہر سے ہوا آئے نہ اندر سے دھواں باہر جائے

(۱) سورۂ الشمس مکیہ ہے اس میں ایک رکوع پندرہ آیتیں چوبیس کلمے دو سو بیالیس حرف ہیں (۲) یعنی غروب آفتاب کے بعد طلوع کرنے والے قمر کی چاند کے پہلے پندرہ دن میں ہوتا ہے (۳) یعنی آفتاب کو خوب واضح کرے کیونکہ دن اور آفتاب کا نام ہے جتنا دن زیادہ روشن ہوگا اتنا ہی آفتاب کا ظہور زیادہ ہوگا کیونکہ نیکی قوت اور اس کا کمال موثر کے قوت و کمال پر دلالت کرتا ہے یہ معنی ہیں کہ جب دن دنیا کو پورا روشن کرے یا شب کی تاریکی کو دور کرے (۴) یعنی آفتاب کو اور آفاق ظلمت و تاریکی سے بھر جائیں یہ معنی کہ جب رات دنیا کو چھپائے (۵) اور قوائے کثیرہ عطا فرمائے نطق سمع بصر فکر جمیل علم فہم سب کچھ عطا فرمایا (۶) خیر و شر اور طاعت و معصیت سے اسے باخبر کر دیا اور نیک و بد بتلا دیا

مَنْ زَكّٰىهَا ۝٩ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝١٠ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

جس نے اسے پاک کیا ۝٩ اور نامراد ہوا جس نے اسے خسیس میں چھپایا ۝١٠ ثمود نے اپنی سرکشی

بِطَغْوٰىهَا ۝١١ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝١٢ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

سے جھٹلایا ۝١١ جب کہ اس کا سب سے بدبخت فساد اٹھ کھڑا ہوا ۝١٢ تو ان سے اللہ کے رسول نے فرمایا

نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝١٣ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۚ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ

اللہ کی ناقہ کو اور اس کی پینے کی باری سے بچو ۝١٣ تو انھوں نے اسے جھٹلایا پھر اونٹنی کو پیچھے کاٹ دیں تو ان پر ان کے رب نے ان کے

رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝١٤ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝١٥

گناہ کے سبب ۝١٤ تباہی ڈال کر وہ بستی برابر کر دی ۝١٥ اور اس کے بدلہ کرنے کا اسے خوف نہیں ۝١٦

سُوْرَةُ اللَّيْلِ ۝ مَكِّيَّةٌ ۝ ٩ ۝ ٢١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ لیل مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝١ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝٢ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ

اور رات کی قسم جب چھا جائے ۝١ اور دن کی جب چمکے ۝٢ اور اس کی جس نے نر و

وَالْاُنْثٰٓى ۝٣ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝٤ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝٥

مادہ بنایا ۝٣ بے شک تمہاری کوشش مختلف ہے ۝٤ تو وہ جس نے دیا ۝٥ اور پرہیزگاری کی ۝٦

وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝٦ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝٧ وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ

اور سب سے اچھی کو سچ مانا ۝٦ تو عنقریب ہم اسے آسانی مہیا کر دیں گے ۝٧ اور وہ جس نے بخل کیا ۝٨

(۷) یعنی نفس کو (۸) برائیوں سے (۹) اپنے اصل حضرت صالح علیہ السلام کو (۱۰) تکذیب سابقہ سب کی مرضی سے ناقہ کی کونچیں کاٹنے کے لئے (۱۱) حضرت صالح علیہ السلام (۱۲) کے دشمن ہوئے (۱۳) یعنی جو حصہ اس کے پینے کا مقرر ہے اس اور پانی میں عرض نہ کرو گا۔ ہم پر عذاب نہ آئے (۱۴) یعنی حضرت صالح علیہ السلام کی تکذیب اور ناقہ کی کونچیں کاٹنے کے سبب (۵) اور سب کو ہلاک کر دیا ان میں سے کوئی نہ بچا (۱۶) جیسا بادشاہوں کو ہوتا ہے کیونکہ وہ مالک الملک ہے جو چاہے کرے کسی کو مجال دم زدن نہیں بعض مفسرین نے اس کے معنی یہ بھی بیان کئے ہیں کہ حضرت صالح علیہ السلام کو ان میں سے کسی کا خوف نہیں کہ نزول عذاب کے بعد ہمیں ایذا پہنچائے

(۱) مورخ اوالیل لکھے ہے اس میں ایک روح ایسی آیتیں اکتر لئے ہیں سورۂ حرف ہیں (۲) جہاں پر اپنی تاریکی سے کہ وہ وقت ہے خلق کے سکون کا ہر جاندار اپنے ٹھکانے پر آتا ہے اور حرکت و اضطراب سے ساکن ہوتا ہے اور مقبولان حق صدق نیاز سے مشغول مناجات ہوتے ہیں (۳) اور رات کے اندھیرے کو دور کرے کہ وہ وقت ہے سوتوں کے بیدار ہونے کا اور جانداروں کے حرکت کرنے کا اور طلب معاش میں مشغول ہونے کا (۴) کا اور عظیم القدرت (۵) لیک ہی پال سے (۶) یعنی تمہارے اعمال جدا گانہ ہیں کوئی طاعت بجا کر جنت کے لئے عمل کرتا ہے کوئی نافرمانی کر کے جہنم کے لئے (۷) اپنا مال راہ خدا میں اور اللہ تعالیٰ کے حق کو ادا کیا (۸) ممنوعات و محرمات سے بچا (۹) یعنی ملت اسلام کو (۱۰) جنت کے لئے اور اسے یہی خصلت کی توفیق دیں گے اور اس کے لئے سب آسانی درست ہو اور وہ ایسے عمل کرے جس سے اس کا رب راضی ہو (۱۱) اور مال نیک کاموں میں خرچ نہ کیا اور اللہ تعالیٰ کے حق ادا نہ کئے

وَاسْتَغْنٰى ۙ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۙ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۙ وَمَا

اور بے پروا بنا ۱۷ اور سب سے بھلی کو جھٹلایا ۱۸ تو اسے ہم عنقریب سختی میں پہنچا دیں گے ۱۹ اور

يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۗ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۖ وَاِنَّ لَنَا

اس کا مال اسے کام نہ دے گا جب ہلاکت میں پڑے گا ۲۰ بے شک ہدایت فرمانا ۲۱ ہمارے ذمہ ہے اور بے شک آخرت

لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۗ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۗ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۙ

اور دنیا والوں کے لئے ہمارے ہی ہاتھ ہے ۲۲ تو میں تمہیں ڈراتا ہوں اس آگ سے جو بھڑک رہی ہے ۲۳ داخل نہ ہوگا اس میں مگر بڑا بدبخت

الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۗ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۙ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ

جس نے جھٹلایا ۲۴ اور منہ پھیرا ۲۵ اور اس سے دور رکھا جائے گا جو سب سے بڑا پرہیزگار ۲۶ جو اپنا مال دیتا ہے کہ

يَتَزَكّٰى ۗ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۙ اِلَّا ابْتِغَآءَ

ستھرا ہو ۲۷ اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں کہ بدلہ دیا جائے ۲۸ صرف اپنے رب کی

وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۗ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۗ

رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے ۲۹ اور بے شک قریب ہے کہ وہ راضی ہوگا ۳۰

سُوْرَةُ الضُّحٰى — مکیۃ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — آیاتہا ۱۱ رکوعہا ۱

سورۃ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے — اسمیں گیارہ آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَالضُّحٰى ۗ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۗ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۗ

چاشت کی قسم ۱ اور رات کی جب پردہ ڈالے ۲ کہ تمہیں نہ چھوڑا تمہارے رب نے نہ بغض رکھا

(۱۲) ثواب اور نعمت آخرت سے (۱۳) یعنی علم اسلام (۱۴) یعنی ان خصلت والے کے لئے دشواری و شدت کا سبب ہو اور اسے جہنم میں پہنچانے شان نزول یہ آیتیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور امیہ بن خلف کے حق میں نازل ہوئیں جن میں سے ایک حضرت صدیق اتقی ہیں اور دوسرا امیہ اشقی امیہ بن خلف حضرت بلال کو جو اس کی ملک میں تھے ان سے منحرف کرنے کے لئے طرح طرح کی تکلیفیں دیتا تھا اور انتہائی ظلم اور سختیاں کرتا تھا ایک روز حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ امیہ نے حضرت بلال کو گرم ریت پر ڈال کر تپتے ہوئے پتھر ان کے سینہ پر رکھے ہیں اور اس حال میں کلمہ ایمان ان کی زبان پر جاری ہے آپ نے امیہ سے فرمایا اے بدنصیب یک خدا پرست پر یہ سختیاں اس نے کہا آپ کو اس کی تکلیف ناگوار ہو تو خرید لیجئے آپ نے گراں قیمت پر ان کو خرید کر آزاد کر دیا اس پر یہ سورت نازل ہوئی اس میں بیان فرمایا گیا کہ تمہاری کوششیں مختلف ہیں یعنی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کوشش اور امیہ کی اور حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ رضائے الٰہی کے طالب ہیں امیہ حق کی دشمنی میں اندھا (۱۵) مر کر گور میں جائے گا یا قعر جہنم میں پہنچے گا (۱۶) یعنی حق اور باطل کی راہوں کو واضح کر دیا اور حق پر دلائل قائم کر کے بطور احکام بیان فرمایا (۱۷) بطریق لزوم و دوام (۱۸) رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو (۱۹) ایمان سے (۲۰) اللہ تعالیٰ کے نزدیک یعنی اس کا خرچ کرنا ریا و نمائش سے پاک ہے (۲۱) شان نزول جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت بلال کو بہت گراں قیمت پر خرید کر آزاد کیا تو کفار کو حیرت ہوئی اور انہوں نے کہا حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایسا کیوں کیا شاید بلال کا ان پر کوئی احسان ہوگا جو انہوں نے اتنی گراں قیمت دے کر خرید اور آزاد کیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور ظاہر فرمایا گیا کہ حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ عمل محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہے کسی کے احسان کا بدلہ نہیں اور نہ ان پر حضرت بلال وغیرہ کا کوئی احسان ہے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہت سوں کو ان کے اسلام کے سبب خرید کر آزاد کیا (۲۲) اس نعمت و کرم سے جو اللہ تعالیٰ ان کو جنت میں عطا فرمائے گا

(۱) سورۃ والضحیٰ مکی ہے اس میں ایک رکوع گیارہ آیتیں چالیس کلمے ایک سو بہتر حرف ہیں شان نزول ایک مرتبہ ایسا اتفاق ہوا کہ چند روز وحی نہ آئی تو کفار نے بطریق طعن کہا کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو ان کے رب نے چھوڑ دیا اور مکروہ خیال پر دلالت نازل ہوئی (۲) جس وقت کہ آفتاب بلند

وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝٤ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ

اور بے شک پچھلی حالت تمہارے لئے پہلی سے بہتر ہے ۝٤ اور عنقریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں دے گا کہ

فَتَرْضٰى ۝٥ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝٦ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝٧

تم راضی ہو جاؤ گے ۝٥ کیا اس نے تمہیں یتیم نہ پایا پھر ٹھکانا دیا ۝٦ اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی ۝٧

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝٨ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝٩ وَاَمَّا السَّآئِلَ

اور تمہیں عیال مند پایا پھر غنی کر دیا ۝٨ تو یتیم پر دباؤ نہ ڈالو ۝٩ اور مانگنے والے کو

فَلَا تَنْهَرْ ۝١٠ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝١١

جھڑکو نہیں ۝١٠ اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو ۝١١

سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ ۔ مکیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

آیاتہا ۸

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝١ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝٢ الَّذِيْٓ

کیا ہم نے تمہارا سینہ کشادہ نہ کیا ۝١ اور تم پر سے تمہارا وہ بوجھ اتار لیا ۝٢ جس نے

اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝٣ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝٤ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٥

تمہاری پیٹھ توڑ دی تھی ۝٣ اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کر دیا ۝٤ تو بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے ۝٥

اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٦ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝٧ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝٨

بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے ۝٦ تو جب تم فارغ ہو تو دعا میں محنت کرو ۝٧ اور اپنے رب ہی کی طرف رغبت کرو ۝٨

بقیہ صفحہ ۱۰۷۴ = ہو کیونکہ یہ وقت وہی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنے کلام میں مشرف کیا اور اسی وقت جادوگر سجدے میں گرے مسئلہ چاشت کی نماز سنت ہے اور اس وقت آفتاب کے بلند ہونے سے لے کر زوال تک ہے امام صاحب کے نزدیک چاشت کی نماز دو رکعتیں ہیں یا چار رکعت اسلام کے ساتھ بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ یہ سورج کے دن مراد ہے (۳) اور اس کی تاریکی عام ہو جائے امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ چاشت سے مراد وہ چاشت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا بعض مفسرین نے فرمایا کہ چاشت سے اشارہ ہے نور جمال مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف اور شب سے مراد ہے آپ کے گیسوئے عنبریں سے (روح البیان) (۴) یعنی آخرت دنیا سے بہتر کیونکہ وہاں آپ کے لئے مقام محمود و حوض مورود و جاہ و عز اور تمام انبیاء اور ان پر مقدم اور آپ کی امت کا تمام امتوں پر گواہ ہونا اور آپ کی شفاعت سے مومنین کے مرتبے اور درجے بلند ہونا اور بے انتہا نعمتیں اور کرامتیں ہیں جو بیان میں نہیں آتیں اور مفسرین نے اس کے یہ معنی بیان فرمائے ہیں کہ آپ کے احوال آپ کے لئے گزشتہ سے بہتر اور برتر ہیں گویا۔ حق تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ روز بروز آپ کے درجے بلند کرے گا اور عزت پر عزت اور منصب پر منصب زیادہ فرمائے گا اور ساعت بساعت آپ کے مراتب ترقیوں میں رہیں گے (۵) دنیا و آخرت میں (۶) اللہ تعالیٰ کا پیارے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ وعدہ ہے ان نعمتوں کو بھی شامل ہے جو آپ کو دنیا میں مطلقاً مثل شمس اور علوم لدنیہ و آخرین اور ظہور امر اور اعلائے دین اور وہ فتوحات جو عہد مبارک میں ہوئیں اور عہد صحابہ میں ہوئیں اور تا قیامت مسلمانوں کو ہوتی رہیں گی اور دعوت کا عام ہونا اور اسلام کا مشارق و مغارب میں پھیل جانا اور آپ کی امت کا بہترین امم ہونا اور آپ کے وہ کرامات و کمالات جن کا اللہ تعالیٰ عالم ہے اور آخرت کی عزت و تکریم کو بھی شامل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو شفاعت عامہ و خاصہ اور مقام محمود وغیرہ جلیل نعمتیں عطا فرمائیں مسلم شریف کی حدیث میں ہے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں دست مبارک اٹھا کر امت کے حق میں دعا کر کے عرض کیا "اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ" اللہ تعالیٰ نے جبرئیل کو حکم دیا کہ محمد (مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی خدمت میں جا کر دریافت کرو روئے کا کیا سبب ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ دانا ہے جبرئیل نے حسب حکم حاضر ہو کر دریافت کیا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں تمام حال بتایا اور غم امت کا اظہار کیا اللہ تعالیٰ نے جبرئیل سے فرمایا کہ جا کر عرض کیا کہ تیرے حبیب یہ فرماتے ہیں باوجودیکہ وہ خوب جاننے والا ہے

بقیہ صفحہ نمبر ۱۰۹۷ پر

سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ ۹۵ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۸ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ تین مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے — اس میں آٹھ آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝١ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝٢ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝٣

انجیر کی قسم اور زیتون کی ۲ اور طور سینا کی ۳ اور اس امان والے شہر کی ۴

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝٤ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ

بے شک ہم نے آدمی کو اچھی صورت پر بنایا ۵ پھر اسے ہر برائی سے نیچی حالت

سٰفِلِيْنَ ۝٥ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ

کی طرف پھیر دیا ۶ مگر جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے کہ انھیں بے حد

غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝٦ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝٧ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝٨

ثواب ہے ۷ تو اب وہ کیا چیز تجھے انصاف کے بارے میں جھٹلاتی ہے ۸ کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں

سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ ۹۶ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۹ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ علق مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے — اس میں انیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝١ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝٢

پڑھ اپنے رب کے نام سے ۲ جس نے پیدا کیا ۳ آدمی کو خون کی پھٹک سے بنایا

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝٣ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝٤ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا

پڑھ اور تیرا رب ہی سب سے بڑا کریم ۴ جس نے قلم سے لکھنا سکھایا ۵ آدمی کو سکھایا جو

(۱) سورۂ التین مکی ہے اس میں پندرہ نوع آیات ہیں ۔ (۲) تین زیتون طور سینا ۔ (۳) یہ وہ پہاڑ ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا اور یہاں جگہ کا نام ہے جہاں پہاڑ واقع ہے ۔ (۴) یعنی مکہ مکرمہ کی (۵) یعنی بڑھاپے کی طرف جب کہ بدن ضعیف اعضاء ناکارہ عقل ناقص ہو جاتے ہیں جدید میں بھی بڑھاپے میں ضروریات انجام دینے میں مجبور ہو جاتا ہے یہ معنی ہیں کہ جب میں سے اچھی شکل و صورت میں پیدا کیا ۔ (۶) کچھ ضعف بڑھاپے کے باعث وہ جوانی کی طرح نیک طاعتیں نہ کر سکیں جو ان کے عمل کو ہو جائیں لیکن کرم الٰہی سے انہیں وہی اجر ملے گا جو شباب اور قوت کے زمانہ میں عمل کرنے سے ملتا تھا اور جو عمل ان کے لکھے جائیں گے (۷) اس بیان قاطع و برہان ساطع کے بعد اے کافر (۸) اور تو اللہ تعالیٰ کی قدرت نہیں دیکھتے کہ ہر چیز کو بہتر صورت و اچھا بنایا ۔ (۱) سورۂ اقرأ اس سورۂ علق بھی کہتے ہیں اس میں ایک رکوع انیس آیتیں ہیں سب سے پہلی وحی جو آنحضرت پر نازل ہوئی وہ یہی پانچ آیتیں ہیں ۔ (۲) یعنی قرأت کی ابتدا اللہ تعالیٰ کے نام سے ہو اس تقدیر پر آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ قرأت کی ابتدا بسم اللہ سے مستحب ہے (۳) تمام خلق کو (۴) یعنی پڑھنے کا حکم آپ کے لئے ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ دوبارہ قرأت کا حکم ہے مراد یہ ہے کہ بار بار پڑھئے (۵) اس سے تعلیم کتابت مراد ہے یا تعلیم کتابت مراد ہے یا تعلیم کتابت مراد ہے یا تعلیم کتابت مراد ہے

لَمْ يَعْلَمْ ۝٥ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝٦ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰٓى ۝٧ اِنَّ

نہ جانتا تھا ۝ ہاں ہاں بے شک آدمی سرکشی کرتا ہے ۝ کہ وہ اپنے آپ کو غنی سمجھ لیا ۝ بیشک

اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝٨ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۝٩ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝١٠

تمہارے رب ہی کی طرف پھرنا ہے ۝ بھلا دیکھو تو جو منع کرتا ہے ۝ بندے کو جب وہ نماز پڑھے ۝

اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ۝١١ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰٓى ۝١٢ اَرَءَيْتَ

بھلا دیکھو تو اگر وہ ہدایت پر ہوتا ۝ یا پرہیزگاری بتاتا تو کیا خوب تھا ۝ بھلا دیکھو تو

اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰٓى ۝١٣ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝١٤ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ

اگر جھٹلایا ۝ اور منہ پھیرا ۝ تو کیا حال ہوگا کیا نہ جانا ۝ کہ اللہ دیکھ رہا ہے ۝ ہاں ہاں اگر باز

يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۝١٥ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۝١٦ فَلْيَدْعُ

آیا ۝ تو ضرور ہم پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچ لیں گے ۝ کسی پیشانی جھوٹی خطا کار ۝ تب پکارے

نَادِيَهٗ ۝١٧ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۝١٨ كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝١٩

اپنی مجلس کو ۝ ابھی ہم سپاہیوں کو بلاتے ہیں ۝ ہاں ہاں اس کی نہ سنو اور سجدہ کرو ۝ اور ہم سے قریب ہو جاؤ

سُوْرَةُ الْقَدْرِ ۝ ۹۷ ۝ مَكِّيَّةٌ ۝ ۲۵ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيٰتُهَا ۝ ۵ — رُكُوْعُهَا ۝ ۱

سورۂ قدر مکی ہے ۝ اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ۝ اس میں پانچ آیتیں اور ایک رکوع ہے

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝١ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝٢

بے شک ہم نے اسے ۝ شب قدر میں اتارا ۝ اور تم نے کیا جانا کیا ہے شب قدر

(۷) آدمی سے مراد یہاں حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور انہیں سکھایا سے مراد علم اسماء اور ایک قول یہ ہے کہ انسان سے مراد یہاں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں آپ کو اللہ تعالیٰ نے جمیع انبیاء کے علوم عطا فرمائے (معالم وخازن) (۸) یعنی عصمت کا سبب دینی محبت اور مال پر تکبر ہے یہ آیتیں ابوجہل کے حق میں نازل ہوئیں اس کو مال ہاتھ آگیا تھا تو اس نے لباس اور سواری اور کھانے پینے میں تکلفات شروع کئے اور اس کا غرور اور تکبر بہت بڑھ گیا (۸) یعنی انسان کو یہ بات پیش نظر رکھنی چاہئے اور سمجھنا چاہئے کہ اسے اللہ کی طرف رجوع کرنا ہے تو سرکشی و طغیان اور غرور و تکبر کا انجام عذاب ہوگا (۹) شان نزول یہ آیت بھی ابوجہل کے حق میں نازل ہوئی اس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نماز پڑھنے سے منع کیا تھا اور لوگوں سے کہا تھا کہ اگر میں انہیں ایسا کرتا دیکھوں گا تو (معاذ اللہ) گردن پاؤں سے کچل ڈالوں گا اور چہرہ خاک میں ملا دوں گا پھر وہ اسی ارادہ فاسدہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نماز پڑھتے میں آیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قریب پہنچ کر الٹے پاؤں پیچھے بھاگا تھا آگے بڑھتے ہوئے جیسے کوئی کسی مصیبت کو روکنے کے لئے ہاتھ آگے بڑھاتا ہے چہرہ کا رنگ اڑ گیا اعضاء کانپنے لگے لوگوں نے کہا کیا حال ہے کہنے لگا میرے اور محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے درمیان ایک خندق ہے جس میں آگ بھری ہوئی ہے اور وحشت ناک پر مارنے پھیلائے ہوئے ہیں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر وہ میرے قریب آتا تو فرشتے اس کا عضو عضو جدا کر ڈالتے (۱۰) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو (۱۱) یہاں ماننے سے (۱۲) ابوجہل نے (۱۳) اس کے فعل کو یہاں جزا دے گا (۱۴) سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ ماننے والوں اور آپ کی تکذیب سے (۱۵) اور اس کو جہنم میں ڈالیں گے (۱۶) شان نزول جب ابوجہل نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نماز سے منع کیا تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو سختی سے ڈانٹا تو اس پر اس نے کہا کہ آپ مجھے ڈراتے ہیں خدا کی قسم میں آپ کے مقابل تو جوان سواروں اور پیدلوں سے اس جنگل کو بھر دوں گا آپ جانتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں مجھ سے زیادہ جتھے اور محفل والا کوئی نہیں ہے (۱۷) یعنی عذاب کے فرشتوں کو حدیث شریف میں ہے کہ اگر وہ اپنی مجلس کو بلاتا تو فرشتے اس کو بلا ملال گرفتار کرتے (۱۸) یعنی نماز پڑھتے رہو

(۱) سورۂ القدر مدنی ہے بقول کلبی ہے اس میں ایک کم پانچ آیتیں تیس کلمے ایک سو بارہ حرف ہیں (۲) یعنی قرآن مجید کو نوح محفوظ سے آسمان دنیا کی طرف یکبارگی (۳) شب قدر شرف و برکت والی رات ہے اس کو شب قدر اس لئے کہتے ہیں کہ اس شب میں عمل بھلے کے اعمال کئے جاتے ہیں اور

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ

شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے ۝ اس میں فرشتے اور جبرئیل

